فَوْقَ مضاف رُءُ وْسِ مضاف نا ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر فوق کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ ظرف ثَابِتَةٌ شبہ فعل کی، شبہ فعل اپنے هِيَ ضمیر مستتر فاعل وظرف سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم سَمَاءٌ نکرہ مبتدا موخر، خبر مقدم و مبتدا موخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۶۰۔ فِي الْمَصَانِعِ عُمَّالٌ: کارخانوں میں کئی مزدور ہیں۔

فِيْ حرف جار الْمَصَانِعِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثابتون۔ شبہ فعل کے شبہ فعل میں هُمْ ضمیر فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم عُمَّالٌ مبتدا موخر، خبر مقدم و مبتدا موخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۶۱۔ فِي الْمَزَارِعِ كَلْبٌ: کھیتوں میں کتا ہے۔

Marfat.com

فِیْ حرف جار الْمَزَارِعِ مجرور۔ جار مجرور مل کے متعلق ثَابِتٌ شبہ فعل کے، شبہ فعل اسم فاعل میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم کَلْبٌ مبتدا مؤخر، خبر مقدم اور مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۶۲۔ تَحْتَ الْأَرْضِ مَاءٌ: زمین کے نیچے پانی ہے۔

تَحْتَ مضاف الْأَرْضِ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ ظرف مَوْجُوْدٌ شبہ فعل کی، شبہ فعل اسم مفعول میں ھو ضمیر مستتر نائب الفاعل شبہ فعل اپنے نائب الفاعل و ظرف سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم اور مَاءٌ مبتدا مؤخر، خبر مقدم اور مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۶۳۔ مَا أَجِدُ صَبِيًّا فِي الدَّارِ: میں کسی بچے کو گھر میں نہیں پاتا۔

ما نافیہ اَجِدُ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل۔ صَبِيًّا(1) مفعول بہ فی حرف جار الدَّارِ مجرور، جار مجرور مل کر متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۶۴۔ فِي كُلِّ يَوْمٍ حَادِثَةٌ: ہر دن میں ایک حادثہ ہے۔

فِي حرف جار كُلِّ مضاف يَوْمٍ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتَةٌ شبہ فعل کے، شبہ فعل اپنے هِيَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم حَادِثَة مبتدا مؤخر، خبر مقدم اور مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

---

1۔ صَبِيًّا موصوف بھی بن سکتا ہے۔

Marfat.com

# سبق نمبر 12 کی تراکیب

۱۔ واللّٰہِ أَسَدٌ: قسم بخدا یہ شیر ہے۔

واؤ جارہ برائے قسم لفظ اللّٰہ اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا اُقْسِمُ فعل مقدر کا۔ اُقسم فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل وظرف مستقر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم أسدٌ خبر مبتدا محذوف ھٰذا کی، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر جواب قسم۔

۲۔ نَظَرْتُ اِلَی الْمَرِیْضِ فَاِذَا هُوَ:

اصل میں فَاِذَا هُوَ مَیِّتٌ تھا نَظَرْتُ فعل با فاعل الی حرف جار المریضِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

ف مستانفہ اذا مفا جاتیہ مفعول فیہ مقدم شبہ فعل محذوف مَیِّتٌ کا، هُوَ مبتدا اور مَیِّتٌ محذوف اس کی خبر، مَیِّتٌ شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل ومفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۔ نِعْمَ الفَاتِحُ صَلَاحُ الدِّیْنِ: اچھا فاتح ہے صلاح الدین۔

(i) نِعْمَ فعل از افعال مدح جامد الفاتح فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔ صَلَاحُ الدین خبر مبتدا محذوف هُوَ کی۔ مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ بالمدح۔

(ii) جملہ فعلیہ انشائیہ خبر مقدم، صلاح الدین مبتدا مؤخر خبر مقدم ومبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

(iii) نِعْمَ الفاتِحُ۔ جملہ فعلیہ۔ صلاح الدین مبتدا جس کی خبر المَمْدُوحُ محذوف ہے۔

۴۔ بِئْسَ الْعَادَةُ خُلْفُ الْوَعْدِ: بری عادت ہے وعدہ کی خلاف ورزی۔

Marfat.com

بِئْسَ فعل جامد اَلْعَادَۃُ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ خَلْفُ مضاف الْوَعْدِ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا محذوف ھُوَ کی۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۵۔ اِرْحَمْ عَلَى الْمِسْكِيْنِ الْبَائِسْ: تو مسکین پر رحم کر جو مفلس ہے۔

اِرْحَمْ فعل امر حاضر معروف مذکر مخاطب اس میں انت ضمیر وجوباً مستتر فاعل علی حرف جار المسکین موصوف البائس شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا محذوف ھُوَ کی، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر صفت، موصوف صفت مل کر مجرور، جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

۶۔ ثَبَاتٌ فِيْ شِدَّتِيْ: میرا کام سختی میں ثابت قدم رہنا ہے۔

ثَبَاتٌ شبہ فعل فی حرف جار شدۃ مضاف ی ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر مجرور، جار مجرور مل کر متعلق ثبات شبہ فعل کے، شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر خبر مبتدا محذوف اَمْرِیْ کی۔ اَمْرُ مضاف ی ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مبتدا، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۷۔ فِيْ ذِمَّتِيْ لَأَرْحَمَنَّ عَلَى الْيَتِيْمِ: بخدا میرے ذمہ ہے کہ میں ضرور یتیم پر رحم کروں گا۔

فی حرف جار ذمّۃ مضاف ی ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار مجرور مل کر متعلق ثابت شبہ فعل کے، شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم، یَمِیْنٌ محذوف مبتدا موخر، خبر مقدم و مبتدا موخر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر قسم لَأَرْحَمَنَّ فعل مضارع معروف واحد متکلم موکد بلام و نون ثقیلہ، اس میں اَنَا ضمیر وجوباً مستتر فاعل علی حرف جار الیتیم مجرور، جار مجرور مل کر ظرف لغو، فعل اپنے فاعل و ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب قسم۔

۸۔ يَمِيْنُ اللّٰهِ لَأُنْصِفَنَّ الْمَظْلُوْمَ: اللہ کی قسم میں ضرور مظلوم کے ساتھ انصاف کروں گا۔

Marfat.com

یَمِیْنُ مضاف لفظ اللہ اسم جلالت مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مبتدا جس کی خبر محذوف قَسَمِیْ ہے۔ قَسَمُ مضاف ی ضمیر مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر قسم لَأُنْصِفَنَّ فعل مضارع معروف مؤکد بلام ونون تاکید ثقیلہ اس میں أنا ضمیر مستتر وجوبًا فاعل المظلوم مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب قسم۔

۹۔ لَوْلَا النِّیْلُ لَکَانَتْ مِصْرُ قَفْرًا: اگر نیل نہ ہوتا تو مصر چٹیل میدان ہوتا۔

لَوْلَا حرف شرط النِّیْلُ مبتدا جس کی خبر مَوْجُوْد محذوف ہے۔ موجود شبہ فعل اسم مفعول اپنے ھو ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر شرط۔ لام مفتوح برائے جواب شرط۔ کانت فعل از افعال ناقصہ مِصْرُ اس کا اسم قَفْرًا خبر فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب شرط۔

۱۰۔ کُلُّ عَمَلٍ وَجَزَاءُہٗ: ہر عمل اور اس کی جزا ساتھ ہیں۔

کُلُّ مضاف عمل مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ جزاء مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مبتدا خبر محذوف مُقْتَرِ نَانِ کا مُقْتَرِنَانِ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُمَا ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۱۔ اِحْتِرَامِی التلمیذَ مُھَذَّبًا: میرا طالب علم کا احترام کرنا اس حال میں ہے کہ وہ مہذب ہو۔

اصل میں احترامی التلمیذ حَاصِلٌ اذا کَانَ مھذبًا تھا اِحْتِرَام مصدر مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ اس کا فاعل التِّلْمِیْذَ مفعول بہ اِحْتِرامُ شبہ فعل مضاف اپنے مضاف الیہ فاعل ومفعول سے مل کر مبتدا حَاصِلٌ شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اِذَا ظرفیہ مضاف کَانَ فعل تام اس میں ھُوَ ضمیر ذوالحال مُھَذَّبًا شبہ فعل اسم مفعول اپنے ھُوَ ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔ فعل تام اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ

Marfat.com

مفعول فیہ حَاصِلٌ شبہ فعل کا۔ شبہ فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۲۔ اَکْثَرُ حُبِّیَ الزَّهْرَةَ نَاضِرَةً: میری محبت زیادہ ہے پھول سے اس حال میں کہ وہ تروتازہ ہو۔ اصل میں اَکْثَرُ حُبِّیَ الزَّهْرَةَ حَاصِلٌ اِذَا كَانَتْ نَاضِرَةً ہے۔

اَکْثَرُ شبہ فعل مضاف حُبّ مصدر مضاف ی ضمیر مضاف الیہ اس کا فاعل الزَّهْرَة مفعول بہ۔ شبہ فعل مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ فاعل اور مفعول بہ سے مل کر اَکْثَرُ شبہ فعل کا مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مبتدا حَاصِلٌ شبہ فعل اسم فاعل اذا ظرفیہ مضاف كانت فعل تام اس میں هِیَ ضمیر مستتر ذوالحال نَاضِرَةً شبہ فعل اسم فاعل اپنے هِیَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر اِذَا کا مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ حَاصِلٌ شبہ فعل کا۔ شبہ فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۳۔ اِجْتَنِبِ اللَّئِيمَ الْخَسِيسَ: کمینے شخص سے دور رہ جو گھٹیا ہے۔

اِجْتَنِبْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر اس میں انتَ ضمیر وجوبا مستتر فاعل۔ اللَّئِيمَ موصوف اَلْخَسِيسُ خبر مبتدا محذوف هُوَ کی۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۴۔ بِئْسَ الْمَالُ الْحَرَامُ: برا ہے مال حرام

بِئْسَ فعل ماضی جامد برائے ذم اَلْمَالُ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔ اَلحرام خبر مبتدا محذوف هُوَ کی۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۵۔ عَزْمٌ ثَابِتٌ فِي عُنُقِي:

عَزْمٌ موصوف ثَابِتٌ شبہ فعل اس میں هُوَ ضمیر مستتر فاعل فی حرف جار عُنُق مضاف ی ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ فی کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر خبر مبتدا محذوف اَمْرِی کی۔ اَمْرِ مضاف ی ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ۔ مبتدا۔ مبتدا خبر مل کر

Marfat.com

اسمیہ خبریہ۔

۱۶۔ لَأَعْطِفَنَّ عَلَی الْبَائِسِیْنَ: میں ضرور مفلسوں پر مہربانی کروں گا۔

لَأَعْطِفَنَّ فعل مضارع معروف مؤکد بلام ونون ثقیلہ صیغہ واحد متکلم اس میں أَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل علی حرف جار اَلْبَائِسِیْنَ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب قسم۔ اور اس سے پہلے وَاللّٰہِ قسم محذوف ہے۔ و اللّٰہ واؤ جارہ برائے قسم لفظ اللّٰہ اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق اُقْسِمُ فعل کے۔ اُقْسِمُ فعل اپنے أنا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم۔

۱۷۔ اَلْجُنْدِیُّ وَسِلَاحُہٗ: سپاہی اور اس کا اسلحہ ساتھ ساتھ ہیں۔

اَلْجُنْدِیُّ معطوف علیہ واؤ عاطفہ۔ سِلَاحُ مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مبتدا، جس کی خبر مُقْتَرِنَانِ محذوف ہے مقترنان شبہ فعل اپنے ھما ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۸۔ لَعَمْرُکَ لَأُخْلِصَنَّ لک الوُدَّ: تیری عمر کی قسم میں تیرے لیے محبت کو ضرور خالص کروں گا۔

لام ابتدائیہ لا محل لھا فی الاعراب عَمْرُ اَصْلُھَا عُمَرُ مضاف کَ ضمیر مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ مبتدا جس کی خبر قَسَمِیْ یا یَمِیْنِیْ محذوف ہے۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر قسم۔ لَأُخْلِصَنَّ فعل مضارع معروف مؤکد بلام تاکید ونون ثقیلہ واحد متکلم اس میں أنا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل لام جارہ کَ ضمیر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے اَلْوُدَّ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب قسم۔

Marfat.com

# سبق نمبر 13 کی تراکیب

۱۔ کَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا: آپ کا رب قدرت والا ہے۔

کان فعل از افعال ناقصہ رَبُّ مضاف ک ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ کان کا اسم۔ قَدِیْرًا شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۲۔ مَازَالَ الشَّجَرُ مُثْمِرًا: درخت پھل دار رہا۔

مَازَالَ فعل از افعال ناقصہ الشَّجَرُ اس کا اسم مُثْمِرًا شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۳۔ کَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا: اللہ تعالیٰ جاننے والا ہے۔

کان فعل از افعال ناقصہ لفظ اللّٰہ اسم جلالت اس کا اسم عَلِیْمًا شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۴۔ کَانَ الْمَاءُ بَارِدًا: پانی ٹھنڈا تھا۔

کَانَ فعل ناقص الْمَاءُ اس کا اسم۔ بَارِدًا شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۵۔ کَانَ اللّٰهُ وَلَمْ يَكُنْ غَيْرُهٗ:

کَانَ تامہ بمعنی ثبت فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب لفظ اللّٰہ اسم جلالت ذوالحال واوَ حالیہ لم جازمہ یَکُنْ فعل از فعال ناقصہ غَیْرُہٗ مضاف بامضاف الیہ اسم۔ مَوْجُوْدًا خبر محذوف فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال۔ ذوالحال وحال مل کر فاعل، فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۶۔ وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ: اگر مقروض تنگ دست ہو تو مہلت

Marfat.com

دوا سے خوشحال ہونے تک۔

واؤ عاطفہ اِنْ شرطیہ کان تامہ فعل ماضی معروف ذُو مضاف عُسْرَۃٍ مضاف الیہ، مضاف بامضاف الیہ کَانَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط۔ ف جزائیہ نَظِرَۃٌ شبہ فعل اِلٰی حرف جار مَیْسَرَۃٍ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھِیَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر۔ مبتدا محذوف فالْوَاجِبُ کی، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جزا(1)۔

۷۔ مَا کَانَ اَحْسَنَ زَیْدًا: زید کتنا اچھا ہے۔

(2)ما بمعنی نکرہ تامہ بمعنی شیء مبتدا کان زائدہ احسن فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر وجوبا پوشیدہ فاعل زیدًا مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

۸۔ وَاِنَّ مِنْ اَفْضَلِھِمْ کَانَ زَیْدًا:

و مستانفہ یا عاطفہ۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل مِن حرف جار افضل شبہ فعل اسم تفضیل مضاف اس میں ھُمْ ضمیر پوشیدہ جو راجع ہے موصوف مقدر الرِّجَال یا رجال کی طرف۔ ھُمْ ضمیر مضاف الیہ۔ شبہ فعل اسم تفضیل اپنے مضاف الیہ و فاعل سے مل کر الرجال یا رجال مقدر موصوف کی صفت۔ موصوف صفت مل کر مِنْ کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثابت شبہ فعل مقدر کے۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر مقدم کان زائدہ زیدًا اسم مؤخر۔ اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ (البشیر الکامل صفحہ 108)۔

۹۔ کَانَ الشَّجَرُ مُثْمِرًا: درخت پھل دار ہوگیا۔

کَانَ فعل ناقص بمعنی صَارَ فعل ناقص الشَّجَرُ اس کا اسم مُثْمِرًا خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

---

1۔ فالواجب مبتدا محذوف ہے۔ یا فعلیکم خبر محذوف بھی ہوسکتی ہے یا فتجب فعل کا نَظِرَۃٌ فاعل بھی ہوسکتا ہے۔
2۔ البشیر شرح نحو میر صفحہ 182۔

Marfat.com

۱۰۔ لَمْ اَكُ بَغِيًّا: میں بدچلن نہیں۔

لَمْ جازمہ اَكُ فعل از افعال ناقصہ واحد متکلم اس میں انا ضمیر مستتر اس کا اسم بَغِيًّا شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۱۔ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝

جن لوگوں نے اہل کتاب میں سے کفر کیا (وہ) اور مشرکین (کفر سے) الگ ہونے والے نہ تھے جب تک نہ آجائے ان کے پاس روشن دلیل۔

لَمْ جازمہ يَكُنْ فعل از افعال ناقصہ الذین اسم موصول کفروا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب واؤ جمع فاعل من حرف جار اھل مضاف الکتاب مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ المشرکین معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر من کا مجرور، جار مجرور مل کر متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ۔ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر لم یکن کا اسم۔ مُنْفَكِّيْنَ شبہ فعل اسم فاعل حتی حرف جار اس کے بعد اَنْ ناصبہ مقدر تَاْتِيَ فعل مضارع معروف واحد مونث غائب ھُمْ ضمیر مفعول بہ اَلْبَيِّنَةُ تَاْتِيَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر حتی جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق مُنْفَكِّيْنَ شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھُمْ ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر لم یکن اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

لَمْ يَكُنْهُ۔ لم يَكُنْ فعل مضارع مجزوم ناقص اس میں ھُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم ہٗ ضمیر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۲۔ صَارَ الْمَاءُ جَلِيْدًا: پانی جم گیا۔

صَارَ فعل ناقص اَلْمَاءُ اس کا اسم جَلِيْدًا شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

۱۳۔صَارَ الْعِنَبُ نَاضِجًا: انگور پک گیا۔

صَارَ فعل ناقص اَلْعِنَبُ اس کا اسم نَاضِجًا شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۴۔اَصْبَحَ التِّلْمِيْذُ مُصَلِّيًا: طالب علم نے صبح کے وقت نماز پڑھی۔

اَصْبَحَ فعل ناقص التِّلْمِيْذُ اس کا اسم مُصَلِّيًا شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۵۔اَمْسٰى الطِّفْلُ بَاكِيًا: بچہ شام کے وقت رونے لگا۔

اَمْسٰى فعل ناقص الطِّفْلُ اس کا اسم بَاكِيًا شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۶۔اَضْحٰى الْفَلَّاحُ مُسْتَرِيْحًا: کسان بوقت چاشت آرام پانے والا ہوا۔

اَضْحٰى فعل ناقص الْفَلَّاحُ اس کا اسم مُسْتَرِيْحًا شبہ فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۷۔ظَلَّ الْفَارِسُ ذَاهِبًا: شاہ سوار دن کے وقت گیا۔

ظَلَّ فعل ناقص الْفَارِسُ اس کا اسم ذَاهِبًا شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۸۔بَاتَ الْمَرِيْضُ نَائِمًا: مریض رات کے وقت سویا۔

بَاتَ فعل از افعال ناقصہ الْمَرِيْضُ اس کا اسم نَائِمًا شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۹۔ اَمْسَى الْغُبَارُ ثَائِرًا: غبار اڑنے والا ہو گیا۔

اَمْسٰى بمعنی صَارَ الْغُبَارُ ذوالحال ثَائِرًا شبہ فعل اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۰۔فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖۤ اِخْوَانًا: بن گئے تم اس کے احسان سے بھائی بھائی۔

Marfat.com

ف عاطفہ أَصْبَحْتُمْ بمعنی صِرْتُم فعل ماضی معروف تُمْ ضمیر مرفوع متصل ذوالحال اِخْوَانًا حال۔ ذوالحال حال مل کر فاعل ب جارہ نِعْمَةِ مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ بَ کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۱۔ ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدًّا: اس کا چہرہ سیاہ ہوگا۔

ظَلَّ بمعنی صَارَ۔ وَجْهُ مضاف ہُ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ اسم مُسْوَدًّا فعل از افعال ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہوا(1)۔

۲۲۔ اَضْحٰی يُمَزِّقُ اَثْوَابِیْ: وہ میرے کپڑے پھاڑنے لگا۔

اَضْحٰی فعل ناقص بمعنی صَارَ اس میں هُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم يُمَزِّقُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مستتر فاعل۔ اَثْوَابَ مضاف ی ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۳۔ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ: سو پاکی بیان کرو اللہ تعالیٰ کی جب تم شام کرو اور جب تم صبح کرو۔

ف مستانفہ سُبْحَانَ مصدر مضاف لفظ اللہ اسم جلالت مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ مفعول مطلق فعل محذوف تسبّحونَ کا۔ تُسَبِّحُوْنَ مضارع معروف جمع مذکر مخاطب اس میں واو جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل حِيْنَ مضاف تُمْسُوْنَ مضارع معروف جمع مذکر مخاطب اس میں واو جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حِيْنَ کا مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ معطوف علیہ واو عاطفہ حِيْنَ مضاف تُصْبِحُوْنَ مضارع معروف جمع مذکر مخاطب اس میں واو جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حِيْنَ کا مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف۔

---

1۔ ظَلَّ فعل ناقص وَجْهُهُ مرکب اضافی اس کا اسم مُسْوَدًّا بترکیب سابق خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

معطوف علیہ با معطوف تُسَبِّحُوْنَ کا مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل، مفعول مطلق و مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۴۔صِرْتُ مِنْ مَكَانٍ اِلٰى مَكَانٍ: میں ایک جگہ سے دوسری جگہ (منتقل) ہو گیا۔

صِرْتُ فعل تام ماضی معروف اس میں تُ ضمیر متصل فاعل من حرف جار مَکَانٍ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے اِلٰى حرف جار مَكَانٍ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلقین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۵۔لَيْسَ الْكَسْلَانُ نَاجِحًا: سست آدمی کامیاب نہیں ہے۔

لَيْسَ فعل ناقص الْكَسْلَانُ اس کا اسم نَاجِحًا شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۶۔لَيْسَ التِّلْمِيْذُ بِرَاسِبٍ: طالب علم فیل نہیں ہے۔

لَيْسَ فعل ناقص التِّلْمِيْذُ اس کا اسم ب حرف جار زائدہ رَاسِب شبہ فعل لفظاً مجرور محلاً منصوب شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۷۔مَازَالَ الْمَطَرُ غَزِيْرًا: بارش موسلا دھار برستی رہی۔

مَازَالَ فعل ناقص الْمَطَرُ اس کا اسم غَزِيْرًا شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۸۔مَابَرِحَ الْمَرِيْضُ مُتَوَجِّعًا: مریض درد محسوس کرتا رہا۔

مَابَرِحَ فعل ناقص اَلْمَرِيْضُ اس کا اسم مُتَوَجِّعًا شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۹۔لَا يَزَالُ الْمَطَرُ غَزِيْرًا: بارش موسلا دھار برس رہی ہے۔

لَا يَزَالُ فعل ناقص الْمَطَرُ اس کا اسم غَزِيْرًا بترکیب سابق خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

۳۰۔لَا تَقْرَأْ مَادَامَ النُّوْرُ ضَئِیْلًا: جب تک روشنی کم ہو تو مت پڑھ۔

لَا نہی تَقْرَأْ فعل مضارع معروف ما مصدریہ موصول حرفی دام فعل ناقص النُّوْرُ اس کا اسم ضَئِیْلًا شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر وَقْتَ مقدر کا مضاف الیہ۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر مفعول فیہ لَاتَقْرَأْ کا۔ فعل نہی اپنے فاعل و مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ (البشیر الکامل صفحہ 120)۔

۳۱۔اَمْسَی نَازِلًا الْمَطَرُ: شام کے وقت بارش ہوئی۔

اَمْسَی فعل ناقص نَازِلًا شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم الْمَطَرُ اسم مؤخر۔ فعل ناقص اپنی خبر مقدم و اسم مؤخر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۲۔فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ: (اے سننے والے) تو نہ ہو جا شک میں اس سے۔

ف حرف رابطہ لا ئے نہی تک فعل از افعال ناقصہ اس میں انت ضمیر وجوبا مستتر اس کا اسم فی حرف جار مِرْيَةٍ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثابتاً شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر فاعل مستتر و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر و مِنْهُ متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۳۔اُسْكُتْ مَادَامَ السُّكُوْتُ نَافِعًا: خاموش رہ جب تک خاموش رہنا نفع مند ہو۔

اُسْكُتْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر اس میں انت ضمیر وجوبا مستتر فاعل ما مصدریہ موصول حرفی دَامَ فعل ناقص السُّكُوْتُ اس کا اسم نَافِعًا شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بتاویل مفرد ہو کر موصول حرفی کا صلہ۔ موصول صلہ مل کر وقت مقدر مضاف کا مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ اُسْكُتْ فعل کا۔ فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۴۔قَدْ يُضْحِي الْعَبْدُ سَيِّدًا: کبھی کبھی غلام (بھی) سردار بن جاتا ہے۔

قَدْ حرفیہ برائے تقلیل يُضْحِي فعل ناقص بمعنی يَصِيْرُ الْعَبْدُ اس کا اسم سَيِّدًا شبہ فعل

Marfat.com

اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۵۔ اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا: ہم ہرگز اس میں داخل نہ ہوں گے قیامت تک جب تک وہ وہاں ہیں۔

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل لَنْ ناصبہ نَدْخُلَ فعل مضارع منصوب اس میں نَحْنُ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل۔ اَبَدًا مفعول فیہ مَا مصدریہ موصول حرفی دَامُوْا فعل ناقص اس میں واوَ جمع ضمیر مرفوع متصل اس کا اسم فِی حرف جار ھا ضمیر مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف مستقر ثابتین شبہ فعل مقدر کی ثابتین شبہ فعل اپنے ھم ضمیر مستتر فاعل وظرف مستقر سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر وَقْتَ مقدر مضاف کا مضاف الیہ۔ مضاف ومضاف الیہ مل کر مفعول فیہ ثانی لَنْ ندخل کا۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور دونوں ظرفوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۶۔ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ: کیا اللہ کافی نہیں اپنے بندے کے لیے۔

أ حرف استفہام لَيْسَ فعل ناقص لفظ اللّٰه اسم جلالت اس کا اسم بِ حرف جر زائدہ کَافٍ شبہ فعل اسم فاعل لفظاً مجرور محلاً منصوب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل۔ عبد مضاف ہٗ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ شبہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لیس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۷۔ اَلنَّاسُ لَيْسُوْا سَوَآءً: تمام لوگ برابر نہیں ہیں۔

اَلنَّاسُ مبتدا لَيْسُوْا فعل ناقص واو جمع ضمیر مرفوع متصل اس کا اسم سَوَاءً اسم مصدر بمعنی مُسْتَوِيْنَ۔ مُسْتَوِيْنَ شبہ فعل اپنے ھُم ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۸۔ مَازِلْنَا نَاظِرِيْنَ اِلٰى زَهْرَةِ الْوَرْدِ: ہم گلاب کی کلی کی طرف دیکھتے رہے۔

مَازِلْنَا فعل ناقص نا ضمیر مرفوع متصل اس کا اسم ناظرین شبہ فعل اسم فاعل الی حرف

Marfat.com

جار زَهْرَةِ مضاف الوَرْدِ مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ الیٰ کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے هُمْ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۹۔ مَاانْفَکَّ الْبَاطِلُ مَهْزُوْمًا: باطل ہمیشہ شکست خوردہ رہا۔

مَاانْفَکَّ فعل ناقص الْبَاطِلُ اس کا اسم مَهْزُوْمًا شبہ فعل اسم مفعول اپنے هُوَ ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 14 کی تراکیب

۱۔ کَادَ الْجَوُّ يَعْتَدِلُ: قریب ہے کہ فضا معتدل ہو جائے۔
كَادَ فعل از افعال مقاربہ الْجَوُّ اس کا اسم يَعْتَدِلُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مستتر اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر محلا منصوب۔ فعل مقارب اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۔ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ أَبْصَارَهُمْ: قریب ہے کہ بجلی اچک لے جائے ان کی بینائی۔
يَكَادُ فعل از افعال مقاربہ اَلْبَرْقُ اس کا اسم يَخْطَفُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مستتر فاعل أَبْصَارَ مضاف هُمْ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر محلا منصوب۔ فعل مقارب اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۔ كَرَبَ الشِّتَاءُ يَنْقَضِيْ: قریب ہے کہ سردی ختم ہو جائے۔
كَرَبَ فعل از افعال مقاربہ الشِّتَاءُ اس کا اسم يَنْقَضِيْ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر محلا منصوب۔ فعل مقارب اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۴۔ أَوْشَكَ الْمَالُ أَنْ يَنْفَدَ: قریب ہے کہ مال ختم ہو جائے۔
أَوْشَكَ فعل از افعال مقاربہ اَلْمَالُ اس کا اسم أَنْ ناصبہ موصول حرفی يَنْفَدَ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر خبر محلا منصوب۔ فعل مقارب اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۵۔ عَسٰى رَبُّكُمْ أَنْ يَّرْحَمَكُمْ: قریب ہے کہ تمہارا رب تم پر رحم فرمائے گا۔

Marfat.com

عَسٰی فعل رجا رَبُّ مضاف کُمْ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ اس کا اسم اَنْ ناصبہ موصول حرفی (1) یَرْحَمَ فعل مضارع معروف منصوب بان اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل کُمْ ضمیر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر خبر محلا منصوب، فعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔ (البشیر شرح نحو میر ص ۱۷۷)

۶۔ اِخْلَوْلَقَ الْهَوَاءُ اَنْ یَعْتَدِلَ: امید ہے کہ ہوا معتدل ہو جائے۔

اِخْلَوْلَقَ فعل رجا اَلْهَوَاءُ اس کا اسم ان ناصبہ موصول حرفی یَعْتَدِلَ فعل مضارع معروف اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر خبر۔ فعل رجا اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۷۔ حَرَی الغائبُ ان یَحْضُرَ: امید ہے کہ غائب حاضر ہو جائے۔

حری فعل رجا الغائب اس کا اسم ان ناصبہ موصول حرفی یَحْضُرَ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب ھُوَ ضمیر مستتر اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر خبر محلا منصوب۔ فعل رجا اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۸۔ ما کدتُ ان اصلی العصر حتی کادت الشمس ان تغیب

مَا نافیہ کِدْتُ فعل مقارب تُ ضمیر مرفوع متصل اس کا اسم اَنْ ناصبہ موصول حرفی اُصَلِّیَ مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر مستتر فاعل اَلْعَصْرَ (2) نائب مفعول مطلق۔ فعل اپنے فاعل ونائب مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ۔ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر خبر۔ فعل مقارب اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۹۔ عَسٰی اَنْ یَقُوْمَ: امید ہے وہ کھڑا ہو جائے۔

---

1۔ فعل ناقص یا اسم وخبر سے مل کر دونوں جملوں میں جملہ فعلیہ ہوگا۔

2۔ اصل میں اُصَلِّیَ صلوٰۃ العصر ہے۔

Marfat.com

عَسٰی فعل رجا تام اَن ناصبہ موصول حرفی یقومَ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر موصول حرفی کا صلہ۔ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہوکر عَسٰی کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۰۔ اِخْلَوْلَقَ اَنْ یَّاْتِیَ: امید ہے کہ وہ آ جائے۔

اِخْلَوْلَقَ فعل رجا اَنْ ناصبہ موصول حرفی یَاْتِیَ فعل مضارع معروف اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ، موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہوکر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۱۔ طَفِقَ الْجَیْشُ یَتَحَرَّکُ: لشکر حرکت کرنے لگا۔

طَفِقَ فعل شروع اَلْجَیْشُ اس کا اسم یَتَحَرَّکُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب ھُوَ ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر محلاً منصوب۔ فعل شروع اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۲۔ جَعَلَ الرَّعْدُ یَقْصِفُ: بجلی کڑکنے لگی۔

جَعَلَ فعل شروع، الرَّعْدُ اس کا اسم۔ یَقْصِفُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل۔ فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر محلاً منصوب، فعل شروع اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۱۳۔ اَخَذَ الْمَطَرُ یَنْزِلُ: بارش برسنے لگی۔

اَخَذَ فعل شروع اَلْمَطَرُ اس کا اسم، یَنْزِلُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر فعل شروع اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۱۴۔ اَوْشَکَتِ السُّحُبُ اَنْ(۱) تُمْطِرَ: قریب ہے کہ بادل برسنے لگیں۔

اَوْشَکَتِ از افعال مقاربہ اَلسُّحُبُ اس کا اسم، اَنْ ناصبہ تُمْطِرَ فعل مضارع

---

1۔ ان ناصبہ موصول حرفی (البشیر)۔

Marfat.com

معروف واحد مونث غائب اس میں هِیَ ضمیر مستتر فاعل، فعل فاعل مل کر فعلیہ خبریہ ہو کر صِلہ۔ اَنْ ناصبہ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر خبر محلا منصوب۔ فعل مقارب اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۵۔ جَعَلَ الْمُوْسِرُوْنَ یَذْهَبُوْنَ اِلٰی مَرِی: خوشحال لوگ مری جانا شروع ہو گئے۔

جَعَلَ از افعال شروع اَلْمُوْسِرُوْنَ اس کا اسم یَذْهَبُوْنَ فعل مضارع معروف جمع مذکر غائب اس میں واؤ جمع فاعل اِلٰی حرف جار مَرِی مجرور جار مجرور مل کر متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر فعلیہ خبریہ ہو کر خبر محلا منصوب فعل شروع اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۱۶۔ أَخَذَ الزَّرْعُ یَیْبَسُ مِنَ الْعَطَشِ: کھیتی پیاس سے خشک ہونے لگی۔

اَخَذَ از افعال شروع الزَّرْعُ اس کا اسم یَیْبَسُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مستتر فاعل من حرف جار اَلْعَطَشِ اسم مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر محلا منصوب، فعل شروع اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۷۔ عَسَی الرَّخَاءُ اَنْ یَدُوْمَ: امید ہے کہ خوشحالی ہمیشہ رہے گی۔

عَسٰی فعل جامد از افعال رجاء الرَّخَاءُ اسکا اسم اَنْ ناصبہ موصول حرفی یَدُوْمَ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اسمیں هُوَ ضمیر مستتر فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر ان ناصبہ موصول حرفی کا صلہ موصول صلہ ملکر بتاویل مفرد ہو کر خبر فعل رجاء اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۸۔ یَکَادُ زَیْتُهَا یُضِیْءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ: قریب ہے کہ اس کا تیل روشن ہو جائے گا اگر چہ اسے آگ نہ چھوئے۔

یَکَادُ فعل مضارع معروف از افعال مقاربہ زَیْتُ مضاف ھا ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ فعل مقارب کا اسم یُضِیْءُ فعل مضارع واحد مذکر غائب اسمیں ھو ضمیر مستتر ذوالحال واوَ حالیہ لَوْ وصلیہ برائے تقلیل لم حرف جازم تَمْسَسْ فعل مضارع مجزوم

Marfat.com

واحد مونث غائب ہٗ ضمیر مفعول بہ نارٌ اسم مرفوع اسکا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے ملکر یُضئیُ فعل کا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر محلا منصوب فعل اپنے مقارب اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۹۔ طَفِقَ الْغِلْمَانُ یَتَنَافَسُوْنَ فِی السَّبَاحَةِ: بچوں نے تیراکی میں مقابلہ کرنا شروع کردیا۔

طَفِقَ از افعال شروع اَلْغِلْمَانُ اسکا اسم یَتَنَا فَسُوْنَ فعل مضارع معروف جمع مذکر غائب اسمیں واؤ جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل فی حرف جار السَّبَاحَةِ مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل ومتعلق سے ملکر جملہ خبریہ ہوکر خبر محلا منصوب فعل شروع اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۰۔ اِخْلَوْلَقَتَ الْحُمّٰی اَنْ تُفَارِقَ الْمَرِیْضَ: امید ہے کہ بخار مریض سے جدا ہوجائے گا۔

اِخْلَوْلَقَتْ فعل ماضی واحد مونث غائب از افعال رجاء الْحُمّٰی اسم مقصور اسکا اسم اَنْ ناصبہ موصول حرفی تُفَارِقَ فعل مضارع معروف واحد مونث غائب اس میں ھِیَ ضمیر مستتر اس کا فاعل الْمَرِیْضَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ۔ موصول صلہ بتاویل مفرد ہوکر خبر۔ فعل رجاء اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 15 کی تراکیب

۱۔ مَا القُصُوْرُ شَاهِقَةً: محلات بلند و مضبوط نہیں۔

ما نافیہ مشابہ بِلَیْسَ القُصُوْرُ اسکا اسم شَاهِقَةً شبہ فعل اسم فاعل واحد مونث اسمیں هی ضمیر مستتر فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر ما مشابہ بلَیْس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۔ اِنِ الْاَنْهَارُ فَائِضَةً: نہریں بہنے والی نہیں۔

اِنْ نافیہ الْاَنْهَارُ اسکا اسم۔ فائضةً شبہ فعل اسم فاعل واحد مونث اسمیں هی ضمیر فاعل مستتر ضمیر شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر۔ ان نافیہ اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۔ مَا الْاَشْجَارُ مُثْمِرَةً: درخت پھلدار نہیں۔

ما مشابہ بلیس الْاَشْجَارُ اسکا اسم مُثْمِرَةً شبہ فعل اسم فاعل واحد مونث اپنے هِیَ ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر۔ ما مشابہ بلیس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۴۔ مَا رَجُلٌ ذَاهِبًا: کوئی آدمی جانیوالا نہیں۔

ما مشابہ بلیس رَجُلٌ اسکا اسم ذاهبًا شبہ فعل اسم فاعل اپنے هو ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکو خبر۔ ما مشابہ بلیس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۵۔ ما الفَقْرُ بِعَیْبٍ: فقر عیب نہیں ہے۔

ما مشابہ بلیس الفَقْرُ اسکا اسم ب حرف جار زائد عَیْبٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب خبر۔ ما مشابہ بلیس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۶۔ اِنِ الْعِتَابُ بِمُفِیْدٍ: عتاب (سرزنش کرنا) فائدہ مند نہیں۔

اِنْ نافیہ العتابُ اسکا اسم ب حرف جار زائد مُفِیْدٍ شبہ فعل لفظاً مجرور محلاً منصوب شبہ فعل

Marfat.com

اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ ان نافیہ اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۷۔ ما مُنْطَلِقٌ رَجُلٌ: کوئی مرد چلنے والا نہیں۔

ما مشابہ بلیس غیر عاملہ مُنْطَلِقٌ شبہ فعل اسم فاعل اسمیں ھو ضمیر مستتر فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم رَجُلٌ نکرہ مبتدا مؤخر، خبر مقدم ومبتدا مؤخر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۸۔ مَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ: محمد ﷺ کے رسول ہیں۔

واؤ مستانفہ ما مشابہ بلیس غیر عاملہ لفظ مُحَمَّدٌ مبتدا اِلَّا حرف استثنا لغو رَسُوْلٌ مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۹۔ مَا اِنْ اَنْتُمْ ذَاهِبُوْنَ: تم جانے والے نہیں ہو۔ تم نہیں جاؤ گے۔

ما مشابہ بلیس غیر عاملہ اِنْ زائدہ اَنْتُمْ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا ذاھبُون شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھُمْ ضمیر مستتر فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۱۰۔ مَا طَعَامَكَ زَيْدٌ اٰكِلٌ:

ما مشابہ بلیس غیر عاملہ، طَعَامَ مضاف کَ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ شبہ فعل اسم فاعل اٰکِلٌ کا شبہ فعل میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل شبہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ مقدم سے ملکر خبر مقدم زَیْدٌ مبتدا مؤخر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۱۔ لَا زَمَانٌ مُسَالِمًا۔ لا(1) مشابہ بَلَيْسَ زَمَانٌ اسکا اسم مُسَالِمًا شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لا مشابہ بلیس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۲۔ لَا الرَّجُلُ قَائِمٌ: آدمی کھڑا نہیں ہے۔

لا مشابہ بلیس غیر عاملہ الرَّجُلُ مبتدا قائم شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے

---

1۔ بنی تمیم کے نزدیک لا غیر عاملہ ہے۔

Marfat.com

ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۳۔ لا بُسْتَانٌ اِلَّا مُثْمِرٌ: باغ پھلدار ہے۔

لا مشابہ بلیس غیر عاملہ بُسْتَانٌ مبتدا الا حرف استثنالغو مُثْمِرٌ مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۴۔ لا مُسَالِمٌ زَمَانٌ: لا مشابہ بلیس غیر عاملہ مُسَالِمٌ شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھُوَ ضمیر فاعل مستتر شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم۔ زَمَانٌ اسم نکرہ مبتدا موخر۔ خبر مقدم ومبتدا موخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۵۔ لَاتَ وَقْتَ نَدَامَةٍ: یہ وقت شرمندگی کا وقت نہیں۔

لَاتَ نافیہ مشابہ بلیس ت برائے مبالغہ اَلْوَقْتُ محذوف اسکا اسم وَقْتَ مضاف نَدَامَةٍ مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ خبر لَاتَ اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۶۔ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ: پس وہ فریاد کرنے لگے حالانکہ نہیں تھا یہ وقت بچ نکلنے کا۔

ف عاطفہ نَادَوْا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اسمیں واو جمع ضمیر مرفوع متصل ذوالحال واو حالیہ لَاتَ حرف نفی مشابہ بلیس اَلْحِيْنُ محذوف اسکا اسم حین مضاف مَنَاصٍ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ خبر۔ لات اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۷۔ مَا الظَّالِمُ ذَاهِبًا۔ ظالم جانے والا نہیں۔ نہیں جائے گا۔

ما مشابہ بلیس الظَّالِمُ اسکا اسم ذاهبًا شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر، ما مشابہ بلیس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۸۔ ما نَاجِحٌ ظَالِمٌ: ظالم کامیاب نہیں ہے۔

ما مشابہ بلیس غیر عاملہ نَاجِحٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کو خبر مقدم ظَالِمٌ نکرہ مبتدا موخر۔ خبر مقدم اور مبتدا موخر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۹۔ مَا لِصًّا الشُّرْطِيُّ ضَارِبٌ: سپاہی کسی چور کو مارنے والا نہیں۔

ما مشابہ بلیس غیر عاملہ لِصًّا مفعول بہ مقدم۔ الشُّرْطِيُّ مبتدا ضَارِبٌ شبہ فعل اسم

Marfat.com

فاعل اسمیں ھو ضمیر مستتر فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ مقدم سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۰۔ ما الْأَشْجَارُ مُوْرِقَةً: درخت پتے نکالنے والے نہیں۔

ما مشابہ بلیس اَلْأَ شْجَارُ اسکا اسم مُوْرِقَةً شبہ فعل اسم فاعل اسمیں هِيَ ضمیر مستتر فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، ما مشابہ بلیس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۱۔ وَمَا أَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ: اور تم عاجز کرنے والے نہیں زمین میں اور نہ آسمان میں۔

واؤ عاطفہ ما مشابہ بلیس انتم ضمیر مرفوع منفصل اس کا اسم ب حرف جار زائدہ معجزین شبہ فعل اسم فاعل جمع مذکر اسمیں هُمْ ضمیر مستتر فاعل فی حرف جار الارض مجرور۔ جار مجرور ملکر معطوف علیہ واؤ عاطفہ لَا زائدہ فی حرف جار السّماء مجرور۔ جار مجرور ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر متعلق شبہ فعل کے، شبہ فعل اپنے فاعل ومتعلق سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر ما مشابہ بلیس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۲۔ مَا الْمَدِيْنَةُ وَاسِعَةً: شہر وسیع نہیں۔

ما مشابہ بلیس المدینۃُ اسکا اسم وَاسِعَةً شبہ فعل اسم فاعل واحد مونث اپنے هِيَ ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ ما مشابہ بلیس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۳۔ مَا رَسُوْلُنَا إِلَّا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ: ہمارے رسول ہی خاتم النبیین ہیں۔

ما مشابہ بلیس غیر عاملہ رَسُوْلُ مضاف نا مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مبتدا اِلَّا حرف استثنا لغو خاتم مضاف النبیین مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۴۔ اِنِ الطَّرِيْقُ مُزْدَحِمَةً: راستہ پر بھیڑ نہیں۔

اِن نافیہ الطَّرِيْقُ اسکا اسم مُزْدَحِمَةً شبہ فعل اسم فاعل واحد مونث اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے ملکر سبہ جملہ ہو کر خبر۔ ان نافیہ اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

۲۵۔لَا شَارِعٌ نَظِيفاً: کوئی سڑک صاف نہیں۔

لا مشابہ بلیس شارع اسکا اسم نظیفاً شبہ فعل صفت مشبہ اسمیں ھو ضمیر مستتر فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر۔لا مشابہ بلیس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۶۔مَاالْقَاتِلَاتُ مَقْتُولَاتٍ: قاتل عورتیں قتل نہیں کی گئیں۔

ما مشابہ بلیس اَلْقَاتِلَاتُ اسکا اسم مَقْتُولَاتٍ شبہ فعل اسم مفعول جمع مونث اسمیں هَنَّ ضمیر مستتر نائب فاعل شبہ فعل اپنے نائب الفاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر ما مشابہ بلیس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۷۔اِنِ الرِّجَالُ قَانِطِيْنَ: کئی مرد مایوس نہیں ہیں۔

اِنْ نافیہ مشابہ بلیس الرِّجَالُ اسکا اسم قَانِطِيْنَ شبہ فعل اسم فاعل جمع مذکر اسمیں هُمْ ضمیر مستتر فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔اِنْ نافیہ مشابہ بلیس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۹۔ما اَلْمُسْلِمَانِ قَانِطَيْنِ: دو مسلمان مایوس نہیں ہیں۔

ما مشابہ بلیس اَلْمُسْلِمَانِ اسکا اسم قَانِطَيْنِ شبہ فعل اسم فاعل تثنیہ مذکر اسمیں هُما ضمیر مستتر فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر۔مامشابہ بلیس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۰۔مَاالْمُضِيفَانِ مُكْرِمَيْنِ: دو میزبان عزت کرنے والے نہیں ہیں۔

ما مشابہ بلیس اَلْمُضِيفَانِ اسکا اسم مُكْرِمَيْنِ شبہ فعل اسم فاعل تثنیہ مذکر اسمیں هُمَا ضمیر مستتر فاعل،شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ماشابہ بلیس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۱۔اِنْ اَبُوكَ اِلَّا رَجُلٌ شَرِيفٌ: تیرا باپ ہی شریف آدمی ہے۔

انْ نافیہ مشابہ بلیس غیر عاملہ اَبُو مضاف ک ضمیر مضاف الیہ۔مضاف با مضاف الیہ مبتدا اَلّا حرف استثنا لغو رَجُلٌ موصوف شَرِيفٌ شبہ فعل صفت مشبہ اپنے ھُو ضمیر مستتر فاعل

Marfat.com

سے ملکر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف باصفت مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۲۔ مَا الْعُمَّالُ مَاهِرِيْنَ: کام کرنیوالے ماہر نہیں ہیں۔

ما مشابہ بلیس الْعُمَّالُ اسکا اسم مَاهِرِيْنَ شبہ فعل اسم فاعل جمع مذکر اسمیں هُمْ ضمیر مستتر فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر ما مشابہ بلیس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۳۔ لَاتَ الْوَقْتُ وَقْتَ فِرَارٍ: یہ وقت بھاگنے کا وقت نہیں ہے۔

لَاتَ نافیہ اَلْوَقْتُ اسکا اسم وَقْتَ مضاف فرارٍ مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ خبر۔ لَاتَ اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۴۔ لَاتَ السَّاعَةُ سَاعَةَ اِجْتِهَادٍ: یہ گھڑی کوشش کی گھڑی نہیں۔

لات نافیہ الساعۃ اسکا اسم ساعۃ مضاف اجتھادٍ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ خبر۔ لات اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 16 کی تراکیب

۱۔ اِنَّ التِّلْمِيْذَ نَاجِحٌ: بے شک شاگرد کامیاب ہے۔

اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل التِّلْمِيْذَ اس کا اسم نَاجِحٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۔ اِنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ: بے شک محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔

اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل وحرف ناسخ لفظ مُحَمَّدًا اسکا اسم رَسُوْلُ مضاف لفظ اللّٰهِ اسم جلالت مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ خبر۔ اِنَّ اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۔ سَمِعْتُ اَنَّ الْعَالِمَ جَيِّدٌ: میں نے سنا کہ بے شک عالم عمدہ ہے۔

سَمِعْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم اسمیں تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل اَنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل العالِمَ اسکا اسم جَيِّدٌ شبہ فعل صفت مشبہ اسمیں ھو ضمیر مستتر فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اَنَّ کا اسم اپنی خبر سے ملکر بتاویل مفرد ہو کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ كَأَنَّ الْأُسْتَاذَ أَبٌ: استاد گویا باپ ہوتا ہے۔

كَأَنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل اَلْأُسْتَاذَ اسکا اسم أَبٌ خبر۔ كَأَنَّ اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۵۔ اَلْخَادِمُ حَاضِرٌ لٰكِنَّ السَّيِّدَ غَائِبٌ: خادم حاضر ہے لیکن سردار غائب ہے۔

الخادمُ اسم مرفوع مبتدا حَاضِرٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مستدرک منہ لٰكِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل وحرف نسخ السَّيِّدَ اسکا اسم غَائِبٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ

Marfat.com

ہوکر خبر۔لکنّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مستدرک۔

۶۔ لَعَلَّ اللّٰهَ يَرْحَمُنِيْ: شاید اللہ مجھ پر رحم کرے۔

لَعَلَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل لفظ اللّٰهَ اسم جلالت اسکا اسم يَرْحَمُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اسمیں هُوَ ضمیر مستتر فاعل ن وقایہ ی ضمیر متکلم مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔لَعَلَّ اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

۷۔ لَعَلَّ زَيْدًا هَالِكٌ: شاید زید مرنیوالا ہو۔

لَعَلَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل زيدًا اسکا اسم هَالِكٌ شبہ فعل اسم فاعل اسمیں هُوَ ضمیر مستتر فاعل۔شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر لَعَلَّ اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

۸۔ لَعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ: تاکہ شاید وہ نصیحت حاصل کرے۔

لَعَلَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل ہٗ ضمیر منصوب متصل اسکا اسم يَتَذَكَّرُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اسمیں هُوَ ضمیر مستتر فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔لَعَلَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

۹۔ لَيْتَ لِيْ قِنْطَارًا مِنَ الذَّهَبِ: کاش میرے لیے سونے کا خزانہ ہوتا۔

لَيْتَ حرف از حروف مشبہ بالفعل لِ حرف جار ی ضمیر متکلم مجرور۔جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثابت شبہ فعل مقدر کی۔ثابت شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل وظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر مقدم قِنْطَارًا موصوف مِنْ حرف جار الذَّهَبِ مجرور۔جار مجرور ملکر ظرف مستقر ثَابِتٌ شبہ فعل کی۔شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل وظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ ہوکر صفت۔مرکب توصیفی اسم مؤخر لَيْتَ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

۱۰۔ لَيْتَ الشَّبَابَ يَعُوْدُ: کاش جوانی لوٹ آتی۔

لَيْتَ حرف مشبہ بالفعل الشَّبَابَ اسکا اسم يَعُوْدُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اسمیں ھو ضمیر مستتر فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔لَيْتَ اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

Marfat.com

١١۔ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰىٓ اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ: فرمادیجیے کہ میرے پاس تو صرف یہ وحی آئی ہے کہ تمہارا خدا (وہی ہے جو) ایک خدا ہے۔

قُلْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر اس میں انت ضمیر وجوبا مستتر فاعل۔ اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل ماکافہ یا اِنَّمَا حرف حصر یا اِنَّ حرف مشبہ بالفعل مکفوفہ عَنِ العمل۔ یُوْحٰی فعل مضارع مجہول الٰی حرف جاری ضمیر متکلم مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف لغو۔ اَنَّمَا حرف مشبہ بالفعل مکفوفہ عن العمل اِلٰہٌ مضاف کُمْ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مبتدا اِلٰہٌ موصوف وَاحِدٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف صفت مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد ہو کر یُوْحٰی فعل مجہول کا نائب الفاعل۔ فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ محلا منصوب ہو کر قُلْ فعل امر کا (مفعول بہ) مقولہ۔ فعل اپنے فاعل ومقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔ (بحوالہ معجم اعراب الفاظ القرآن الکریم، صفحہ 433)۔

١٢۔ لَيْتَمَا الْاِنْسَانُ كَامِلٌ: کاش انسان کامل ہوتا۔

لَيْتَ حرف مشبہ بالفعل مکفوفہ عن العمل لِدُخُوْلِ ماکافہ اَلْاِنْسَانُ مبتدا۔ کَامِلٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

١٣۔ لَيْتَمَا السُّرُوْرَ دائم: کاش خوشی ہمیشہ رہنے والی ہوتی۔

لَيْتَمَا حرف مشبہ بالفعل عاملہ السُّرُوْرَ اس کا اسم اور دائم شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر لَيْتَ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 17 کی تراکیب

۱۔ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ: بے شک اللہ تعالیٰ بخشنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔
اِنَّ حرف مشبہ بالفعل لفظ اللہ اسم جلالت اس کا اسم غَفُوْرٌ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر اول رَحِیْم شبہ فعل صفت مشبہ اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر ثانی۔ اِنَّ اپنے اسم اور دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۔ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ: بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔
اِنَّ حرف مشبہ بالفعل و حرف نسخ لفظ اللہ اسم جلالت اس کا اسم عَلٰی حرف جار کُلِّ مضاف شَیْءٍ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ عَلٰی کا مجرور۔ جار مجرور متعلق مابعد شبہ فعل قَدِیْرٌ کے۔ شبہ فعل صفت مشبہ اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۔ قَالَ اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰہِ: آپ (عیسیٰ علیہ السلام) نے کہا میں اللہ کا بندہ ہوں۔
قَالَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر جوازاً مستتر فاعل اِنَّ حرف مشبہ بالفعل و حرف نسخ ی ضمیر متکلم اس کا اسم عَبْدُ مضاف لفظ اللہ اسم جلالت مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ خبر۔ اِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ محلا منصوب مفعول بہ (مقولہ)۔ فعل اپنے فاعل و مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ یٰسٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ۙ اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ: اے سید (عرب و عجم) قسم ہے قرآن حکیم کی بے شک آپ رسولوں میں سے ہیں۔
واؤ جارہ برائے قسم القرآن موصوف الحکیم صفت، موصوف صفت مل کر واؤ کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق مقدر اُقْسِمُ فعل مضارع معروف واحد متکلم کے اس میں انا

Marfat.com

ضمیر وجوبًا مستتر فاعل فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر قسم اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل کَ ضمیر منصوب متصل اس کا اسم لَ مزحلقہ مِنَ حرف جار الْمُرْسَلِیْنَ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتٌ شبہ فعل مقدر کے۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جواب قسم۔

۵۔ جَاءَ الرَّجُلُ الَّذِیْ اِنَّهٗ لَغَائِبٌ: وہ آدمی آیا جو غائب تھا۔

جَاءَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الرَّجُلُ موصوف الَّذِیْ اسم موصول اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل و حرف نسخ، ہٗ ضمیر منصوب متصل اس کا اسم غَائب شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اسم موصول کا صلہ موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر صفت، موصوف صفت مل کر جَاءَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۶۔ اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ: خبردار بے شک اللہ کے اولیاء کو نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمزدہ ہوں گے۔

اَلَا حرف تنبیہ اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل اولیاء مضاف لفظ اللہ اسم جلالت مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ اِنَّ کا اسم لا حرف نفی مشابہ بلیس خَوْفٌ اس کا اسم علی حرف جار ھُمْ ضمیر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتًا شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لا مشابہ بلَیس اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ لا زائدہ برائے تاکید ھُمْ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا یحزنون فعل مضارع معروف اسمیں واؤ جمع ضمیر مرفوع منفصل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر۔ اِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۷۔ اِجْلِسْ حَیْثُ اِنَّ التِّلْمِیْذَ قَائِمٌ: تو بیٹھ جہاں شاگرد کھڑا ہے۔

اِجْلِسْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر اس میں اَنْتَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل حَیْثُ مضاف اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل اَلتِّلْمِیْذَ اس کا اسم قَائِمٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ

Marfat.com

ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حَیْثُ کا مضاف الیہ مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ ظرف اجلس فعل کی۔ فعل اپنے فاعل وظرف سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۸۔ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ اِنَّکَ لَرَسُوْلُہٗ ؕ وَاللّٰہُ یَشْھَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ لَکٰذِبُوْنَ: اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ بے شک آپ اس کے رسول ہیں اور اللہ تعالیٰ گواہی دیتا ہے کہ بے شک منافق جھوٹے ہیں۔

واؤ عاطفہ لفظ اللہ اسم جلالت مبتدا یَعْلَمُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل کَ ضمیر منصوب متصل اس کا اسم رَسُوْلُ مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ خبر۔ اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ بتاویل مفرد ہو کر یَعْلَمُ کا مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ۔ واؤ عاطفہ لفظ اللّٰہ اسم جلالت مبتدا یَشْھَدُ فعل مضارع معروف اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل وحرف نصب اَلْمُنَافِقِیْنَ اس کا اسم لام مزحلقہ (1) کَاذِبُوْنَ شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھُمْ ضمیر مستتر فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ محلا منصوب یَشْھَدُ فعل کا مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ یا جملہ اسمیہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۹۔ جَآءَنِیْ زَیْدٌ وَاِنَّہٗ لَرَاکِبٌ: میرے پاس زید سوار ہونے کی حالت میں آیا۔

میرے پاس آیا زید درآنحالیکہ وہ سوار تھا۔

جَآءَ فعل ماضی معروف ن وقایہ ی ضمیر مفعول زَیْدٌ ذوالحال واؤ حالیہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ہٗ ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ راکب شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر جَآءَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

۱۰۔ سَرَّنِیْ اَنَّ التَّاجِرَ رَابِحٌ: مجھے تاجر کے نفع مند ہونے نے خوش کیا۔

سَرَّ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ن وقایہ ی ضمیر مفعول بہ اَنَّ حرف مشبہ بالفعل وحرف نسخ التَّاجِرَ اس کا اسم رَابِحٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اَنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر فعل کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۱۔ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ: جانتا ہے اللہ تعالیٰ کہ تم خیانت کیا کرتے تھے اپنے آپ سے۔

عَلِمَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب لفظ اللّٰه اسم جلالت اس کا فاعل اَنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل کُمْ ضمیر منصوب متصل اس کا اسم کُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ فعل ماضی استمراری جمع مذکر مخاطب۔ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر متصل اس کا اسم تَخْتَانُوْنَ فعل اس میں واوٴ جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل اَنْفُسَ مضاف کُمْ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر اَنَّ کا اسم اپنی خبر سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۱۲۔ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ : شہادت دی اللہ تعالیٰ نے اس بات کہ بے شک نہیں کوئی خدا سوائے اس کے۔

شَهِدَ فعل ماضی معروف لفظ اللّٰه اسم جلالت اس کا فاعل۔ اَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی ہٗ ضمیر منصوب متصل اس کا اسم (i) لا نفی جنس اِلٰهَ مبدل منہ الا حرف استثنا ھُوَ ضمیر بدل۔ مبدل منہ و بدل مل کر لا نفی جنس کا اسم جس کی خبر مَوْجُوْدٌ محذوف ہے۔ مَوْجُوْدٌ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر۔ (ii) لا نفی جنس اِلٰهَ اس کا اسم مَوْجُوْدٌ شبہ فعل محذوف میں ھُوَ ضمیر مستتر مبدل منہ الا حرف استثنا ھُوَ بدل۔ مبدل منہ و بدل مل کر شبہ فعل کا نائب الفاعل۔ شبہ فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر۔ اَنَّ کا اسم اپنی خبر سے مل کر صلہ، موصول صلہ بتاویل مفرد ہو کر شَهِدَ کا

Marfat.com

مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۳۔ اَخْبَرَ الرَّسُوْلُ اَنَّ اللّٰهَ وَاحِدٌ: رسول ﷺ نے خبر دی کہ بے شک اللہ ایک ہے۔

اَخْبَرَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الرَّسُوْلُ اس کا فاعل اَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی لفظ اللّٰه اسم جلالت اس کا اسم وَاحِدٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اَنَّ کا اسم اپنے خبر سے مل کر صلہ، موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر اَخْبَرَ فعل کا مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۴۔ اُعْلِنَ اَنَّ التِّلْمِیْذَ فَائِزٌ: اعلان کیا گیا کہ طالب علم کامیاب ہے۔

اُعْلِنَ فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب اَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی التِّلْمِیْذَ اس کا اسم فَائِزٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اَنَّ کا اسم اپنی خبر سے مل کر صلہ، موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر نائب الفاعل۔ فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۵۔ اَعْطَیْتُهٗ لِاَنَّهٗ فَقِیْرٌ: میں نے اسے دیا کیونکہ وہ فقیر ہے۔

اَعْطَیْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل هٗ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ۔ لِ حرف جار اَنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل موصول حرفی، هٗ ضمیر منصوب متصل اس کا اسم فَقِیْرٌ شبہ فعل صفت مشبہ اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اَنَّ کا اسم اپنے خبر سے مل کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف لغو۔ فعل اپنے فاعل وظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۶۔ عَجِبْتُ مِنْ طُوْلِ اَنَّكَ قَائِمٌ: تیرے زیادہ دیر کھڑے ہونے سے میں نے تعجب کیا۔

عَجِبْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل مِن حرف جار طُوْل مصدر مضاف اَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی كَ ضمیر منصوب متصل اس کا اسم قَائِمٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اَنَّ کا اسم خبر سے مل کر صلہ، موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر طُوْلِ کا مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مِن کا

Marfat.com

مجرور۔ جار مجرور ظرف لغو۔ فعل اپنے فاعل و ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۷۔ ظَنِّیْ اَنَّکَ مُقِیْمٌ: میرا گمان ہے کہ آپ مقیم ہیں۔

ظَنٌّ مصدر مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مبتدا اَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی ک ضمیر منصوب متصل اس کا اسم مُقِیْمٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اَنَّ کا اسم و خبر مل کر صلہ، موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۸۔ اِنَّ فِی الدَّارِ لَزَیْدًا: بے شک گھر میں زید ہے۔

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل فی حرف جار الدَّارِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق مَوْجُوْدٌ شبہ فعل، شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر نائب الفاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم۔ لام مزحلقہ زیدًا اسم مؤخر اِنَّ اپنی خبر مقدم و اسم مؤخر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۹۔ اِنَّ لَدَیْنَآ اَنْکَالًا وَّ جَحِیْمًا: ہمارے پاس ان کے لیے بھاری بیڑیاں اور بھڑکتی آگ ہے۔

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل و حرف نصب لَدٰی اسم ظرف، مضاف نَا ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ثابتان شبہ فعل مقدر کا۔ شبہ فعل اپنے ھُمَا ضمیر مستتر فاعل و مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اَنْکَالًا معطوف علیہ واؤ عاطفہ جَحِیْمًا معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف اسم مؤخر۔ اِنَّ اپنے اسم مؤخر و خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۰۔ اِنَّمَا یُعَاقَبُ الْمُسِیْئُ: بے شک برائی کرنے والے کو سزا دی جائے گی۔

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل مکفوف عن العمل لدخول ما کافہ یُعَاقَبُ فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب اَلْمُسِیْئُ نائب الفاعل۔ فعل اپنے الفاعل نائب سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۱۔ کَاَنَّمَا الْقَصْرُ جَمِیْلٌ: گویا کہ محل خوبصورت ہے۔

کَاَنَّ حرف مشبہ بالفعل مکفوف عن العمل لدخول ما کافہ الْقَصْرُ اسم

Marfat.com

مرفوع مبتدا۔ جَمِیْلٌ شبہ فعل صفت مشبہ اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۲۔ لَعَلَّمَا الصَّنَاعَةُ نَاهِضَةٌ: شاید صنعت ترقی کرنے والی ہو۔

لَعَلَّ حرف مشبہ بالفعل غیر عاملہ لدخول ماکافہ الصَّنَاعَةُ اسم مرفوع مبتدا نَاهِضَةٌ شبہ فعل اسم فاعل واحد مؤنث اس میں ھِیَ ضمیر مستتر فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

۲۳۔ لَيْتَمَا التَّلَامِيْذُ نَاجِحُوْنَ: کاش طالب علم کامیاب ہوتے۔

لَيْتَ حرف مشبہ بالفعل غیر عاملہ لدخول ماکافہ التَّلَامِيْذُ مبتدا نَاجِحُوْنَ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُمْ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

۲۴۔ اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ۙ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ: بے شک انہیں (آخر) ہمارے پاس ہی لوٹ کر آنا ہے۔ پھر یقیناً ہمارے ہی ذمہ ان کا حساب لینا ہے۔

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اِلٰی حرف جار نَا ضمیر مجرور متصل مجرور جار مجرور مل کر متعلق ثابت شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اِيَابَ مصدر مضاف ھُمْ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ اسم مؤخر۔ اِنَّ اپنی خبر مقدم اور اسم مؤخر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ۔ ثُمَّ حرف عطف اِنَّ حرف مشبہ بالفعل عَلٰی حرف جار نَا ضمیر مجرور جار مجرور مل کر متعلق ثابت شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر حِسَابَ مصدر مضاف ھُمْ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ اسم مؤخر۔ اِنَّ اپنے اسم مؤخر و خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۵۔ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ: بے شک وہ بہت بخشنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل و حرف نسخ ہٗ ضمیر منصوب متصل اس کا اسم۔ ھُوَ ضمیر فصل لا محل لها فی الاعراب الغفور خبر اول الرحیم خبر ثانی اِنَّ اپنے اسم و دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

۲۶۔ أَتَمَنّٰی اَنَّ الْقَمَرَ طَالِعٌ: میں خواہش کرتا ہوں کہ چاند طلوع ہو۔

أَتَمَنّٰی فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں أنا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل اَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی اَلْقَمَرَ اس کا اسم طَالِعٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اَنَّ کا اسم اپنی خبر سے مل کر صلہ، موصول وصلہ بتاویل مفرد ہو کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۲۷۔ لَا شَکَّ فِي اَنَّ الْأَدَبَ وَاجِبٌ: اس بات میں کوئی شک نہیں کہ ادب ضروری ہے۔

لَا نفی جنس شَکَّ اس کا اسم فی حرف جار اَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی اَلْاَدَبَ اس کا اسم واجب شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اَنَّ کا اسم اپنی خبر سے مل کر صلہ، موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثابت شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ومتعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، لا نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۸۔ قَالَتْ اِنَّ اَبِي يَدْعُوكَ: اس (لڑکی) نے کہا کہ میرا باپ تجھے بلاتا ہے۔

قَالَتْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب اسمیں ھی ضمیر جوازاً مستتر فاعل۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَبُ مضاف یِ ضمیر متکلم مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ اِنَّ کا اسم یَدْعُوْ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل کَ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ محلاً منصوب مفعول بہ (مقولہ)۔ فعل اپنے فاعل ومقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 18 کی تراکیب

۱۔ لَا سُرُوْرَ دَائِمٌ: کوئی خوشی ہمیشہ رہنے والی نہیں۔

لا نفی جنس سُرُوْرَ اس کا اسم دائم شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لا نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر اسمیہ خبریہ۔

۲۔ لا غُلَامَ رَجُلٍ ظَرِيْفٌ: کوئی غلام کسی مرد کا ایسا نہیں جو زیرک ہو۔

لا نفی جنس غلام مضاف رجل مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ اس کا اسم۔ ظَرِيْفٌ شبہ فعل صفت مشبہ اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لا نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۔ لا رَاكِبًا فَرَسًا ذَاهِبٌ: کوئی گھوڑ اسوار جانے والا نہیں۔

لا نفی جنس رَاكِبًا شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل فَرَسًا مفعول بہ۔ شبہ فعل اپنے فاعل و مفعول سے مل کر شبہ جملہ ہو کر لا نفی جنس کا اسم ذَاهِبٌ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر لا نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۴۔ لا بُسْتَانَ مُثْمِرٌ: کوئی باغ پھل دار نہیں۔

لا نفی جنس بُسْتَانَ اس کا اسم مُثْمِرٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لا نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۵۔ لَا الرَّجُلُ فِی الدَّارِ وَلَا ابْنُهٗ: گھر میں نہ آدمی ہے اور نہ اس کا بیٹا۔

لا نفی جنس غیر عاملہ۔ الرَّجُلُ معطوف علیہ فی حرف جار الدار مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل ثابتان کے شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُمَا نائب ضمیر الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر واؤ عاطفہ لا زائدہ برائے تاکید ابن مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف مبتدا۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

٦۔ لَا شَجَرَةٌ اِلَّا مُثْمِرَةٌ: درخت پھل دار ہے۔

لا ملغی عن العمل شَجَرَةٌ مبتدا الا حرف استثنا لغو مُثْمِرَةٌ شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔ لا نفی جنس غیر عاملہ شَجَرَةٌ مبتدا الَّا حرف استثنا مُثْمِرَةٌ شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

٧۔ لا فِي الْحَدِيْقَةِ صِبْيَانٌ وَلَا بَنَاتٌ: باغیچہ میں نہ بچے ہیں اور نہ بچیاں۔

لا نفی جنس غیر عاملہ فی حرف جار اَلْحَدِيْقَةِ مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابتان شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے هُمَا ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم صبیان معطوف علیہ واؤ عاطفہ لا زائدہ برائے تاکید بنات معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم و مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

٨۔ وُضِعَ الْأَثَاثُ فِي الْحُجْرَةِ بِلَاتَرْتِيْبٍ: سامان کمرے میں بلا ترتیب رکھا گیا۔

وُضِعَ فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب الاثاث اسکا نائب الفاعل فی حرف جار اَلْحُجْرَةِ مجرور، جار مجرور ملکر ظرف لغوب حرف جار لا نفی جنس غیر عاملہ ترتیب مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف لغو، فعل اپنے نائب الفاعل سے اور دونوں ظروف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

٩۔ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ: اس کی ترکیب آگے ہے۔

١٠۔ لا حَوْلَ ولا قُوَّةَ الا بِاللهِ العلّي العظيم: گناہوں سے بچنے کی طاقت نہیں مگر اللہ کی توفیق سے اور اطاعت کرنے کی قوت نہیں مگر اللہ کی توفیق سے۔

نوٹ: یہ مرادی معنی ہیں لفظی نہیں۔

لا نفی جنس حَوْلَ اسکا اسم اِلّا باللّٰہ العلی العظیم مقدر جسمیں الا حرف استثنا با حرف جار لفظ اللہ اسم جلالت موصوف العظیم شبہ فعل اپنے ہو ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف باصفت ب جار کا مجرور۔ جار مجرور ملکر متعلق مَوْجُوْدٌ مقدر کے۔ مَوْجُوْدٌ شبہ فعل اسم مفعول اپنے ہو نائب الفاعل و متعلق سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لا نفی جنس اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لا برائے نفی جنس قُوَّةَ اس کا اسم

Marfat.com

الا حرف استثناب حرف جار لفظ اللہ اسم جلالت موصوف العلی صفت اول و العظیم صفت ثانی موصوف اپنی دونوں صفات سے مل کر باصفت ب کا مجرور۔ جار مجرور ملکر متعلق موجودة شبہ فعل مقدر کے شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر نائب الفاعل و متعلق سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لانفی جنس اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

۱۱۔ لَاحَوْلَ ولا قُوَّةَ الا باللہ العظیم:

لا نفی جنس حَوْلَ معطوف علیہ واوَ عاطفہ لا زائدہ برائے تاکید قُوَّةَ معطوف علی محل اسم (لاالاُولی) معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر لَا اسم۔ اِلَّا حرف استثناب حرف جار لفظ اللہ اسم جلالت موصوف العَظِیمِ صفت موصوف صفت ملکر ب کا مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا موجودان شبہ فعل مقدر کا۔ شبہ فعل اپنے هُمَا ضمیر نائب الفاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر لانفی جنس اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۱) لا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا باللّٰہِ الْعلِیّ العظیم: گناہوں سے بچنے کی طاقت نہیں مگر اللہ کی توفیق سے اور اطاعت کرنے کی قوت نہیں مگر اللہ کی توفیق سے (یہ مرادی معنی ہیں)۔

لا نفی جنس حول مبتدا معطوف علیہ باعتبار محل بعید اور باعتبار محل قریب لا کا اسم الا باللہ العلی العظیم مقدر اِلَّا حرف استثناب حرف جار لفظ اللہ اسم جلالت موصوف العلی صفت اول العظیم صفت ثانی موصوف اپنی دونوں صفتوں سے ملکر ب کا مجرور جار مجرور ملکر مستثنیٰ مفرغ ہو کر ظرف مستقر ہوا مَوْجُوْدٌ شبہ فعل مقدر کا شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر نائب الفاعل اور ظرف مستقر سے ملکر خبر۔ لا کی خبر معطوف علیہ وا وحرف عطف لا برائے نفی جنس غیر عاملہ قُوَّةٌ معطوف بر مبتدا الا حرف استثناب حرف جار لفظ اللہ اسم جلالت موصوف العلی صفت اول العظیم صفت ثانی۔ موصوف اپنی دونوں صفتوں سے ملکر ب کا مجرور۔ جار مجرور ملکر مستثنیٰ مفرغ ہو کر ظرف مستقر ہوا مَوْجُوْدَةٌ شبہ فعل کا شبہ، فعل اپنے ھی ضمیر نائب الفاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا کی خبر معطوف بر خبر لانفی جنس لا نفی جنس کا اسم اور مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۲) لَاحَوْلٌ وَلَا قُوَّةٌ اِلَّا باللہ العلی العظیم:

Marfat.com

لا نفی جنس غیر عاملہ حَوْلٌ معطوف علیہ واؤ حرف عطف لا زائدہ قُوَّةٌ معطوف معطوف علیہ با معطوف مبتدا الا حرف استثناب حرف جار اسم جلالت موصوف العلی صفت اول العظیم صفت ثانی۔ موصوف صفت مستثنیٰ مفرغ ہوکر ظرف مستقر ہوا موجودان شبہ فعل کا۔ شبہ فعل اپنے هُمَا ضمیر نائب الفاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر۔ مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

(۳) لا حَوْلٌ و لا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ:

لا مشابہ بلیس حَوْلٌ اس کا اسم اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ مقدر اس میں اِلَّا حرف استثنا با حرف جار اسم جلالت موصوف اَلْعَلِيِّ صفت اول اَلْعَظِيْمُ صفت ثانی موصوف اپنی دونوں صفتوں سے ملکر با کا مجرور۔ جار مجرور ملکر مستثنیٰ مفرغ ہوکر ظرف مستقر ہوا موجوداً مقدر کا شبہ فعل اپنے هما ضمیر نائب الفاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر لا مشبہ بلیس اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

لا برائے نفی جنس قوةَ اس کا اسم الا حرف استثنا با حرف جار اسم جلالت موصوف العلی صفت اول العظیم صفت ثانی موصوف اپنی دونوں صفتوں سے ملکر با جار کا مجرور جار مجرور ملکر مستثنیٰ مفرغ ہوکر ظرف مستقر ہوا مَوْجُوْدَةٌ مقدر کا، شبہ فعل اپنے هی نائب الفاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر۔ لا نفی جنس اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

۱۲۔ لا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ:

لا نفی جنس غیر عاملہ رَفَثٌ معطوف علیہ واو عاطفہ لا زائدہ فُسُوْقٌ معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مبتدا جس کی خبر موجودان محذوف ہے موجودان شبہ فعل اپنے هما ضمیر نائب الفاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر، مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۱۳۔ لَافِي الْقَصِيْدَةِ هِجَاءٌ و لا مَدِيْحٌ: قصیدہ میں نہ ہجو ہے اور نہ مدح۔

لا نفی جنس غیر عاملہ فِيْ جار القصيدة مجرور۔ جار مجرور ملکر متعلق موجودان شبہ فعل مقدر کے موجودانِ شبہ فعل اپنے هما ضمیر نائب الفاعل اور متعلق سے ملکر شبہ جملہ ہوکر

Marfat.com

خبر مقدم ھِجَاءٌ معطوف علیہ واؤ عاطفہ لا نفی جنس غیر عاملہ مَدِیْحٌ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم اور مبتدا مؤخر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۱۴۔ اشتریتُ الحِصَانَ بِلاَ سَرْجٍ: میں نے بغیر زین کے گھوڑا خریدا۔

اشتریتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل الحصان مفعول بہ باحرف جار لا نفی جنس غیر عاملہ سرجٍ مجرور، جار مجرور ملکر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۵۔ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ: نہ اس میں مضر صحت کوئی چیز ہے اور نہ وہ اس کے (پینے) سے مدہوش ہونگے۔

لا نفی جنس مُلغٰی عن العَمل فی حرف جار ھا ضمیر مجرور جار مجرور ملکر متعلق ثابت شبہ فعل مقدر کے۔ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر مقدم غَوْلٌ نکرہ مبتدا مؤخر، خبر مقدم ومبتدا مؤخر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ لا نفی جنس غیر عاملہ ھُم ضمیر مرفوع منفصل مبتدا عن حرف جار ھا ضمیر مجرور جار مجرور ملکر متعلق مابعد فعل کے يُنْزَفُوْنَ فعل مضارع مجہول واو جمع نائب الفاعل، فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ۔

۱۶۔ لا الْمُؤْمِنُوْنَ قَانِطُوْنَ: مومن مایوس ہونے والے نہیں ہیں۔

لا نفی جنس غیر عاملہ المومنون مبتدا قانِطُوْن شبہ فعل اپنے ھُم ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 19 کی تراکیب

۱۔ رَأَیْتُ الصُّلْحَ خَیْراً: میں نے صلح کو اچھا یقین کیا۔
رَأَیْتُ فعل با فاعل الصُّلْحَ مفعول اول خَیْراً مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ ظَنَنْتُ الْمَاءَ بَارِداً: میں نے پانی کو ٹھنڈا گمان کیا۔
ظَنَنْتُ فعل با فاعل اَلْمَاءَ مفعول بہ اول بَارِداً مفعول ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ زَعَمْتُ الشَّیْطَانَ شُکُوْراً: میں نے شیطان کو شکر کرنے والا گمان کیا۔
زَعَمْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل الشَّیْطَانَ مفعول بہ اول شُکُوْرًا مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ اسمیہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ عَلِمْتُ الْجَوَّ مُعْتَدِلاً: میں نے فضا کو معتدل جانا۔
عَلِمْتُ فعل با فاعل الجَوَّ مفعول بہ اول معتدلاً مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۵۔ ظَنَنْتُ الشَّجَرَ مُثْمِراً: میں نے درخت کو پھلدار گمان کیا۔
ظَنَنْتُ فعل با فاعل الشَّجَرَ مفعول بہ اول مُثْمِراً مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۶۔ عَلِمْتُ اللّٰہَ غَفُوْراً: میں نے اللہ تعالیٰ کو بخشنے والا یقین کیا۔
عَلِمْتُ فعل با فاعل اسم جلالت لفظ اللّٰہ مفعول بہ اول غَفُوْرًا مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۷۔ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰۤؤُلَآءِ یَنْطِقُوْنَ: اور کہنے لگے کہ تم خوب جانتے ہو کہ یہ بولتے نہیں۔

Marfat.com

لام ابتدائیہ قَدْ تحقیقیہ ما نافیہ هٰؤُلَاءِ مبتدا ینطقون فعل مضارع معروف اسمیں واوَ جمع ضمیر فاعل، جملہ فعلیہ ہوکر خبر عَلِمْتَ فعل بافاعل، مبتدا اور خبر ملکر جملہ اسمیہ محلا منصوب کا مفعول جو کہ دو مفعولوں کے قائمقام ہوگا، فعل اپنے فاعل اور قائم مقام مفعولین سے ملکر جملہ فعلیہ۔

۸۔ ظَنَنْتُ لَزَيْدٌ قَائِمٌ:

ظَنَنْتُ فعل بافاعل لام ابتدائیہ زَيْدٌ مبتدا قَائِمٌ شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ محلا منصوب مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۹۔ زَيْدٌ عَلِمْتُ فَاضِلٌ: میں نے زید کو فاضل جانا۔

زَيْدٌ مبتدا علمتُ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ فاضلٌ خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ۔

۱۰۔ اَلْجَوُّ مُعْتَدِلٌ عَلِمْتُ: فضا معتدل ہے میں نے جانا۔

الجَوُّ مبتدا معتدل شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ عَلِمْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۱۔ اَلْجَوَّ عَلِمْتُ مُعْتَدِلًا: میں نے جان لیا کہ فضا معتدل ہے۔

اَلْجَوَّ مفعول بہ اول مقدم عَلِمْتُ فعل بافاعل مُعْتَدِلًا مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۲۔ اَلْجَوَّ مُعْتَدِلًا عَلِمْتُ:

اَلْجَوَّ مفعول بہ اول مُعْتَدِلًا مفعول بہ ثانی۔ عَلِمْتُ فعل بافاعل، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۳۔ وَجَدْتُ الضَّالَّةَ: میں نے گمشدہ چیز کو پالیا۔

وَجَدْتُ فعل ماضی معروف بمعنی اَصَبْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر فاعل الضَّالَّةَ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

۱۴۔ عَلِمتُ زَیدًا: میں نے زید کو پہچان لیا۔

عَلِمتُ بمعنی عرفتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر فاعل زیدًا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۵۔ رائیتُ جبلًا: میں نے پہاڑ کو دیکھا۔

رائیتُ فعل بمعنی اَبصرتُ ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر فاعل جبلًا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۶۔ جَعَلَ اللہُ الارضَ فِراشاً: اللہ نے زمین کو بچھونا بنایا۔

جعل فعل تصییر واحد مذکر غائب اسم جلالت فاعل الارض مفعول بہ اول فراشاً مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۷۔ اتَّخَذَ اللہُ اِبْرٰھِیْمَ خَلِیْلًا: اللہ تعالی نے ابراہیم کو دوست بنایا۔

اِتّخذ فعل تصییر اسم جلالت فاعل ابراھیم مفعول بہ اوّل خلیلًا مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۸۔ صَیَّرتُ الطینَ خزفاً: میں نے مٹی کو ٹھیکری کر دیا یا بنایا۔

صَیَّرتُ فعل تصییر فعل با فاعل الطین مفعول بہ اول خزفاً مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۹۔ ترکتُ الرَّجُلَ حیرانًا: میں نے آدمی کو حیران کر دیا۔

ترکتُ فعل تصییر واحد متکلم تُ ضمیر فاعل الرجل مفعول بہ اول حیرانًا مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۰۔ خلق اللہ الارضِ واسعةً: اللہ تعالی نے زمین کو وسیع بنایا۔

خلق فعل تصییر ماضی معروف واحد مذکر غائب اسم جلالت فاعل الارض مفعول بہ اول واسعةً مفعول بہ ثانی۔ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۱۔ اِنَّ عَمَلَکَ مُتقَنٌ: بے شک آپ کا کام پختہ ہے۔

اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل عمل مضاف کَ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف

Marfat.com

الیہ اسم مُتقَنٌ شبہ فعل اسم مفعول اپنے ھو ضمیر نائب الفاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر۔ اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۲۔ اِنْ عَمَلُکَ لَمُتقَنٌ: بے شک آپ کا کام پختہ ہے۔

اِنْ مکسورہ مخففہ عن مثقلہ مشبہ بالفعل عمل مضاف ک مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ مبتدا لام فارقہ مُتقَنٌ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر اِنْ مکسورہ مخففہ اپنے مبتدا اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۳۔ بلغني ان لم يُقبَضْ علی اللصّ: مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ چور گرفتار نہیں کیا گیا۔

بلغ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب نون وقایہ ی ضمیر مفعول بہ اَنْ مخففہ ہُ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَمْ جازمہ یُقبَضْ فعل مضارع مجہول عَلَی اللصِّ جار مجرور نائب الفاعل فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر اَنْ مخففہ کی خبر۔ اَنْ مخففہ اپنے اسم اور خبر سے ملکر بلغ کا فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۴۔ الشمسُ طالِعَةٌ لکِنِ المطر نازِلٌ: سورج طلوع ہے لیکن بارش ہو رہی ہے۔

الشمسُ مبتدا طَالِعَةٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ لکن مخففہ غیر عاملہ المطر مبتدا نازلٌ خبر۔ مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 20 کی تراکیب

۱۔ جلس التِّلْمِیْذُ: طالبعلم بیٹھا۔

جَلَسَ فعل التِّلْمِیْذُ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ ثَارَ الغبارُ: غبار اڑا۔

ثَارَ فعل الغبار فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔اکل الثعلبُ دجاجۃً: لومڑی نے مرغی کھائی۔

اکل فعل الثعلبُ فاعل دجاجۃً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ طوی الخادمُ الثوبَ: خادم نے کپڑے کو لپیٹا۔

طوی فعل الخادم فاعل الثوب مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۵۔ اعطیتُ السائلَ خبزًا: میں نے سائل کو روٹی دی۔

اعطیتُ فعل با فاعل السائل مفعول اول خبزاً مفعول بہ الثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۶۔ اعلمتُ علیاً الکتاب مفیداً: میں نے علی کو بتایا کہ کتاب مفید ہے۔

اعلمت فعل با فاعل علیًا مفعول بہ اول الکتاب مفعول ثانی مفیدًا مفعول ثالث فعل اپنے فاعل اور تینوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۷۔ اری اللهُ المومنَ الْجنۃَ مثواہ: اللہ تعالی نے مؤمن کو جنت اسکا ٹھکانا دکھایا۔

اَرٰی فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اسم جلالت فاعل المؤمِنَ مفعول بہ اول اَلْجَنَّۃَ مفعول بہ ثانی مثوی مضاف ہ مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ثالث،

Marfat.com

فعل اپنے فاعل اور تینوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۸۔ شُرِبَ المَاءُ: پانی پیا گیا۔

شُرِبَ فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب المَاءُ اسکا نائب الفاعل، فعل اپنے نائب الفاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۹۔ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ: انکے اعمال ضائع ہو گئے۔

حَبِطَتْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب اعمالُ مضاف ھم ضمیر مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۰۔ اَخَذَ التِّلْمِيْذُ الجائزَةَ: شاگرد نے انعام لیا، حاصل کیا۔

اَخَذَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب التِّلْمِيْذُ اسکا فاعل، الجائزۃ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۱۔ شَبِعَ الْطِفْلُ: بچہ سیر ہوا۔

شبعَ فعل ماضی معروف واحد مذکر الطفلُ اسکا فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۲۔ نَهَضَ المصلی من السجدة: نمازی سجدہ سے اٹھا۔

نَهَضَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب المصلی اسکا فاعل مِنْ حرف جار السجدۃ مجرور جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل ومتعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۳۔ طَلَعَتِ الشَمْسُ: سورج طلوع ہوا۔

طلعت فعل ماضی معروف واحد مونث غائب الشمس فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۴۔ قَصَدَ الطِّفْلُ اُمَّهُ: بچے نے اپنی ماں کا قصد کیا۔

قَصَدَ ماضی معروف واحد مذکر غائب الطِّفْلُ فاعل اُمّ مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۵۔ خَمِدَتِ النَّارُ: آگ بجھ چکی۔

Marfat.com

خَمِدَتْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب النَّارُ اسکا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۶۔ أَنْبَأَنِي الرَّسُوْلُ الْأَمِيْرَ قَادِماً: مجھے قاصد نے بتایا کہ امیر آنیوالا ہے۔

أَنْبَأَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ن وقایہ ی ضمیر مفعول الرسول فاعل الامیر مفعول بہ اول قادِماً مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۷۔ یسقی الطَّبِیْبُ المریض دواءً: ڈاکٹر مریض کو دوائی پلاتا ہے۔

یسقی فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب الطَّبِیْبُ فاعل المریضَ مفعول بہ اول دواءً مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 21 کی تراکیب

۱۔ لَمَعَ الْبَرْقُ: بجلی چمکی۔

لمع فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب البرق اسکا فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ یسقطُ الثَّلْجُ: برف گرتی ہے۔

یسقطُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب الثَّلْجُ اسکا فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ وَقَفَ الثورُ: بیل کھڑا ہوا۔

وَقَفَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الثَّوْرُ اسکا فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ الرَّجلُ قَائِمٌ ابنُهُ: مرد اسکا بیٹا کھڑا ہے۔

الرَّجلُ مبتدا قَائِمٌ شبہ فعل اسم فاعل واحد مذکر ابن مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ مضاف بامضاف الیہ شبہ فعل کا فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۵۔ طَارَ العُصفُورُ: چڑیا اڑ گئی۔

طَارَ فعل اَلْعُصْفُوْرُ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

۶۔ اَکَلَ التلمِیْذُ خُبزًا: شاگرد نے روٹی کھائی۔

اکل فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب التِلْمِیْذُ اسکا فاعل خُبزًا مفعول بہ، فعل با فاعل بامفعول جملہ فعلیہ خبریہ۔

۷۔ قذف الطفل الکرۃ: بچے نے گیند پھینکی۔

Marfat.com

قَذَفَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اَلطِّفْلُ فاعل اَلْکُرَۃَ مفعول بہ۔فعل با فاعل بامفعول جملہ فعلیہ خبریہ۔

۸۔ لَعِبَتْ فَاطِمَۃُ: فاطمہ کھیلی۔

لَعِبَتْ فعل فاطمۃ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

۹۔ لعب الطفلان: دو بچے کھیلے۔

لعب فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الطفلانِ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۰۔ لَعِبَتِ الْبِنْتَانِ: دو بچیاں کھیلیں۔

لعبت فعل ماضی معروف واحد مونث غائب البنتانِ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۱۔ فاطمۃُ لَعِبَتْ: فاطمہ کھیلی۔

فاطمۃُ مبتدا لعبت فعل اس میں ھی ضمیر مستتر فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۲۔ اَلطفلانِ لَعِبَا: دو بچے کھیلے۔

الطفلانِ مبتدا لَعِبَا فعل اس میں الف تثنیہ فاعل فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۳۔ اَلْاَطْفَالُ لَعِبُوْا: بچے کھیلے۔

الاطفال مبتدا لعبوا فعل ماضی معروف جمع مذکر غائب اس میں واو جمع فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ ہوکر خبر مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۴۔ البنتانِ لعبتا: دو بچیاں کھیلیں۔

البنتانِ مبتدا لعبتا فعل ماضی معروف تثنیہ مونث غائب اس میں الف تثنیہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۵۔ البناتُ لَعِبْنَ: بچیاں کھیلیں۔

Marfat.com

البنات مبتدا لعبن فعل ماضی معروف جمع مونث غائب اس میں نون نسوہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۸۔ حَازَتْ لیلیٰ جائزۃً:

حَازَتْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب لیلیٰ فاعل جائزۃً مفعول بہ، فعل با فاعل با مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۹۔ الشَّمْسُ طَلَعَتْ: سورج طلوع ہوا۔

الشَّمْسُ مبتدا طَلَعَتْ فعل اس میں ھی فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۰۔ حضرت الیوم فَاطِمَۃُ: آج فاطمہ آئی۔

حَضَرَتْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب الیوم مفعول فیہ فاطمۃ فاعل، فعل با فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۱۔ جاء ت الرجالُ: مرد آئے۔

جَاءَ تْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب الرجال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۲۔ ذَھَبَتِ الایام: دن گزر گئے۔

ذھبت فعل ماضی معروف واحد مونث غائب الایام فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۳۔ الایامُ ذَھَبَتْ: دن گزر گئے۔

اَلْاَیَّامُ مبتدا ذھبت فعل ماضی معروف واحد مونث غائب اس میں ھی ضمیر مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۴۔ الایامُ ذھبن: دن گزر گئے۔

اَلْاَیَّامُ مبتدا ذھبن فعل ماضی معروف جمع مونث غائب اس میں نون نسوہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

۲۵۔ الرِّجَالُ ذَهَبُوْا: مرد گئے۔

الرجال مبتدا ذھبوا فعل ماضی معروف جمع مذکر غائب اس میں واو جمع فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۶۔ اکل خبزاً زَیْدٌ: زید نے روٹی کھائی۔

اکل فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب خبزاً مفعول بہ زَیْدٌ فاعل، فعل با فاعل با مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۷۔ ضَرَبَ موسیٰ عیسیٰ: موسیٰ نے عیسیٰ کو مارا۔

ضرب فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب موسی اسم مقصور اس کا فاعل عیسی اسم مقصور اس کا مفعول بہ، فعل با فاعل با مفعول جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۸۔ اکل الکمثری یحییٰ: یحییٰ نے امرود کھایا۔

اَکَلَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اَلْکُمَّثْرٰی مفعول بہ یحییٰ فاعل، فعل با فاعل با مفعول جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۹۔ حفظتُ دَرْسِی: میں نے اپنا سبق یاد کیا۔

حَفِظْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل درس مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۰۔ ما حفظ التلمیذُ اِلاَّ درساً: طالب علم نے یاد نہیں کیا مگر ایک سبق۔

ما نافیہ حَفِظَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب التلمیذُ اسکا فاعل اِلاَّ حرف استثنا دَرساً مستثنٰی مفرغ مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۱۔ مَنْ عَلَّمَکَ؟: تجھے کس نے سکھایا۔

من استفہامیہ مبتدا عَلَّمَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ھو ضمیر مستتر فاعل کَ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ، فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر خبر مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

Marfat.com

۳۲۔ وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ: اور اگر مشرکین میں سے کوئی آپ سے پناہ طلب کرے تو آپ اسے پناہ دے دیں۔

واؤ عاطفہ ان حرف شرط جازمہ استجارک فعل محذوف واحد مذکر غائب جس میں ک ضمیر مفعول بہ اَحَدٌ موصوف من المشرکین جار مجرور مل کر متعلق ثابت شبہ فعل کے شبہ عل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف صفت مل کر فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر مفسر اِسْتَجارَ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و ک ضمیر منصوب متصل مفعول بہ سے مل کر تفسیر۔ مفسر و تفسیر مل کر شرط ف حرف رابطہ برائے جواب شرط، اَجِرْ فعل اسم میں انت ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل فاعل و مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزاء شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

۳۳۔ أَحَفِظْتَ درساً؟ کیا تو نے سبق یاد کیا؟

أ حرف استفہام لا محل لها من الاعراب حفظت فعل ماضی معروف واحد مذکر مخاطب تَ ضمیر مرفوع متصل فاعل درساً مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۴۔ اَلرِّجَالُ اُخِذُوْا: مرد پکڑ لیے گئے۔

الرجال مبتدا اخذوا فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب اس میں واو جمع ضمیر مرفوع متصل نائب الفاعل فعل اپنے نائب الفاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۵۔ وَسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ: اور ہم نے فرمانبردار بنادیا داود کا پہاڑوں اور پرندوں کو وہ سب ان کے ساتھ مل کر تسبیح کیا کرتے۔

واؤ عاطفہ سخرنا فعل ماضی معروف جمع متکلم نا ضمیر فاعل مَعَ مضاف دَاوٗدَ مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ الجبال مفعول بہ فعل اپنے فاعل مفعول فیہ و مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔ یُسَبِّحْنَ فعل مضارع معروف جمع مونث غائب اس میں نون نسوہ فاعل واو معیت الطیر مفعول معہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول معہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

ترکیب نمبر 2: واؤ عاطفہ سَخرنا فعل ماضی معروف جمع متکلم نا ضمیر فاعل مع مضاف

Marfat.com

دَاوُدَ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول فیہ۔ الجبال معطوف علیہ واوَ عاطفہ الطیر معطوف معطوف معطوف علیہ مل کر ذوالحال۔ یُسَبِّحْنَ فعل مضارع معروف جمع مونث غائب اس میں نون نسوہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حال۔ حال ذوالحال مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل مفعول فیہ ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ (تفسیر مظہری)۔

۳۶۔ لَا یَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَکْبَرُ وَ تَتَلَقّٰهُمُ الْمَلٰٓئِکَةُ: نہ غمناک کرے گی انہیں وہ بڑی گھبراہٹ اور فرشتے ان کا استقبال کریں گے۔

لا نافیہ یحزن فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب ھم ضمیر مفعول بہ الفزع موصوف الاکبر شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف با صفت فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واو عاطفہ تَتَلَقّی فعل مضارع معروف واحد مونث غائب ھم ضمیر مفعول بہ الملئِکَۃُ فاعل، فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف۔

۳۷۔ حَتّٰٓی اِذَا فُتِحَتْ یَاْجُوْجُ وَ مَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ کُلِّ حَدَبٍ یَّنْسِلُوْنَ: یہاں تک کہ جب کھول دیے جائیں گے یاجوج ماجوج اور وہ ہر بلندی سے بڑی تیزی کے ساتھ نیچے اترنے لگیں گے۔

حتی ابتدائیہ اذاظرفیہ مفعول فیہ مقدم فتحت فعل ماضی مجہول واحد مونث غائب یاجوج معطوف علیہ واو عاطفہ ماجوج معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذوالحال واو حالیہ ھُمْ مبتدا من حرف جار کلّ مضاف حدب مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ ملکر جار کا مجرور جار مجرور ملکر متعلق مابعد فعل کے ینسلون فعل مضارع معروف جمع مذکر غائب اس میں واو جمع فاعل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ ہو کر حال، حال ذوالحال ملکر نائب الفاعل، فعل اپنے نائب الفاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۸۔ وَقَالَ نِسْوَةٌ فِی الْمَدِیْنَةِ: کہنے لگیں عورتیں شہر میں۔

واوَ مستانفہ قال فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب نِسْوَةٌ اس کا فاعل فی جار المدینۃ

Marfat.com

مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۹۔قال فی المدینة نِسْوَةٌ: کہنے لگیں عورتیں شہر میں۔

قال فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب فی جار المدینة مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ نِسْوَةٌ اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

ترکیب 2: اس نے کہا کہ شہر میں عورتیں ہیں۔ قال فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل فی جارہ اَلْمَدِیْنَةِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتَةٌ شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھِیَ ضمیر فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم۔ نِسْوَةٌ مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم اور مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ محلاً منصوب مفعول بہ (مقولہ)۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ (مقولہ) سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

نوٹ: فعل مذکر اس لیے آیا ہے کیونکہ نِسْوَةٌ جمع مکسر ہے۔

۴۰۔سافر الیومَ فاطمةُ: فاطمہ نے آج سفر کیا۔

سافر فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الیومَ مفعول فیہ۔ فاطمةُ فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۱۔وذھبتْ الی مَکَّةَ و عادت الی دارھا بَعْدَ ایّامٍ: اور وہ مکہ گئی اور چند دنوں کے بعد اپنے گھر لوٹ آئی۔

واؤ عاطفہ ذھبت فعل ماضی معروف واحد مونث غائب اس میں ھِیَ ضمیر مستتر فاعل الی جارہ مَکَّة مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف لغو۔ فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ واؤ عاطفہ عادت فعل ماضی معروف واحد مونث غائب اس میں ھِیَ ضمیر مستتر فاعل الی حرف جار دارِ مضاف ھا ضمیر مضاف۔ مضاف با مضاف الیہ الی کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ بعد مضاف ایامٍ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل مفعول فیہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۲۔فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ: پس جس کے پاس آگئی نصیحت اپنے رب کی طرف سے۔

Marfat.com

ف مستانفہ مَنْ شرطیہ مبتدا جَاءَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مَوْعِظَةٌ موصوف مِنْ حرف جار رب مضاف ہٖ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف اور مضاف الیہ مل کر من کا مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابتَةٌ شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر صفت۔ موصوف صفت مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ۔

۴۳۔ وَجَعَلَ الْمُوْسِرُوْنَ يَنْثُرُوْنَ الذَّهَبَ وَالفِضَّةَ عَلَى المساكين: امراء نے سونا اور چاندی کو مساکین پر بکھیرنا شروع کر دیا۔

واؤ عاطفہ جعل فعل شروع الامراء اس کا اسم ینثرون فعل مضارع معروف جمع مذکر غائب اس میں واؤ جمع فاعل الذهب معطوف علیہ واؤ عاطفہ الفضة معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ۔ علی حرف جار المساکین مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ جعل اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 22 کی تراکیب

حَفِظْتُ الدَّرْسَ: میں نے سبق یاد کیا۔

حفظت فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر اس کا فاعل الدرس مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

شَدَّ التِّلْمِيْذُ الحَبْلَ: طالب علم نے رسی باندھی۔

شد فعل التلميذ فاعل الحبل مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

الدَّرْسَ حَفِظْتُ:

الدَّرْسَ مفعول بہ مقدم ہے باقی ترکیب پہلی مثال کی طرح ہے۔

۱۔ مزّق الغلامُ الورقَ: بچے نے ورق پھاڑا۔

مزق فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الغلامُ فاعل الورق مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ رمى الشبكة الصَّيَّادُ: شکاری نے جال پھینکا۔

رمی فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الشبكة مفعول بہ الصَّيَّادُ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ صنع النّجارُ كرسِيًّا: بڑھئی نے کرسی بنائی۔

صنع فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب النجار فاعل كُرسِيًّا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ ابْصَرَ الرجلُ الهِلالَ: خاص مرد نے چاند دیکھا۔

اَبْصَرَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الرجل فاعل الهلال مفعول بہ، فعل اپنے

Marfat.com

فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۵۔ قطع الولدُ الغصنَ: بچے نے ٹہنی کاٹی۔

قطع فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الولدُ فاعل الغصنَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۶۔ الفُوْلَ أَكَلَ الحمارُ: لوبیا گدھے نے کھایا۔

الفول مفعول بہ مقدم اکل فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الحمارُ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۷۔ شَدَّ التِلْمِيْذُ الحَبْلَ: شاگرد نے رسی باندھی۔

شدّ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب التلمیذ فاعل الحبل مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۸۔ الدرسَ حفظتُ: سبق میں نے یاد کیا۔

الدرس مفعول بہ مقدم حفظتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل۔

۹۔ قطع الحبلَ الولدُ: بچے نے رسی کاٹی:

قطع فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الحبل مفعول بہ الولدُ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۰۔ اکرم الاستاذَ تلمیذُہٗ: استاد کی اس کے شاگرد نے عزت کی۔

اکرم فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الاستاذ مفعول بہ تلمیذُہٗ مضاف مضاف الیہ ملکر فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۱۔ اکرمنی الامیرُ: امیر نے میری عزت کی۔

اکرم فعل نون وقایہ ی ضمیر مفعول بہ الامیرُ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

۱۲۔ مَنْ اخذتَ: تو نے کس کو پکڑا؟

مَنْ مفعول بہ مقدم اَخَذْتَ فعل با فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۳۔ کم کتاباً قرأتَ: تو نے کتنی کتابیں پڑھی ہیں؟

کم استفہامیہ ممیّز کتاباً تمییز، ممیّز تمییز ملکر مفعول بہ مقدم قرأت فعل ماضی معروف واحد مذکر مخاطب تَ ضمیر فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 23 کی تراکیب

۱۔ یا خلیلُ: اے خلیل۔

یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے ادعو فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل خلیلُ منادی مفعول بہ لفظًا مرفوع محلًا منصوب، فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۔ اَیَا عَبْدَاللّٰہِ: اے عبداللہ (اللہ کے بندے)۔

ایا حرف ندا قائم مقام اَدْعُو فعل کے ادعو فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل۔ عبداللہ مضاف مضاف الیہ ملکر منادی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۔ یا زَیْدُ: اے زید۔

اس کی ترکیب یا خلیلُ کی طرح ہے۔

۴۔ یا رَسُوْلَ اللّٰہ: اے اللہ کے رسول۔

اس کی ترکیب یا عبداللہ کی طرح ہے۔

۵۔ یا راکبًا فرسًا: اے گھوڑ سوار۔

یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل راکبًا شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل فرسًا مفعول بہ، شبہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر شبہ جملہ ہوکر منادی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

٦۔ یا مسافرًا الی لبنان: اے لبنان کی طرف سفر کرنے والے۔

یا حرف ندا قائم مقام ادعو مضارع معروف واحد متکلم کے اس میں اَنَا ضمیر

Marfat.com

وجوباً مستتر فاعل۔ مسافراً شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل الی حرف جار لبنانَ مجرور جار مجرور متعلق شبہ فعل کے، شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر شبہ جملہ ہوکر منادی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۷۔ یا مسرعاً فی العجلۃِ النَّدامۃُ: اے جلدی کرنے والے جلدی میں شرمندگی ہے۔

یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل مضارع معروف واحد متکلم کے اس میں اَنَا ضمیر وجوباً مستتر فاعل مسرعاً شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھو مستتر فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر منادی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر ندا فی حرف جار العجلۃِ مجرور جار مجرور ملکر متعلق ثَابِتَۃٌ شبہ فعل مقدر کے، شبہ فعل اپنے ھِیَ ضمیر مستتر فاعل اور متعلق سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر مقدم الندامۃُ مبتدا موخر۔ خبر مقدم اور مبتدا موخر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جواب ندا۔

۸۔ یا عُمَرَ ابنَ الخطَّابِ: اے عمر بن خطاب۔

یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے ادعو فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر وجوباً مستتر فاعل عمر موصوف ابن مضاف الخطاب مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر صفت موصوف اور صفت ملکر منادی مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۹۔ یَاَیُّهَا الْاِنْسَانُ مَاغَرَّكَ: اے انسان کس چیز نے تجھے دھوکے میں رکھا۔

یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے ادعو فعل مضارع معروف واحد متکلم اس مین اَنَا ضمیر وجوباً مستتر فاعل ایّ وصلیہ اسم مبہم مبدل منہ ھا برائے تنبیہ الانسانُ بدل۔ بدل اور مبدل منہ ملکر منادی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ما استفہامیہ مبتدا غرّ فعل ماضی معروف واحد غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

Marfat.com

۱۰۔ یَاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ: اے نفس مطمئنہ۔

یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر مستتر فاعل اَيَّةُ مبدل منہ ھا برائے تنبیہ النَّفْسُ موصوف اَلْمُطْمَئِنَّةُ شبہ فعل اپنے هِیَ ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر صفت، موصوف صفت ملکر بدل، مبدل منہ اور بدل ملکر منادی مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۱۔ یَا اَللّٰهُ: اے اللہ۔

اس کی ترکیب یا زَیْدُ کی طرح ہے۔

۱۲۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ: اے اللہ مجھے بخش دے۔

اللھم اصل میں یا اللہ تھا یا حرف ندا قائم مقام ادعو کے ادعو فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر مستتر فاعل لفظ اللّٰہ اسم جلالت لفظاً مرفوع محلاً منصوب منادی مفعول بہ فعل فاعل مفعول بہ فعلیہ انشائیہ ہوکر ندا، اغفر فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں اَنْتَ ضمیر وجوباً مستتر فاعل لام جارہ ی ضمیر مجرور جار مجرور متعلق فعل کے فعل فاعل متعلق فعلیہ جملہ انشائیہ ہوکر جواب ندا۔

۱۱۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ: اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اصل میں یا اللّٰہ تھا یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ فعل کے اَدْعُوْ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر مستتر فاعل لفظ اللّٰہ اسم جلالت منادی مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ی ضمیر متکلم اس کا اسم اَعُوْذُ فعل مضارع واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر وجوباً مستتر فاعل ب حرف جار ک مجرور جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر خبر اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

۱۲۔ یَا غُلَامِیْ: اے میرے غلام۔

یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ فعل کے اَدْعُوْ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا

Marfat.com

ضمیر وجوبا مستتر فاعل غُلَا مِیْ مضاف مضاف الیہ ملکر منادی مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۳۔ یا غُلَامِیَ :اے میرے غلام۔

اصل میں یا غلامِ ہے اس کی ترکیب پچھلی ترکیب کی طرح ہے۔

۱۴۔ یا غُلَامِ :اے میرے غلام۔

اصل میں یا غلامِی ہے مذکورہ ترکیب کی طرح ترکیب ہوگی۔

۱۵۔ یا أَبَتِ :اے میرے باپ۔ اصل میں یا أَبِیْ ہے۔

یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ فعل کے اس میں أَنَا ضمیر وجوبا مستتر فاعل اَبَتِ اصل میں أَبِیْ تھا اَبُ مضاف ی مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر منادی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

۱۶۔ یا أُمَّتِ :اے میری ماں۔ اصل میں یا أُمِّیْ ہے۔

ترکیب اسی طرح ہوگی جیسے سابقہ تھی۔

۱۷۔ یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا :اے یوسف پاک باز اس بات کو جانے دو۔

اصل میں یَا یُوْسُفُ تھا۔ یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ فعل کے اَدْعُوْ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر وجوبا مستتر فاعل یُوْسُفُ منادی مفعول بہ لفظا مرفوع محلا منصوب، فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر ندا اَعْرِضْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں أَنْتَ ضمیر وجوبا مستتر فاعل عن جار ھذا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۸۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ :اے نبی تم پر سلام ہو۔

اَلسَّلَامُ مبتدا عَلٰی حرف جار کَ ضمیر مجرور جار مجرور متعلق نَازِلٌ شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل اور متعلق سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوکر جواب ندا مقدم۔ اَیُّهَا النَّبِیُّ اصل میں یَا اَیُّهَا النَّبِیُّ تھا یا حرف ندا محذوف قائم مقام

Marfat.com

اَدْعُوْ فعل کے اَدْعُوْ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل
ایّ وصلیہ اسم مبہم موصوف ھا برائے تنبیہ النّبی شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر سے مل کر شبہ جملہ
ہو کر صفت، موصوف صفت ملکر منادی مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر
جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا مؤخر، ندا و جواب ندا ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۹۔ یَا عَبَّا: اے عباس۔ اصل میں یَا عَبَّاسُ تھا۔

یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ فعل کے اَدْعُوْ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں
اَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل، عَبَّا منادی مُرَخَّم مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور منادی مُرَخَّم
سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۰۔ یَا حَارِ: یا حارث۔ اصل میں یَا حَارِثُ تھا۔

اس کی ترکیب مذکورہ کی طرح ہے۔

۲۱۔ یَا جَعْفَ: اے جعفر۔ اصل میں یَا جَعْفَرُ ہے۔

اس کی ترکیب مذکورہ کی طرح ہے۔

۲۳۔ یَا لَلْأَمِیْرِ لِلْفَقِیْرِ: اے امیر! میں فقیر کے لیے مدد طلب کرتا ہوں۔ میں امیر آدمی
سے فقیر کے لیے امداد مانگتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم مقام اَسْتَغِیْثُ فعل مضارع معروف واحد متکلم کے اس میں اَنَا ضمیر
وجوبًا مستتر فاعل لام استغاثہ زائدہ مبنی بر فتحہ اَلْاَمِیْرِ منادی مُستغاث لفظاً مجرور محلاً منصوب
ہو کر مفعول بہ۔ لام حرف جار الفقیر مُستغاث لاجلہ مجرور، جار مجرور ملکر متعلق اَسْتَغِیْثُ فعل
کے، فعل اپنے اَنَا ضمیر فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔ (المنہاج)

۲۴۔ یَا لَلْجَوَادِ لِلْمِسْکِیْنِ: اے سخی میں مسکین کے لیے مدد طلب کرتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم مقام اَسْتَغِیْثُ فعل مضارع معروف واحد متکلم کے اسمیں اَنَا ضمیر
وجوبًا مستتر فاعل لام استغاثہ زائدہ الجوّادِ لفظاً مجرور محلاً منصوب منادی مُستغاث بہ ہو کر
مفعول بہ، لام حرف جار لِلْمِسْکِیْنِ مُستغاث لاجلہ مجرور، جار مجرور ملکر متعلق اَسْتَغِیْثُ فعل

Marfat.com

کے فعل اپنے أَنَا ضمیر فاعل ومفعول بہ ومتعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۵۔یَا لَلْکِرَامِ وَ لِلْمُحْسِنِیْنَ لِضُّعَفَآءِ: میں کریم اور محسن آدمیوں سے ضعیفوں کے لیے امداد چاہتا ہوں۔اے کریم اور احسان کرنیوالے میں کمزوروں کے لیے مدد طلب کرتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم مقام اَسْتَغِیْثُ فعل مضارع معروف واحد متکلم کے اسمیں أنا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل لام استغاثہ زائدہ جارہ الکرام مجرور جار مجرور ملکر معطوف علیہ واو عاطفہ لام استغاثہ زائدہ جارہ اَلْمُحْسِنِیْنَ مجرور جار مجرور ملکر معطوف معطوف علیہ با معطوف لفظًا مجرور محلًا منصوب مفعول بہ لِلضُّعَفَآءِ مُستغاث لاجلہ مجرور جار مجرور ملکر متعلق فعل کے، فعل اَسْتَغِیْثُ اپنے انا ضمیر فاعل مفعول بہ ومتعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔(شرح ابن عقیل۔المنہاج)

۲۶۔یَا مُحَمَّدَا: اے محمد صلی اللہ علیک وسلم میں مدد طلب کرتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم مقام اَسْتَغِیْثُ فعل مضارع معروف واحد متکلم کے اس میں انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل لفظ محمد منادی مستغاث بہ ہوکر مفعول بہ الف استغاثہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۷۔یَا قَوْمَا: اے قوم میں مدد طلب کرتا ہوں۔

اس کی ترکیب مذکورہ ترکیب کی طرح ہے۔

۲۸۔یَاعَلِیُّ: میں علی سے مدد مانگتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم مقام استغیثُ فعل کے اس میں اَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل علیٌّ لفظًا مرفوع محلًا منصوب مستغاث بہ ہوکر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۹۔یَا اَہْلَ الْجُوْدِ: اے سخاوت کرنے والے میں مدد مانگتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم مقام اَسْتَغِیْثُ فعل کے اس میں اَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل اہل الجود مضاف مضاف الیہ ملکر منادی مستغاث ہوکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

Marfat.com

۳۰۔یا لَرَجُلِ الْمُرُوَّةِ لِلْبَائِسِ: میں مدد مانگتا ہوں مروت والے آدمی سے مصیبت زدہ آدمی کے لیے۔

یا حرف ندا قائم مقام اَسْتَغِيْثُ فعل کے اس میں اَنَا ضمیر وجوبا مستتر فاعل لام استغاثہ زائدہ رجل مضاف المروۃ مضاف الیہ۔مضاف با مضاف الیہ لفظاً مجرور محلا منصوب مستغاث بہ ہوکر مفعول بہ،لام جارہ البائس مستغاث لاجلہ مجرور، جار مجرور متعلق اَسْتَغِيْثُ فعل کے فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۱۔یا لِلْحُکَّامِ مِنَ الْغَلَاءِ: میں حکام سے مہنگائی کے لیے امداد چاہتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم مقام اَسْتَغِيْثُ فعل کے، اس میں اَنَا ضمیر وجوبا مستتر فاعل، لام استغاثہ جارہ زائدہ الحکّام لفظاً مجرور محلا منصوب منادی مستغاث بہ ہوکر مفعول بہ، مِنْ حرف جار الغلاءِ مستغاث لاجلہ مجرور، جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۲۔وَارَجُلُ: ہائے مرد۔

وا حرف ندا قائم مقام اَنْدُبُ فعل کے اس میں اَنَا ضمیر وجوبا مستتر فاعل رَجُلُ لفظاً مرفوع محلا منصوب مندوب مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۳۔یا مُثِيْرَ الْحَرْبِ: ہائے جنگ برپا کرنے والے۔

یا حرف ندا قائم مقام اَتَوَجَّعُ فعل کے اس میں اَنَا ضمیر وجوبا مستتر فاعل مُثِيْرَ الْحَرْبِ مضاف ومضاف الیہ ملکر مفعول بہ مندوب، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۴۔واحُسَيْنُ: ہائے حسین۔

اس کی ترکیب وَارَجُلُ کی طرح ہے۔

۳۵۔ وَاغُلَامَ الرَّجُلَ: ہائے مرد کے غلام۔

Marfat.com

اس کی ترکیب یا مثیر الحرب کی طرح ہے۔

۳۶۔ وَاحُسَیْنَا: ہائے حسین۔

واو قائم مقام اَنْدُبُ فعل کے اس میں أنا ضمیر وجوبا مستتر فاعل حُسَیْن مفعول بہ الف برائے ندبہ سے ملکر فعل اپنے فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۷۔ واحُسَیْنَاہ: ہائے حسین۔

اس کے آخر میں ہ برائے وقف ہے اسی طرح مُصِیْبَتَاہُ (ہائے مصیبت) یَا کَبِدَاہُ (ہائے جگر) ان کے آخر میں بھی ہ برائے وقف ہے اور الف ندبہ ہے ترکیب مذکورہ کی طرح ہے۔

۳۸۔ یَارِجَالُ اَتْقِنُوْا اَعْمَالَکُمْ: اے مردو اپنے کام کو پختہ کرو۔

یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ فعل اس میں اَنَا ضمیر وجوبا مستتر فاعل رِجَالُ لفظا مرفوع محلا منصوب منادی مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر ندا اَتْقِنُوْا فعل امر حاضر معروف جمع مذکر اس میں واو جمع ضمیر متصل فاعل اَعْمَالَکُمْ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جواب ندا۔ (بحوالہ البشیر)

۳۹۔ یَا لَاھِیًا عَنْ دَرْسِہٖ: اے اپنے سبق سے غافل ہونے والے۔

یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے اس میں اَنَا ضمیر مستتر فاعل لَاھِیًا شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل عن جارہ درسہ مضاف مضاف الیہ ملکر مجرور جار مجرور متعلق شبہ فعل کے، شبہ فعل اپنے فاعل ومتعلق سے ملکر شبہ جملہ ہوکر منادی مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔ (بحوالہ البشیر)

۴۰۔ اَجِبْ دُعَائِیْ أَیَا مُجِیْبَ الدُّعَاءِ: میری دعا کو قبول فرما اے دعاؤں کے قبول کرنیوالے۔

اَجِبْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر اس میں اَنْتَ ضمیر پوشیدہ فاعل دُعَائِیْ

Marfat.com

مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ، سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر جواب ندا مقدم اَیَا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے اس میں انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل مُجِیبَ مضاف الدُّعَاءِ مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ منادی مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا موخر۔

۴۱۔یا لَرِجَالَ الْمَالِ لِلْفُقَرَاءِ: میں مال والے مردوں سے غریبوں کے لیے مدد مانگتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم مقام اَسْتَغِیْثُ فعل کے اس میں اَنَا ضمیر وجوبا مستتر فاعل لام استغاثہ زائدہ مبنی برفتحہ رِجَالَ مضاف الْمَالِ مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ لفظاً مجرور محلاً منصوب منادی مستغاث بہ ہو کر مفعول بہ لام جارہ الْفُقَرَاءِ مجرور جار مجرور متعلق اَسْتَغِیْثُ فعل کے فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔(المنہاج)

۴۲۔جُوْدُوْا یَا اَهْلَ الْفَضْلِ: اے اہل فضل سخاوت کرو۔

جُوْدُوْا فعل امر حاضر معروف اس میں واو جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ ہو کر جواب ندا مقدم یَا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے اس میں انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل اَهْلَ الْفَضْلِ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر ندا موخر، ندا جواب ندا ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۴۳۔یا حُفَّاظَ الْاَمْنِ لِکَثْرَةِ الْجَرَائِمِ: اے امن کے محافظو میں کثرت جرائم کی وجہ سے پناہ طلب کرتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ فعل کے اس میں انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل حُفَّاظَ مضاف الامْنِ مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ منادی مفعول بہ لام جارہ کَثْرَةِ الْجَرَائِمِ مضاف و مضاف الیہ ملکر مجرور جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۴۴۔وا اِبْنَتَاهْ: ہائے بیٹی۔

Marfat.com

وا حرف ندبہ قائم مقام اندبُ فعل کے اس میں انا ضمیر وجوباً مستتر فاعل بِنتَ منادی منصوب مفعول بہ الف برائے ندبہ ھا برائے سکت فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۴۵۔ یا قَلْبَاہ: ہائے دل۔

یا حرف ندبہ قائم مقام اندبُ فعل کے اس میں اَنَا ضمیر مستتر فاعل قلب منادی مفعول بہ الف برائے ندبہ ہ برائے سکت فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۴۶۔ یا لَعَلِيّ لِلْيَتَامٰی: اے علی میں یتیموں کے لیے مدد طلب کرتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے اس میں انا ضمیر وجوباً مستتر فاعل، لام استغاثہ زائدہ عَلِيّ لفظاً مجرور محلاً منصوب منادی مستغاث بہ مفعول، لام جارہ یَتَامٰی مستغاث لاجلہ مجرور جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 24 کی تراکیب

۱۔ الصِّدْقَ: سچ کو اختیار کر۔ سچ کو لازم پکڑ۔

اصل میں اِلْزَمِ الصِّدْقَ تھا اِلْزَمْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر اس میں أَنْتَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل الصِّدْقَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۔ اَلْعَمَلَ وَالْعَزْمَ: عمل اور ارادہ کو لازم پکڑ۔

اصل میں اِلْزَمِ الْعَمَلَ وَالْعَزْمَ تھا۔ اِلْزَمْ فعل امر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں انتَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل اَلْعَمَلَ معطوف علیہ واو عاطفہ اَلْعَزْمَ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۔ اَلْاِحْسَانَ اَلْاِحْسَانَ: احسان ہی کو لازم پکڑ۔

اصل میں اِلْزَمِ الْاِحْسَانَ الْاِحْسَانَ تھا احسان ہی کو لازم پکڑ۔ اِلْزَمْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں انتَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل اَلْاِحْسَانَ مؤکد اَلْاِحْسَانَ تاکید۔ مؤکد تاکید ملکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۴۔ اَلْکَسَلَ: سستی سے بچ۔

اصل اِحْذَرِ الْکَسَلَ تھا۔ اِحْذَرْ فعل امر اس میں انتَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل اَلْکَسَلَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۵۔ اَلْکَذِبَ اَلْکَذِبَ: جھوٹ سے ہی بچ۔

اصل میں اِحْذَرِ الْکَذِبَ الْکَذِبَ تھا۔ اِحْذَرْ فعل امر اس میں اَنْتَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل اَلْکَذِبَ مؤکد اَلْکَذِبَ تاکید، مؤکد تاکید ملکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۶۔ رأسَکَ والسَّیْفَ: اپنے سر کو دور رکھ اور تلوار سے بچ۔

Marfat.com

اصل میں باعِدْ رأسک وَاحْذَرِ السَّیفَ تھا۔ بَاعِدْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں انتَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل رأسک مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف علیہ واؤ عاطفہ اِحْذَرْ فعل امر اس میں انتَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل السَّیفَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۷۔ ایاک والرِّیاءَ: خاص خود کو دور رکھ اور ریا سے پرہیز کر۔

اصل میں ایاک باعد واحذر الریاء تھا۔ ایاک مفعول بہ مقدم باعد فعل امر اس میں انتَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف علیہ واو عاطفہ اِحْذرْ فعل امر اس میں اَنتَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل الریاء مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوفہ۔

۸۔ ایاک والاسد: خاص خود کو دور رکھ اور شیر سے بچ۔

اصل میں ایاک باعد واحذر الاسد تھا۔ اس کی ترکیب مذکورہ کی طرح ہے۔

۹۔ اِیَّاکَ مِنَ الشَّرِّ: خاص اپنے آپ کو شر سے دور رکھ۔

اصل میں ایاک باعد من الشر تھا۔ ایاک ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ مقدم باعد فعل امر اس میں انتَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل من حرف جار الشر مجرور جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۰۔ ایاک اَنْ تکسَلَ: خاص خود کو سستی کرنے سے دور رکھ۔

اصل میں ایاک باعد من ان تکسل تھا۔ ایاک ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ مقدم باعد فعل امر اس میں انتَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل من جارہ ان ناصبہ موصول حرفی تکسل فعل مضارع معروف اس میں انتَ ضمیر مستتر فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ موصول حرفی اپنے صلہ سے ملکر مجرور جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

Marfat.com

۱۱۔ اِیَّاکُمْ وَالْاَشْرَارَ: اصل میں ایاکم باعدوا واحذروا الاشرار: خاص اپنے آپ کو دور رکھو اور شریروں سے بچو۔

اِیَّاکُمْ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ مقدم جس کا فعل بَاعِدُوْا محذوف ہے۔ باعدو فعل امر اس میں واو جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف علیہ واو عاطفہ اِحْذَرُوا فعل امر جمع مذکر حاضر اس میں واو جمع ضمیر متصل فاعل اَلْاَشْرَارَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف۔

۱۲۔ التَّدْبِیْرَ وَالْاِقْتِصَادَ: مشورہ اور میانہ روی کو لازم پکڑ۔

التَّدْبِیْرَ معطوف علیہ واو عاطفہ الاقتصاد معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف اِلْزَمْ کا مفعول بہ۔ اِلْزَمْ فعل امر اس میں انت ضمیر وجوبا مستتر فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۳۔ اِنْجَازَ الْوَعْدِ: وعدہ پورا کرنے کی طرح پورا کر۔

اصل میں اَنْجِزْ اِنْجَازَ الوَعْدِ تھا۔ اَنْجِزْ فعل امر اس میں انت ضمیر وجوبا مستتر فاعل۔ انجازَ الوعدِ مضاف و مضاف الیہ مل کر مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۴۔ اِیَّاکَ اَنْ تَطْمَعَ فِیْ مَالَیْسَ لَکَ: جو تیرا نہیں اس میں طمع کرنے سے بچ۔

اصل میں اِیَّاکَ بَاعِدْ مِنْ اَنْ تَطْمَعَ فِیْ مَالَیْسَ لَکَ تھا۔ اِیَّاکَ ضمیر منصوب منفصل مفعول بہ مقدم باعِدْ فعل امر محذوف اس میں اَنْتَ ضمیر وجوبا مستتر فاعل۔ مِنْ جارہ اَن ناصبہ موصول حرفی تَطْمَعَ فعل اس میں انت ضمیر مستتر فاعل فی جارہ ما موصولہ لَیْسَ فعل از افعال ناقصہ ھُوَ ضمیر مستتر اس کا اسم۔ لَکَ جار مجرور متعلق ثابتاً شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر۔ لَیْسَ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ۔ موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہوکر فِیْ کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے تَطْمَعَ کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر موصول حرفی کا صلہ۔ موصول حرفی اپنے

Marfat.com

صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۵۔ اَلْاِخْلَاصَ: اخلاص کو لازم پکڑ۔

اَلْاِخْلَاصَ، اِلْزَمْ فعل محذوف کا مفعول بہ۔ اِلْزَمْ فعل امر اس میں انت ضمیر وجوبا مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 25 کی تراکیب

۱۔ اَلْقَمَرَ قَدَّرْنٰہُ: چاند کا اندازہ ہم نے مقرر کیا ہے۔

اصل میں قَدَّرْنَا الْقَمَرَ قَدَّرْنَاہُ تھا۔ قَدَّرْنَا فعل ماضی نَا ضمیر مرفوع متصل فاعل اَلْقَمَرَ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر مُفَسَّرْ۔ قَدَّرْنَا فعل ماضی معروف جمع متکلم نَا ضمیر مرفوع متصل فاعل ہٗ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر مُفَسِّرْ۔

۲۔ اَلْمُخْلِصَ اَکْرَمْتَ اَخَاہُ:

اصل میں اَکْرَمْتَ الْمُخْلِصَ اَکْرَمْتَ اَخَاہُ تھا۔ اَکْرَمْتَ فعل ماضی معروف واحد مذکر مخاطب تَ ضمیر مرفوع متصل فاعل اَلْمُخْلِصَ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر مُفَسَّرْ۔ اَکْرَمْتَ فعل با فاعل اخاہ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول بہ، فعل فاعل مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ ہوکر مُفَسِّرْ یا جملہ مفسرہ۔

۳۔ فاذا الاستاذ یکرمہ التلمیذ: پس (استاد) شاگرد اس کی عزت کرتا ہے۔

ف مستانفہ اذا فجائیہ مفعول فیہ مقدم الاستاذ مبتدا۔ یکرمُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب ہٗ ضمیر مفعول بہ۔ التِّلْمِیْذُ فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر خبر۔ مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ۔

۴۔ خَالِدٌ اَنِّیْ اَکْرَمْتُہٗ: میں نے خالد کی عزت کی۔

خَالِدٌ مبتدا اَنَّ حرف مشبہ بالفعل ی ضمیر متکلم اس کا اسم اَکْرَمْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر خبر اَنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر با تاویل مفرد ہوکر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۵۔ هَلَّا ضَیْفَکَ اَکْرَمْتَہٗ: تو نے اپنے مہمان کی عزت کیوں نہ کی۔

Marfat.com

اصل میں ھَلاَّ اَکْرَمْتَ ضَیْفَکَ اَکْرَمْتَہٗ تھا۔ ھَلاَّ حرف تحضیض لامحل لھا فی الاعراب اَکْرَمْتَ ماضی معروف واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر متصل فاعل ضَیْفَکَ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر مُفَسَّرْ۔ اَکْرَمْتَ فعل با فاعل ہٗ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر مُفَسِّرْ۔

٦۔ اَلْمُخْلِصَ اُمَجِّدُہٗ: مخلص کی میں عزت کرتا ہوں۔

اصل اُمَجِّدُ الْمُخْلِصَ اُمَجِّدُہٗ تھا۔ اُمَجِّدُ مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر وجوبا مستتر فاعل الْمُخْلِصَ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر مفسر۔ اُمَجِّدُ فعل اپنے اَنَا ضمیر وجوبا مستتر فاعل اور ہٗ ضمیر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ مُفَسِّر ہو کر۔

٧۔ السَّیَّارَۃَ رَکِبْتَھَا: تو موٹر گاڑی پہ سوار ہوا۔

اصل میں رکبتَ السَّیَّارَۃَ رَکِبْتَھَا ہے۔ رَکِبْتَ ماضی معروف واحد مذکر حاضر تَ ضمیر متصل فاعل السَّیَّارَۃَ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر مفسَّر۔ رَکِبْتَ فعل اپنے فاعل اور ھَا ضمیر منصوب متصل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر مفسِّر۔

٨۔ اِنِ الْغَرِیْبَ قَابَلْتَہٗ فَاَکْرِمْ مَثْوَاہُ: اگر اجنبی مسافر سے تو ملے تو تُو اسے آبرو سے رکھ۔

اصل میں اِنْ قَابَلْتَ الْغَرِیْبَ قَابَلْتَہٗ فاکرم مثواہ۔ ان شرطیہ قَابَلْتَ ماضی معروف واحد مذکر حاضر تَ ضمیر متصل فاعل الغرِیْبَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر مفسَّر۔ قَابَلْتَہٗ فعل فاعل مفعول ملکر جملہ فعلیہ ہو کر مفسِّر، مفسر ومفسر ملکر شرط ف جزائیہ اَکْرِمْ امر حاضر معروف واحد مذکر اس میں انتَ ضمیر وجوبا مستتر فاعل مَثْوَاہُ مضاف ومضاف الیہ ملکر مفعول فیہ فعل اپنے فاعل ومفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر جزا شرط جزا ملکر جملہ شرطیہ۔

٩۔ جَلِیْسَکَ اَنْصِفْہُ:

Marfat.com

اصل میں اَنۡصِفۡ جَلِیۡسَکَ اَنۡصِفۡہُ۔ اَنۡصِفۡ امر حاضر معروف اسمیں انتَ ضمیر وجوبا مستتر فاعل جَلِیۡسَ مضاف کَ ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مضاف ومضاف الیہ ملکر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مفسر اَنۡصِفۡ ترکیب سابق ہٗ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مفسر۔

۱۰۔ ھلاّ واجباً لِوَطَنِکَ اَدَّیۡتَہٗ: تو نے اپنے وطن کا فرض کیوں ادا نہ کیا۔

اصل میں ھلاّ ادّیتَ واجباً لِوَطَنِکَ اَدَّیۡتَہٗ تھا۔ ھلاّ حرف تحضیض اَدَّیۡتَ فعل ماضی معروف واحد مذکر مخاطب اسمیں تَ ضمیر مرفوع متصل فاعل واجباً موصوف مفسَّر لام جارہ وطن مضاف کَ ضمیر مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ ل جارہ کا مجرور جار مجرور ملکر متعلق شبہ فعل ثابتاً کے شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل ومتعلق سے ملکر شبہ جملہ ہوکر صفت۔ موصوف صفت مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مفسر اَدَّیۡتَ فعل با فاعل ہٗ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مفسَّر۔

۱۱۔ الشِّعۡرُ ما احلاہٗ: شعر کتنا میٹھا ہے۔

الشعر مبتدا ما تعجبیہ بمعنی شیء مبتدا اَحۡلیٰ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب جامد برائے تعجب اسمیں ھو ضمیر وجوبا مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ ہوکر الشعر مبتدا کی خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

۱۲۔ الشریرَ اِجۡتَنِبۡہُ: تو شریر سے اجتناب کر۔

اصل میں اِجۡتَنِبِ الشریرَ اجۡتَنِبۡہُ تھا۔ اجۡتَنِبۡ امر حاضر معروف واحد مذکر اسمیں اَنۡتَ ضمیر وجوبا مستتر فاعل الشریرَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مفسر اجتنب فعل امر اس میں اَنۡتَ ضمیر مستتر فاعل ہٗ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مفسَّر۔

۱۴۔ حَیۡثُمَا المالَ نِلۡتَہٗ: جہاں تو نے مال کو پالیا۔

Marfat.com

اصل میں حَیثُماَ نِلتَ المال نِلتَہُ تھا۔ حَیثُماَ مفعول فیہ مقدم نِلتَ فعل ماضی معروف واحد مذکر مخاطب اسمیں تَ ضمیر مرفوع متصل فاعل اَلمَالَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ اور مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مفسر۔ نِلتَ فعل با فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مفسِّر۔

۱۵۔ وَطَنُکَ اَلاَ تَرفَعُہٗ؟: کیا تو اپنے وطن کو بلند نہیں کرے گا۔

وَطَنُ مضاف کَ ضمیر مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ مبتدا ألا حرف تحضیض ترفعُ مضارع معروف واحد مذکر حاضر اسمیں انتَ ضمیر وجوبا مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر خبر۔ مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 26 کی تراکیب

۱۔ کَلَّمَ اللّٰہُ مُوْسٰی تَکْلِیْمًا: حقیقتاً اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے کلام کیا۔

کَلَّمَ فعل ماضی معروف لفظ اللّٰہُ اسکا فاعل موسیٰ مفعول بہ تکلیما مفعول مطلق فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ قَعَدْتُ جُلُوْساً: میں واقعی بیٹھا۔

قَعَدْتُ ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل جُلُوْساً نائب مفعول مطلق فعل اپنے فاعل اور مفعول نائب مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ لَاعَبَ الْحَسَنُ مُلَاعَبَةً: حسن خوب کھیلا، حسن واقعی کھیلا۔

لَاعَبَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الْحَسَنُ فاعل مُلَاعَبَةً مفعول مطلق فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ سُرِرْتُ سُرُوْرًا: مجھے خوب خوش کیا گیا۔

سُرِرْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل نائب الفاعل سروراً مفعول مطلق فعل اپنے نائب الفاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۵۔ وَثَبَ النَّمِرُ وُثُوْبَ الْأَسَدِ: چیتا شیر کے جھپٹنے کی طرح جھپٹا۔

وَثَبَ فعل ماضی معروف النَّمِرُ فاعل وُثُوْبَ الْأَسَدِ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول مطلق فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۶۔ جَلَسَ التِّلْمِیْذُ جِلْسَةَ الْأُسْتَاذِ: شاگرد استاد کی طرح بیٹھا۔

جَلَسَ فعل ماضی معروف التِّلْمِیْذُ فاعل جِلْسَةَ الْأُسْتَاذِ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول مطلق فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۷۔ أَكَلَ عَلِيٌّ أَكْلَتَيْنِ: علی نے دو بار کھانا کھایا۔

Marfat.com

أکل فعل ماضی معروف عَلِیٌّ فاعل اکلتین مفعول مطلق اور طعاماً مفعول بہ محذوف ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق و مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۸۔ تدوُر الارض دورةً فی الیوم: زمین دن میں ایک مرتبہ گھومتی ہے۔

تَدُوْرُ فعل مضارع معروف واحد مونث غائب الارض فاعل دورةً مفعول مطلق فی حرف جار الیوم مجرور جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل و مفعول بہ و مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۹۔ قِیامًا وَلَا قُعُوْدًا: تم کھڑے ہی ہو جاؤ اور بیٹھو نہ۔

اصل میں قُمْ قِیَامًا وَّلَا تَقْعُدْ قُعُوْدًا تھا۔ قُمْ فعل امر اس میں اَنْتَ ضمیر وجوبا مستتر فاعل قیامًا مفعول مطلق فعل اپنے فاعل و مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ واو عاطفہ لا تَقْعُدْ فعل نہی معروف واحد مذکر مخاطب اس میں انتَ ضمیر وجوبا مستتر فاعل قعودًا مفعول مطلق۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوفہ۔

۱۰۔ فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً: بعد ازاں یا تو احسان کر کے انکو رہا کردو یا ان سے فدیہ لو۔

اصل میں فامّا تمنون منا بَعْدُ واِمَّا تَفْدُوْنَ فِدَاءً۔ فا مستانفہ یا عاطفہ اِمَّا تفصیلیہ تَمُنُّوْنَ فعل مضارع معروف جمع مذکر مخاطب اس میں واو جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل مَنًّا مفعول مطلق بَعْدُ مفعول فیہ فعل اپنے فاعل مفعول مطلق و مفعول فیہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ واؤ عاطفہ اِمَّا حرف تفصیل تفدونَ فعل مضارع معروف جمع مذکر مخاطب اس میں واو جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل فِداءً مفعول مطلق فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف۔

۱۱۔ سُبْحان الله: میں نے اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں، کروں گا۔

اصلی میں سبّحْتُ سبحان الله یا اسبّح سبحان الله ۔ سبّحتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل سبحان مصدر مضاف اسم جلالیت مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ مفعول مطلق فعل اپنے فاعل و مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۲۔ رَغْیاً:

Marfat.com

رَعْیاً اصل میں رَعَاکَ اللہ رَعْیاً تھا رَعَی فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب کَ ضمیر منصوب متصل اسکا مفعول بہ رعیاً مفعول مطلق لفظ اللہ اسم جلالت فعل کا فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ ومفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

۱۳۔ سُقْیاً: اللہ تعالیٰ تجھے خوب سیراب کرے۔

اصل میں سقاکَ اللہُ سُقْیاً ہے۔ سَقیٰ ماضی معروف واحد مذکر غائب لفظ اللّٰہ اسم جلالت اسکا فاعل کَ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ سُقْیاً مفعول مطلق فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۴۔ مَعَاذَ اللّٰہِ: میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔

اصل میں اَعُوْذُ مَعَاذَ اللّٰہِ ہے۔ اَعُوْذُ فعل مضارع معروف واحد متکلم اسمیں انا ضمیر فاعل جو وجوباً مستتر ہے مَعَاذَ مضاف لفظ اللّٰہ اسم جلالت مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول مطلق فعل اپنے فاعل ومفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ۔

۱۵۔ خَیْرَ مَقْدَمٍ: تیرا آنا اچھا آنا ہے۔

اصل میں قَدِمْتَ قدوماً خیرَ مَقْدَمٍ تھا۔ قَدِمْتَ فعل ماضی واحد مذکر مخاطب تَ ضمیر مرفوع متصل فاعل قُدُوْماً موصوف خَیْرَ مضاف مَقْدَمٍ مضاف الیہ، مضاف اور مضاف الیہ ملکر صفت، موصوف صفت مل کر نائب مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل اور نائب مفعول مطلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوا۔

۱۶۔ اَقْرَرْتُ بِذَنْبِیْ اِعْتِرَافاً: واقعی میں نے اپنے گناہ کا اقرار کیا۔

اقررتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل بِ حرف جار ذنب مصدر مضاف یْ ضمیر متکلم مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ بِ کا مجرور جار مجرور ملکر متعلق فعل کے اعترافاً نائب مفعول مطلق فعل اپنے فاعل و نائب مفعول مطلق و متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۷۔ جَرَیٰ التِلْمِیْذُ سَرِیْعًا: اصل جَرْیًا سَرِیْعًا شاگرد تیز رفتار چلا۔

جَرَیٰ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب التِلْمِیْذُ اس کا فاعل جَرْیًا موصوف سریْعًا

Marfat.com

شبہ فعل صفت مشبہ اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر نائب مفعول مطلق۔ فعل اپنے فاعل و نائب مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۸۔ ضَرَبَ اللَّاعِبُ الكرَةَ قَدَمًا: کھلاڑی نے گیند کو پاؤں سے ہٹ لگائی۔

ضَرَبَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اللَّاعِبُ اس کا فاعل الكرةَ مفعول بہ قَدَمًا نائب مفعول مطلق۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ و نائب مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۹۔ جَدَّ الطَّالِبُ كُلَّ الْجِدِّ یا بَعْضَ الْجِدِّ: طالب علم نے پوری کوشش کی یا کچھ کوشش کی۔

جَدَّ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الطَّالِبُ اس کا فاعل كُلَّ مضاف اَلْجِدِّ مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ نائب مفعول مطلق یا بعض الجد مضاف با مضاف الیہ نائب مفعول مطلق۔ فعل اپنے فاعل نائب مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۰۔ أَحْسَنَ الْعَامِلُ هٰذَا الإِحْسَانَ: کام کرنے والے نے ایسا اچھا کیا۔

احسن فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب العامل اس کا فاعل هذا اسم اشارہ مبدل منہ اَلإِحْسَانَ بدل، مبدل منہ و بدل مل کر نائب مفعول مطلق۔ فعل اپنے فاعل نائب مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۱۔ جَامَلْتُكَ مُجَامَلَةً لَا أُجَامِلُهَا احدًا: میں نے تیرے ساتھ ایسا معاملہ کیا ایسا میں کسی کے ساتھ نہیں کروں گا۔

میں نے تیرے ساتھ ایسا معاملہ کیا جیسا میں کسی کے ساتھ معاملہ نہیں کرتا۔

جَامَلْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر متصل فاعل كَ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ مُجَامَلَةً موصوف لا نافیہ أُجَامِلُ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل هَا ضمیر نائب مفعول مطلق، اَحَدًا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل مفعول بہ و نائب مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صفت، موصوف صفت مل کر مفعول مطلق۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ و مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 27 کی تراکیب

۱۔ حَفِظْتُ درسًا صباحًا: میں نے صبح کو سبق یاد کیا۔

حَفِظْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل درسًا مفعول بہ صباحًا مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۲۔ جِئْتُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ: میں جمعہ کے دن آیا۔

جِئْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل یوم مضاف اَلْجُمُعَةِ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول فیہ، فعل فاعل مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۳۔ وَقَفْتُ أَمَامَ الْمِرْآةِ: میں شیشے کے سامنے کھڑا ہوا۔

وَقَفْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل أَمَامَ الْمِرْآةِ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول فیہ، فعل فاعل اور مفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۴۔ جَلَسَتِ الهِرَّةُ تَحْتَ المَائِدَةِ: بلی دسترخوان کے نیچے بیٹھی۔

جَلَسَتِ فعل الهِرَّة فاعل تحت مضاف المائدةِ مضاف الیہ، مضاف ومضاف الیہ مل کر مفعول فیہ، فعل وفاعل مفعول فیہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۵۔ مَكَثْتُ فِي الْمَدْرَسَةِ شَهْرًا: میں مدرسے میں ایک ماہ تک ٹھہرا رہا۔

مَكَثْتُ فعل ماضی معروف تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل في جار المدرسةِ مجرور جار مجرور متعلق فعل مَكَثْتُ کے شَهْرًا ظرف فعل اپنے فاعل ومتعلق وظرف سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۶۔ قُمْتُ دَهْرًا: میں ایک زمانہ کھڑا رہا۔

قُمْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل دهرًا مفعول فیہ

Marfat.com

فعل اپنے فاعل ومفعول مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۷۔ طَارَتِ الحَمَامَةُ فوق رُؤُوسِنَا: کبوتری ہمارے سروں کے اوپر اڑی۔

طَارَتْ ماضی معروف واحد مونث غائب الحَمَامَةُ فاعل فَوْقَ مضاف رُؤُوسِ مضاف نَا ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف ومضاف الیہ مل کر مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۸۔ مَشَيْتُ فِي السُّوْقِ: میں بازار میں چلا۔

مَشَيْتُ ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل فی جارہ السُّوْقِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۹۔ جَلَسْتُ فی الدار: میں گھر میں بیٹھا۔

جَلَسْتُ ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر متصل فاعل في جارہ الدار مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۰۔ دَخَلْتُ المَسْجِدَ: میں مسجد میں داخل ہوا۔

دَخَلْتُ ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر متصل فاعل المَسْجِدَ مفعول بہ یا مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ یا مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۱۔ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ: تم ضرور مسجد حرام میں داخل ہوگے۔

لَتَدْخُلُنَّ مضارع معروف موکد بلام تاکید ونون ثقیلہ جمع مذکر مخاطب واوَ جمع مقدر اس کا فاعل الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ موصوف صفت مل کر مفعول بہ یا مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ یا فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۴۔ مَتٰی جِئْتَ؟ تو کب آیا؟

مَتٰی مفعول فیہ مقدم جِئْتَ ماضی معروف واحد مذکر مخاطب تَ ضمیر مرفوع متصل فاعل۔ فعل فاعل مفعول فیہ مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۵۔ مَرَرْتُ برجُلٍ عندک: میں اس مرد کے پاس سے گزرا جو تیرے پاس تھا۔

مَرَرْتُ ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر متصل فاعل ب جارہ رَجُلٍ موصوف

Marfat.com

عِنْدَکَ مضاف ومضاف الیہ مل کر مفعول فیہ ثابتٍ شبہ فعل کا۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ومفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف صفت مل کر بَ کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۶۔ مَرَرْتُ بزیدٍ عِنْدَکَ: (میں زید کے پاس سے گزرا اور آنحالیکہ وہ تیرے پاس تھا)۔

مَرَرْتُ بترکیب سابق ب جارہ زیدٍ ذوالحال عندک۔ مضاف ومضاف الیہ مل کر مفعول فیہ ثابتاً شبہ فعل کا۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ومفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر ب جارہ کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۷۔ خبر کی مثال۔ عِنْدِی کِتَابٌ: میرے پاس ایک کتاب ہے۔

عندی مضاف ومضاف الیہ مل کر مفعول فیہ ثابت شبہ فعل کا شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ومفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم کِتَابٌ نکرہ مبتدا موخر، خبر مقدم ومبتدا موخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۸۔ صلہ کی مثال۔ اخذتُ القلم الذی فوق کُرسِیٍّ: میں نے وہ قلم لیا جو کرسی پر تھا۔

اَخَذْتُ ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل اَلْقَلَمَ موصوف الذی اسم موصول فوق مضاف کُرسِیِّ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ثَبَتَ فعل کا۔ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ومفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر صفت، موصوف صفت مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 28 کی تراکیب

۱۔ وَقَفْتُ لِلْمُعَلِّمِ احْتِرَامًا لہ: میں استاد کے احترام کے لیے کھڑا ہوا۔

وَقَفْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل لام جارہ الْمُعَلِّمُ مجرور، جار مجرور متعلق وقفتُ کے احترامًا شبہ فعل لہٗ جار مجرور متعلق شبہ فعل کے، شبہ فعل اپنے فاعل و فعل متعلق سے کر مفعول لہٗ۔ فعل فاعل مفعول لہٗ، اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۲۔ تَصَدَّقْتُ عَلَى الفَقِيْرِ أَمَلًا فِي الثَّوَابِ: میں نے فقیر پر ثواب کی امید سے صدقہ کیا۔

تَصَدَّقْتُ فعل ماضی واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل عَلَى الفقير جار مجرور متعلق تصدقت فعل کے اَمَلًا شبہ فعل مصدر فی الثواب جار مجرور متعلق شبہ فعل کے، شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر مفعول لہٗ۔ فعل اپنے فاعل متعلق اور مفعول لہٗ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

## مفعول معہٗ

۱۔ سَارَ الْقِطَارُ وَطُلُوْعَ الشَّمْسِ: گاڑی سورج کے طلوع ہونے کے ساتھ چلی۔

سَارَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اَلْقِطَارُ فاعل، واوِ معیت، طلوع الشمس مضاف و مضاف الیہ مل کر مفعول معہٗ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول معہٗ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۲۔ حَضَرَ مُحَمَّدٌ وَ غُرُوْبَ الشَّمْسِ: محمد غروبِ شمس کے ساتھ حاضر ہوا۔

حَضَرَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب مُحَمَّدٌ فاعل واوِ معیت۔ غُرُوْبَ مضاف۔ اَلشَّمْسِ مضاف الیہ۔ مضاف، مضاف الیہ مل کر مفعول معہٗ۔ فعل فاعل، مفعول معہٗ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

Marfat.com

۳۔ یَفِیۡضُ النَّھۡرُ فَیۡضَانًا: نہر خوب بہتی ہے۔

یَفِیۡضُ فعل مضارع معروف اَلنَّھۡرُ فاعل فَیۡضَانًا مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۴۔ یَصِیۡدُ الثَّعۡلَبُ دَجَاجَۃً: لومڑ مرغی کو شکار کرتا ہے۔

یَصِیۡدُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب الثَّعۡلَبُ فاعل دَجَاجَۃً مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۵۔ سَجَدَ الۡمُصَلِّی اَرۡبَعًا: نمازی نے چار مرتبہ سجدہ کیا۔

سَجَدَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَلۡمُصَلِّی فاعل اَرۡبَعًا نائب مفعول مطلق فعل اپنے فاعل اور نائب مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۶۔ تَلَا الۡقَارِئُ الۡقُرۡآنَ اَحۡسَنَ الۡقِرَاءَۃِ: قاری نے قرآن کی تلاوت اچھے طریقے سے کی۔

تَلَا فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اَلۡقَارِئُ فاعل اَلۡقُرۡآنَ مفعول بہ اَحۡسَنَ الۡقِرَاءَۃِ مضاف، مضاف الیہ مل کر نائب مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۷۔ قَرَءَ مُحَمَّدٌ وَّ الۡمِصۡبَاحَ: محمد نے چراغ کے ساتھ پڑھا۔

قَرَءَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب مُحَمَّدٌ فاعل واوِ معیت اَلۡمِصۡبَاحَ مفعول معہ، فعل اپنے فاعل اور مفول معہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۸۔ نَامَ الۡکَلۡبُ خَلۡفَ الۡبَابِ: کتا دروازے کے پیچھے سویا۔

نَامَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اَلۡکَلۡبُ فاعل خَلۡفَ مضاف اَلۡبَابِ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل اور مفول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۹۔ مَشَیۡنَا وَالظَّلَامَ: ہم تاریکیوں کے ساتھ ساتھ چلے۔

Marfat.com

مَشَیْنَا ماضی معروف جمع متکلم نا ضمیر مرفوع متصل فاعل واوِ معیت اَلظَّلَامَ مفعول معہٗ فعل اپنے فاعل اور مفعول معہٗ لے کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

١٠۔ رَمَی الصَّیَّادُ الطَّیْرَ سَھْمًا: شکاری نے پرندے کو تیر مارا۔

رَمَی فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب۔ اَلصَّیَّادُ فاعل اَلطَّیْرَ مفعول اول سَھْمًا نائب مفعول مطلق۔ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

١١۔ صَفَحْتُ عَنِ السَّفِیْهِ حِلْمًا لَهٗ: میں نے بیوقوف کو درگزر کرتے ہوئے معاف کیا۔

صَفَحْتُ ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل عَنْ جارہ السفیہِ مجرور جار مجرور متعلق فعل کے حِلْمًا شبہ فعل لام جارہ ہٗ مجرور جار مجرور متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر مفعول لہٗ، فعل اپنے فاعل متعلق اور مفعول لہٗ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

١٢۔ نَکَبَھُمُ الدَّھْرُ نَکْبَتَیْنِ: زمانے نے انہیں دو مصیبتیں پہنچائیں۔

نَکَبَ فعل ماضی معرف ھم مفعول بہ اَلدَّھْرُ اس کا فاعل نَکْبَتَیْنِ مفعول مطلق، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

١٣۔ اِبْتَعَدْتُ عَنِ الْاَسَدِ خَوْفًا مِنْهُ: میں شیر سے دور ہوا اس سے ڈرتے ہوئے۔

اِبْتَعَدْتُ ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل عَنِ الْاَسَدِ جار مجرور مل کر متعلق ہوئے فعل کے خَوْفًا شبہ فعل منہٗ جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل کے، شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر مفعول لہٗ، فعل اپنے فاعل مفعول لہٗ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

١٤۔ مَزَّقَ الْغُلَامُ الْوَرَقَ: بچے نے کاغذ پھاڑ دیا۔

مَزَّقَ ماضی معروف واحد مذکر غائب اَلْغُلَامُ فاعل اَلْوَرَقَ مفعول بہ، فعل فاعل مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

١٥۔ تُوْقَدُ الْمَصَابِیْحُ لَیْلًا: چراغ رات کے وقت جلائے جاتے ہیں۔

Marfat.com

تُوْقَدُ مضارع مجہول واحد مونث غائب اَلْمَصَابِیْحُ اس کا نائب فاعل لَیْلاً مفعول فیہ فعل اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۱۶۔ جَرَیٰ عَلِیٌّ مِیْلاً: علی ایک میل چلا۔

جَرَیٰ ماضی معروف واحد مذکر غائب عِلِیٌّ اس کا فاعل مِیْلاً مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 29 کی تراکیب

۱۔ عَادَ الْجَيْشُ ظَافِرًا: لشکر کامیاب ہو کر لوٹا۔

عَادَ ماضی معروف واحد مذکر غائب الْجَيْشُ ذوالحال ظَافِرًا شبہ فعل اسم فاعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ رَكِبْتُ الْبَحْرَ هَائِجًا: میں سمندر میں سوار ہوا درآنحالیکہ وہ موجزن تھا۔

رَكِبْتُ ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل الْبَحْرَ ذوالحال هَائِجًا شبہ فعل اسم فاعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

لَقِيْتُ زَيْدًا رَاكِبَيْنِ: میں زید سے ملا حالانکہ ہم دونوں سوار تھے۔

لَقِيْتُ فعل ماضی اسم میں تُ ضمیر ذوالحال اول زَيْدًا ذوالحال ثانی رَاكِبَيْنِ شبہ فعل اپنے هما ضمیر سے مل کر حال، ذوالحال اول اپنے حال سے مل کر فاعل۔ ذوالحال دوم اپنے حال سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ مثال نمبر 3 کی ہمارے ہاں مروج طریقہ کے مطابق ترکیب نہیں ہو سکتی۔

۴۔ كَرَّ الشُّجَاعُ أَسَدًا(1): بہادر نے شیر کی طرح حملہ کیا۔

كَرَّ ماضی معروف واحد مذکر غائب الشُّجَاعُ ذوالحال اَسَدًا حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۵۔ لاتاكُلِ الطَّعَامَ وَهُوَ بَارِدٌ: تو کھانا نہ کھا اس حال میں کہ وہ ٹھنڈا ہو۔

---

1۔ اسم جامد کی صورتوں میں حال بنتا ہے جن میں سے ایک یہ ہے جب تشبیہ پر دلالت کرے۔ (شرح ابن عقیل ج ۱ ص ۳۰۲)

Marfat.com

لاتأکُلْ فعل نہی معروف واحد مذکر حاضر اس میں أنتَ ضمیر مستتر فاعل الطَّعَامَ ذوالحال واؤ حالیہ هُوَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا بَارِدٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۶۔ كُنْتُ نَبِيًّا(1) وَادَمُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ: میں (اس وقت بھی) نبی تھا درآنحالیکہ آدم (ابھی) پانی اور مٹی کے درمیان تھے۔

كُنْتُ فعل ناقص واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل ذوالحال واؤ حالیہ اٰدَمُ مبتدا بَيْنَ مضاف الْمَاءِ معطوف علیہ واؤ عاطفہ الطين معطوف۔ معطوف ومعطوف علیہ بین کا مضاف الیہ۔ مضاف ومضاف الیہ مل کر مفعول فیہ مَوْجُوْدٌ شبہ فعل مقدر کا۔ شبہ فعل اسم مفعول اپنے هُوَ ضمیر مستتر نائب الفاعل ومفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر فعل ناقص کا اسم نبیًّا شبہ فعل صفت مشبہ اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۷۔ رَجَعَ الْقَائِدُ هُوَ مَنْصُوْرٌ: قائد لوٹا درآنحالیکہ اس کی مدد کی گئی تھی۔

رَجَعَ ماضی معروف واحد مذکر غائب الْقَائِدُ ذوالحال هُوَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مَنْصُوْرٌ شبہ فعل اسم مفعول اپنے هُوَ ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۸۔ رَجَعَ الْقَائِدُ وَهُوَ مَنْصُوْرٌ:

اس کی ترکیب مذکورہ مثال کی طرح اس میں واؤ حالیہ ہے۔

۹۔ غَابَ أَخُوْكَ وَقَدْ حَضَرَ وَالِدُهُ: تیرا بھائی غائب ہے جبکہ اس کا والد آیا ہے۔

تیرا بھائی غائب ہے حالانکہ اس کا والد آیا ہے۔

---

1۔ نبیًّا بھی ذوالحال بن سکتا ہے اگرچہ نکرہ ہے۔

Marfat.com

غَابَ ماضی معروف واحد مذکر غائب اَخُوْکَ مضاف ومضاف الیہ مل کر ذوالحال واوٗ حالیہ قَدْ حرف تحقیق حَضَرَ ماضی معروف واحد مذکر غائب وَالِدُہٗ مضاف ومضاف الیہ مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔ غَابَ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۰۔ ذَھَبَ الْجَانِیْ یَرْکَبُ: مجرم سوار ہو کر گیا۔ مجرم گیا ہے اس حال میں کہ وہ سوار ہے۔

ذَھَبَ ماضی معروف واحد مذکر غائب اَلْجَانِیْ ذوالحال یَرْکَبُ مضارع معروف واحد مذکر غائب اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۱۔ طَلَعَ الْبَدْرُ بَیْنَ السَّحَابِ: چودھویں چاندکارات بادلوں کے درمیان طلوع ہوا۔

طَلَعَ ماضی معروف واحد مذکر غائب اَلْبَدْرُ ذوالحال بَیْنَ مضاف السَّحَابِ مضاف الیہ۔ مضاف ومضاف الیہ مل کر مفعولٌ فیہ ثابتًا شبہ فعل کا۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۲۔ لَقِیْتُ الاُسْتَاذَ فی المدرسة: میں مدرسہ میں استاد سے ملا۔

لَقِیْتُ ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل اَلْاُسْتَاذَ ذوالحال فی جارہ اَلْمَدْرَسَةِ مجرور۔ جار مجرور متعلق مَوْجُوْدًا شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۳۔ جاءَنِی راکبًا رَجُلٌ: میرے پاس ایک مرد سوار ہو کر آیا۔

جَاءَ ماضی معروف واحد مذکر غائب نون وقایہ ی ضمیر منصوب متصل مفعول بہ رَاکبًا شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال مُقدم رَجُلٌ نکرہ ذوالحال مؤخر۔ ذوالحال مؤخر اپنے حال مقدم سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ

Marfat.com

فعلیہ خبریہ۔

۱۴۔ رَجَعَ قَائِدٌ هُوَ مَنْصُوْرٌ: وہ قائد لوٹا جس کی مدد کی گئی ہے۔

رَجَعَ ماضی معروف واحد مذکر غائب قَائِدٌ موصوف هُوَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مَنْصُوْرٌ شبہ فعل اسم مفعول اپنے هُوَ ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 29 کی تراکیب

۱۔ اَقْبَلَ المظلوم باکِیًا: مظلوم روتے ہوئے آیا۔

اَقْبَلَ فعل المَظْلُوْمُ ذوالحال باکِیًا شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال مل کر فاعل۔ فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۲۔ یُعجبنی الغنیُّ مُتَوَاضِعًا: مجھے غنی کا عاجزی کرنے والا ہونا تعجب میں ڈالتا ہے۔

یُعْجِبُ فعل مضارع معروف نون وقایہ ی ضمیر مفعول بہ اَلْغَنِیُّ ذوالحال مُتَوَاضِعًا شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۳۔ اُنْظُرْ اِلَی السَّمَاءِ مُمْطِرَۃً: آسمان کی طرف دیکھو جبکہ وہ بارش برسا رہا ہو (ابر آلود ہو) آسمان کی طرف دیکھ اس حال میں کہ وہ بارش برسا رہا ہو۔

اُنْظُرْ فعل امر حاضر معروف اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل الیٰ جارہ السَّمَاءِ ذوالحال مُمْطِرَۃً شبہ فعل اپنے ھِیَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر الیٰ کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل اُنْظُرْ کے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

۴۔ ذَھَبَ المجرمُ وقد حَرَسَهُ الجنودُ: مجرم گیا اس حال میں کہ سپاہیوں نے اس کی حفاظت کی ہے۔

ذَھَبَ فعل ماضی معروف اَلْمُجْرِمُ ذوالحال واؤ حالیہ قد تحقیقیہ حَرَسَ فعل ماضی معروف ہٗ ضمیر مفعول بہ اَلْجُنُوْدُ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر فاعل۔ فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۵۔ رکبتُ السَّفِیْنَۃَ والنَّسِیْمُ عَلِیْلٌ: میں کشتی میں سوار ہوا اس حال میں کہ بادِ نسیم

Marfat.com

آہستہ آہستہ چل رہی تھی۔

رکبتُ فعل تُ ضمیر ذوالحال السَّفینة مفعول بہ واوَ حالیہ النسیم مبتداء عَلِیلٌ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ھو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

٦۔ جَلَسَ الْمُذْنِبُ یخافُ: گناہ گار بیٹھا درآنحالیکہ وہ خوفزدہ ہے۔ گناہ گار ڈرتے ہوئے بیٹھا۔

جَلَسَ فعل ماضی معروف المُذْنِبُ ذوالحال یخاف فعل مضارع اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل، فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ ہوکر حال۔ ذوالحال حال مل کر فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

٧۔ اَبْصَرْتُ الخطیبَ فوق المنبر: میں نے خطیب کو منبر پر دیکھا۔

اَبْصَرْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل اَلْخَطِیْبَ ذوالحال فَوْقَ المِنبَر۔ مضاف مضاف الیہ مل کر ظرف موجوداً شبہ فعل کی۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوکر حال۔ ذوالحال حال مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہوا۔

٨۔ وَاٰتَیْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِیًّا: ہم نے ان کو عطا فرمادی دانائی جبکہ وہ بچے تھے۔

اٰتَیْنَا فعل ماضی معروف جمع متکلم نَا ضمیر مرفوع متصل فاعل ہٗ ضمیر ذوالحال صبیًّا حال۔ حال ذوالحال مل کر مفعول اول الحکمَ مفعول ثانی۔ فعل اپنے فاعل و دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

٩۔ جَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً یَّبْكُوْنَ: وہ اپنے والد کے پاس شام کو روتے ہوئے آئے۔

جَاءُوْا فعل ماضی معروف جمع مذکر غائب اس میں واوَ جمع ضمیر مرفوع متصل ذوالحال یبکون فعل مضارع معروف جمع مذکر غائب اس میں واوَ جمع فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر حال۔ حال ذوالحال مل کر جاءُوا کا فاعل اباھُمْ مضاف ومضاف الیہ مل کر مفعول بہ عِشاءً مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ ومفعول فیہ سے مل کر جملہ

Marfat.com

فعلیہ خبریہ۔

۱۰۔ لَا تَأْكُلُوا الْفَوَاكِهَةَ وَهِيَ فِجَّةٌ: تم پھل کچے ہونے کی حالت میں نہ کھاؤ۔

لاتاكلوا فعل نہی معروف جمع مذکر حاضر اس میں واؤ جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل اَلْفَوَاكِهَةَ ذوالحال واؤ حالیہ هِيَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا فِجَّةٌ شبہ فعل صفت مشبہ اپنے هِيَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر حال، ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۱۔ يَمُوْتُ الْمُؤْمِنُ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ: مومن مرتا ہے اس حال مین کہ اس کا دل مطمئن ہوتا ہے۔

يَمُوْتُ فعل مضارع معروف الْمُؤْمِنُ ذوالحال واؤ حالیہ قَلْبُهُ مرکب اضافی مبتدا مُطْمَئِنٌّ واحد مذکر غائب شبہ فعل اسم فاعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۲۔ يَمُوْتُ الْكَافِرُ وَيَلُوْمُهُ قَلْبُهُ: کافر مرتا ہے اس حال میں کہ اس کا دل ملامت کرتا ہے۔

يَمُوْتُ فعل مضارع الکافر ذوالحال واؤ حالیہ يَلُوْمُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ہٗ مفعول بہ قَلْبُهُ مضاف بامضاف الیہ يَلُوْمُ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 30 کی تراکیب

۱۔ عِنْدِی رِطْلٌ زَیْتًا: میرے پاس ایک رطل زیتون ہے۔

عندی مضاف بامضاف الیہ ظرف ثابتٌ شبہ فعل کی۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل وظرف سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم رِطْلٌ ممیز زَیْتًا تمییز۔ ممیز تمییز مل کر مبتدا موٴخر۔ خبر مقدم ومبتدا موٴخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۔ عِنْدِی رِطْلُ زَیْتٍ:

عِنْدِی بترکیب سابق خبر مقدم رِطْلُ ممیز مضاف زَیْتٍ تمییز مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ مبتدا موٴخر۔ خبر مقدم ومبتدا موٴخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۔ عِنْدِی رِطْلٌ مِنْ زَیْتٍ:

عندی بترکیب سابق خبر مقدم رِطْلٌ ممیز من حرف جار زائدہ(1) زیتٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب تمییز۔ ممیز تمییز مل کر مبتدا موٴخر۔ خبر مقدم ومبتدا موٴخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۴۔ عِنْدِی شِبْرُ اَرْضٍ: میرے پاس ایک بالشت زمین ہے۔

عِنْدِی شِبْرٌ مِنْ اَرْضٍ، عِنْدِی شِبْرٌ اَرْضًا۔

۵۔ عِنْدِی حَفْنَةٌ شعیراً، عندی حَفْنَةُ شَعِیْرٍ، حَفْنَةٌ مِنْ شَعِیْرٍ میرے پاس ایک مٹھی جو ہیں۔ (ان سب کی ترکیب مثال نمبر 1,2,3 کی طرح ہو گی)۔

٦۔ حَسُنَ الْغُلَامُ وَجْهًا: غلام ازروئے چہرہ کے خوب صورت ہے۔

حَسُنَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الْغُلَامُ فاعل وَجْهًا تمییز عن النسبۃ فعل اپنے فاعل وتمییز سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۷۔ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُیُوْنًا: اور ہم نے جاری کر دیا زمین سے چشموں کو۔

1۔ اوضح المسالک جلد نمبر 2۔

Marfat.com

واوَ عاطفہ فَجَّرْنَا فعل ماضی معروف جمع متکلم نَا ضمیر مرفوع متصل فاعل الارض مفعول بہ عُیونًا تمیز از نسبت فعل اپنے فاعل ومفعول بہ وتمیز سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۸۔ فاضَ القَلْبُ سُرُوْرًا: دل ازروئے خوشی کے بہہ پڑا۔

فَاضَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب القَلْبُ فاعل سُرُوْرًا تمیز عن النسبۃ۔ فعل اپنے فاعل وتمیز سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۹۔ مِثْقَالٌ ذَهَبًا اَرْفَعُ قیمةً من رِطْلٍ نُحَاسًا: ایک مثقال سونا ایک رطل پیتل سے ازروئے قیمت کے بلند ہے۔

مِثْقَالٌ ممیز ذَهَبًا تمیز۔ ممیز تمیز مل کر مبتدا اَرْفَعُ شبہ فعل اسم تفضیل اس میں هُوَ ضمیر مستتر فاعل قِیْمَةً تمیز عن النسبۃ التامہ مِنْ جارہ رِطْلٍ ممیز نُحَاسًا تمیز۔ ممیز تمیز مل کر من کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل کے۔ ارفع شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل، تمیز اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۰۔ سقیتُ کُوبَ لَبَنٍ: میں نے ایک گلاس دودھ پیا۔

سقیتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل کُوبَ ممیز مضاف لَبَنٍ تمیز مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۱۔ مااشتریتُ شِبْرًا مِنْ ارضٍ: میں نے ایک بالشت زمین نہیں خریدی۔

ما نافیہ اشتریتُ فعل با فاعل شِبْرًا ممیز من جارہ زائدہ ارض لفظاً مجرور محلاً منصوب تمیز، ممیز تمیز مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۲۔ زکٰوةُ الفِطْرِ صَاعٌ شَعِیْرًا اَوْنِصْفُ صَاعٍ قَمْحًا: فطر کی زکوٰۃ جو کا ایک صاع یا گندم کا نصف صاع ہے۔

زکوۃ الفطر مضاف با مضاف الیہ مبتدا صَاعٌ ممیز شعیرًا تمیز، ممیز تمیز مل کر معطوف علیہ اَوْ عاطفہ نِصْفُ مضاف صَاعٍ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ ممیز قَمْحًا تمیز۔ ممیز تمیز مل کر معطوف معطوف علیہ با معطوف خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

۱۳۔ عِنْدِیْ ذِرَاعَانِ من حَرِیْرٍ وثلاثَۃُ اَذْرُعٍ مِنْ ثَوْبٍ: میرے پاس دو ذراع ریشم کے اور تین ذراع کپڑے کے ہیں۔

عِنْد مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ ظرف مَوْجُوْدَانِ شبہ فعل کی۔ شبہ فعل اسم مفعول اپنے ھُما ضمیر نائب الفاعل وظرف سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم ذِرَاعَانِ ممیّز من حرف جار زائدہ حَرِیْرٍ لفظاً مجرور محلاً منصوب تمیز۔ ممیز تمیز مل کر معطوف علیہ واو حرف عطف ثَلاثَۃُ ممیّز اَذْرُعٍ تمیز۔ ممیز تمیز مل کر پھر ممیّز من حرف جار زائدہ ثَوْب لفظاً مجرور محلاً منصوب تمیز۔ ممیز تمیز مل کر معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۴۔ اِنَّ الَّذِیْنَ یَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْیَتٰمٰی ظُلْمًا اِنَّمَا یَاْكُلُوْنَ فِیْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا وَسَیَصْلَوْنَ سَعِیْرًا: بے شک وہ لوگ جو یتیموں کا مال ظلماً کھاتے ہیں۔ بے شک وہ اپنے پیٹوں میں آگ کھا رہے ہیں اور عنقریب وہ بھڑکتی آگ میں داخل ہوں گے۔

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل الَّذِیْن اسم موصول یَاْكُلُوْنَ (1) فعل مضارع معروف جمع مذکر غائب اس میں واؤ جمع فاعل اموال اَلْیَتَامٰی مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ظُلْمًا مفعول لہ۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور مفعول لہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ۔ موصول باصلہ اِنَّ کا اسم انّما حرف حصر یَاْكُلُوْن فعل مضارع معروف اس میں واؤ جمع فاعل فی جارہ بطونهم مضاف با مضاف الیہ فی کا مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف لغو نارًا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل مفعول بہ وظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ[2] ہو کر خبر، اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔ واوَ عاطفہ س برائے استقبال۔ یَصْلَوْن فعل مضارع معروف واوَ جمع ضمیر متصل فاعل سعیرًا مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۵۔ قُلْ رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا: اے محبوب فرما دیجیے اے میرے رب میرے علم میں اضافہ فرما۔

---

1۔ یَاْكُلُوْنَ میں واوَ جمع ذوالحال۔ اور ظُلْمًا حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔

2۔ دونوں جملہ فعلیہ مرکب عطفی ہو کر خبر بھی ہو سکتے ہیں۔

Marfat.com

قُلْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں اَنْتَ ضمیر وجوبا پوشیدہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر قول رَبِّ اصل یارَبِّیْ ہے۔ یا حرف نداء قائم مقام اَدْعُوْ فعل مضارع معروف واحد متکلم کے اس میں انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل رَبِّیْ مضاف با مضاف الیہ منادی مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومنادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا۔ زِدْ فعل امر حاضر معروف اس میں اَنْتَ ضمیر وجوبا مستتر فاعل ن وقایہ ی ضمیر متکلم مفعول بہ عِلْمًا تمییز از نسبت تامہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جواب ندا۔ ندا وجواب ندا مل کر محلا منصوب مفعول بہ مقولہ۔ قول مقولہ مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۶۔ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّ اَضْعَفُ جُنْدًا: اس وقت انہیں پتا چلے گا کہ کون مکان کے لحاظ سے برا اور لشکر کے اعتبار سے کمزور ہے۔

ف برائے رابطہ س حرف تنفیس و استقبال یَعْلَمُوْنَ فعل مضارع معروف جمع مذکر غائب اس میں واؤ جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل۔ من استفہامیہ مبتدا ھُوَ پھر مبتدا شَرٌّ شبہ فعل اسم تفضیل ھُوَ ضمیر مستتر فاعل مَكَانًا تمییز از نسبت تامہ۔ شبہ فعل اپنے فاعل و تمییز سے مل کر شبہ جملہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَضْعَفُ شبہ فعل اسم تفضیل اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل جُنْدًا تمییز از نسبت تامہ۔ شبہ فعل اپنے فاعل و تمییز سے مل کر شبہ جملہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مَنْ استفہامیہ مبتدا کی خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ محلا منصوب مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۷۔ زَرَعْتُ فَدَّانًا اَرُزًّا: میں نے چار سو مربع زمین چاول کاشت کیے۔

زَرَعْتُ فعل با فاعل فَدَّانًا ممیز اَرُزًّا تمییز ممیز تمییز مل کر مفعول بہ یا مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 31 کی تراکیب

۱۔ نَجَحَ ثَلاَ ثَةَ عَشَرَ طَالِبًا: تیرہ طالب علم کامیاب ہوئے۔

نَجَحَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ثَلاَثَةَ عَشَرَ ممیز طَالِبًا تمیز، ممیز تمیز مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ بِعْتُ ثَلاَثَ تُفَاحَاتٍ بِاِثْنَیْ عَشَرَ قُرُشًا: میں نے تین سیب بارہ قرش کے عوض فروخت کیے۔

بِعْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر فاعل ثَلاَثَ اسم عدد ممیز تُفَاحَاتٍ تمیز۔ ممیز تمیز مل کر مفعول بہ ب حرف جار اِثْنَیْ عَشَرَ ممیز قُرُشًا تمیز۔ ممیز تمیز مل کر ب کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا: اور اس سے بارہ چشمے پھوٹ پڑے۔

فَا عاطفہ اِنْفَجَرَتْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب مِنْهُ جار مجرور مل کر ظرف لغو اثْنَتَا عَشَرَةَ ممیز عَيْنًا تمیز۔ ممیز با تمیز فاعل، فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ يَاأَبَتِ إِنِّيْ رَأَيْتُ أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا: اے میرے باپ بے شک میں نے گیارہ ستارے دیکھے۔

یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ فعل کے اس میں انا ضمیر مستتر فاعل اَبَتِ منادی مفعول بہ اصل میں یَا أَبِیْ تھا۔ فعل اپنے فاعل و منادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ی ضمیر متکلم اس کا اسم۔ رَأَیْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر فاعل اَحَدَ عَشَرَ ممیز کَوْکَبًا تمیز۔ ممیز تمیز مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، اِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر جواب ندا۔

Marfat.com

۵۔ سَاحَتُهَا تَبْلُغُ عَشَرَةَ آلافِ ومائتیٰ ذِرَاعٍ: اس کا صحن دس ہزار دوسو گز تک پہنچتا ہے۔

سَاحَتُهَا مضاف بامضاف الیہ مبتدا تَبْلُغُ فعل مضارع معروف واحد مونث غائب ھی ضمیر مستتر فاعل عَشَرَةَ ممیز آلاف تمیز، ممیز باتمیز معطوف علیہ واؤ عاطفہ مائتی ممیز ذِرَاعٍ تمیز۔ ممیز باتمیز معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

٦۔ وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ: اور ہم نے انہیں بھیجا تھا ایک لاکھ یا اس سے زیادہ لوگوں کی طرف۔

واؤ عاطفہ اَرْسَلْنَاهُ فعل ماضی معروف نا ضمیر مرفوع متصل فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ الیٰ حرفِ جار مائة اَلْفٍ ممیز انسان تمیز مستتر۔ ممیز تمیز مل کر اِلٰی کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ اَوْ اضرابیہ (یا بمعنی بل) یزیدون فعل مضارع معروف جمع مذکر غائب واؤ جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا محذوف هُمْ کی۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 32 کی تراکیب

۱۔ حَفِظَ دَرسًا التَلامیذُ الّا واحدًا: ایک کے علاوہ باقی شاگردوں نے سبق یاد کیا۔

حَفِظَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب دَرسًا مفعول بہ التلامیذ مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثنا واحِدًا مستثنیٰ متصل، مستثنیٰ منہ اور مستثنیٰ مل کر فاعل فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ ماغَابَ التَّلامِیذُ عَنِ الدَّرسِ اِلَّاواحِدًا: سبق سے شاگرد غائب نہیں ہوئے سوائے ایک کے۔

ما نافیہ غابَ فعل ماضی معروف التلامیذ مستثنیٰ منہ عن حرف جار الدرس مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے اِلّا حرف استثنا واحدًا مستثنیٰ متصل۔ مستثنیٰ منہ اپنے مستثنیٰ سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ اشتریتُ الْاَفْرَاسَ اِلَّاحِمَارًا: میں نے گدھے کے علاوہ گھوڑے خریدے۔

اِشتریتُ فعل بافاعل اَلْاَفْرَاسَ مستثنیٰ منہ الاحرف استثنا حِمَارًا مستثنیٰ منقطع۔ مستثنیٰ منہ اپنے مستثنیٰ سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ هَجَمَ الْاَفْوَاجُ اِلَّاجُندِیًا: فوج نے حملہ کیا سوائے ایک سپاہی کے۔

هَجَمَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الافواج مستثنیٰ منہ الاحرف استثناء جُندیًا مستثنیٰ متصل، مستثنیٰ منہ اور مستثنیٰ مل کر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۵۔ مَاهَرَبَ الْاَفْوَاجُ اِلَّاجُندِیًا: فوجیں نہ بھاگیں سوائے ایک سپاہی کے۔

۶۔ جَاءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّاحِمَارًا: میرے پاس قوم آئی سوائے گدھے کے۔

۷۔ ماجاءَ تِ الْقَوْمُ اِلَّاحِمَارًا: میرے پاس قوم نہیں آئی مگر گدھا۔

۸۔ حَضَرَ الْاَصْدِقَاءُ اِلَّاعَلِیًا: علی کے علاوہ سارے دوست آئے۔

Marfat.com

ان سب کی ترکیب سابقہ مثال کی طرح ہوگی۔

۹۔ حَضَرَ الْاَعَلِیَا الْاَصْدِقَاءُ: دوست آئے سوائے علی کے۔

حضر فعل ماضی معروف الا حرف استثناء علیا مستثنیٰ الاصدقاء مستثنیٰ منہ مستثنیٰ مستثنیٰ منہ مل کر فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۰۔ ماجاء نی الاحمارًا القومُ: میرے پاس قوم نہیں آئی مگر گدھا

اس کی ترکیب سابقہ مثال کی طرح ہے۔

۱۱۔ ھجم الافواج ماخلا یا ماعدا جُندیًا: ایک سپاہی کے بغیر ساری فوج نے حملہ کیا۔

فی جارہ الدار معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَلْغُرْفَةِ معطوف۔ معطوف اور معطوف علیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابتانِ شبہ فعل کے شبہ فعل میں ھُما ضمیر مستتر فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم رجل معطوف علیہ واؤ عاطفہ طِفْلٌ معطوف۔ معطوف اور معطوف علیہ مل کر مبتدا موخر۔ خبر مقدم اور مبتدا موخر مل کر جملہ اسمیہ۔

۱۳۔ ھذا عَلِیٌّ زَیْنُ الْعَابِدِیْنَ: یہ علی زین العابدین ہے۔

ھا برائے تنبیہ ذا اسم اشارہ مبتدا عَلِیٌّ متبوع مبین زین مضاف الْعَابِدِیْنَ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مل کر تابع عطف بیان۔ متبوع مبین اور تابع عطف بیان مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۴۔ اَقْسَمَ باللّٰهِ اَبُوْحَفْصٍ عُمَرُ: ابو حفص عمر رضی اللہ عنہ نے اللہ کی قسم کھائی۔

اَقْسَمَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب باللّٰهِ جار مجرور متعلق فعل اَقْسَمَ کے اَبُو

Marfat.com

مضاف حفصٍ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ متبوع مبین عُمَرُ تابع عطف بیان۔ متبوع مبین و تابع عطف بیان مل کر اَقْسَمَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۵۔ ھذا الکَلِیْمُ مُوْسیٰ: یہ موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام ہیں۔

ھا برائے تنبیہ ذا اسم اشارہ مبتدا الکَلِیْمُ متبوع مبین موسیٰ تابع عطف بیان۔ متبوع مبین و تابع عطف بیان مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۶۔ اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۲۱﴾ رَبِّ مُوْسٰی وَ هٰرُوْنَ: ہم رب العالمین پر ایمان لائے جو موسیٰ و ہارون کا رب ہے۔

اٰمَنَّا فعل ماضی جمع متکلم نا ضمیر مرفوع متصل فاعل ب جارہ رَبِّ مضاف العالمین مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ متبوع مبین رَبِّ مضاف مُوْسیٰ معطوف علیہ واوَ عاطفہ هَارُوْنَ معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ تابع عطف بیان۔ متبوع مبین اور تابع عطف بیان مل کر ب کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۷۔ یُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَیْتُوْنَةٍ: اسے روشن کیا جاتا ہے زیتون کے مبارک درخت سے۔

یُوْقَدُ فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب ھو ضمیر مستتر نائب الفاعل من جارہ شَجَرَةٍ موصوف مُبَارَكَةٍ شبہ فعل اسم مفعول اپنے ھی ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر متبوع مبین زَیْتُوْنَةٍ تابع عطف بیان۔ متبوع مبین و تابع عطف بیان مل کر من کا مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف لغو۔ فعل اپنے نائب الفاعل و ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ (شرح ابن عقیل الدرة المضیئة)۔

۱۸۔ وَ یُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِیْدٍ: اور اسے پیپ پلائی جائی گی۔

واوَ عاطفہ یُسْقٰی فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب ھُو ضمیر مستتر نائب الفاعل من جارہ مَاءٍ متبوع مبین صَدِیْدٍ تابع عطف بیان، متبوع مبین و تابع عطف بیان مل کر من کا

Marfat.com

مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے نائب الفاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ (شرح ابن عقیل الدرۃ المضیۃ)۔

۱۹۔ أنا النَّاصِرُ الرَّجُلِ اَبِیْ عَلِیٍّ: میں خاص مرد ابوعلی کا مددگار ہوں۔

أنا ضمیر مرفوع منفصل مبتدا النَّاصِرُ شبہ فعل مضاف الرَّجُلِ متبوع مبین اَبِیْ مضاف۔ عَلِیٍّ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ تابع عطف بیان متبوع مبین و تابع عطف بیان مل کر مضاف الیہ۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اور مضاف الیہ مفعول بہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۰۔ مامَسَّھَا مِنْ نَقَبٍ و لَادَبَرٍ فَاغْفِرْلَہٗ اَللّٰھُمَّ اِنْ کَان فَجَرَ: نہ اسے پہلو کا زخم لگا ہے اور نہ پیٹھ کا زخم، یا اللہ ان کو بخش دے اگر ان سے غلطی ہو گئی ہے۔

ما نافیہ مَسَّ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ھَا ضمیر مفعول بہ من حرف جر زائد نَقَبٍ معطوف علیہ لفظا مجرور محلا مرفوع واؤ عاطفہ لا زائدہ برائے تاکید دَبَرٍ لفظا مجرور محلا مرفوع معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

ف جزائیہ اِغْفِرْ فعل امر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں انت ضمیر وجوبا مستتر فاعل ل جارہ ہٗ ضمیر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جزا مقدم۔ اللّٰھُمَّ اصل میں یا اللہ تھا۔ یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُو فعل مضارع معروف واحد متکلم جس میں أنا ضمیر وجوبا مستتر فاعل لفظ اللہ اسم جلالت منادی مبنی بر ضمہ محلا منصوب مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و منادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا اِن شرطیہ کانَ فعل ناقص ماضی معروف ھُوَ ضمیر مستتر جوازا اس کا اسم فَجَرَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ھُوَ ضمیر مستتر جوازا اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط مؤخر۔ جزا مقدم و شرط مؤخر مل کر جملہ شرطیہ ہو کر جواب ندا۔ ندا و جواب ندا مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 37 کی تراکیب

۱۔ جَاءَ نِیْ اَخُوْکَ حَسَنٌ: تیرا بھائی حسن میرے پاس آیا۔

جَاءَ نِیْ بترکیب معلوم اَخُوْکَ مضاف بامضاف الیہ مبدل منہ حَسَنٌ بدل، مبدل منہ اور بدل مل کر جَاءَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ عَامَلْتُ التَّاجِرَ خَلِیْلًا: میں نے تاجر خلیل سے معاملہ کیا۔

عَامَلْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع فاعل اَلتَّاجِرَ مبدل منہ خَلِیْلًا بدل۔ مبدل منہ وبدل مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ أَکَلْتُ الرَّغِیْفَ ثُلُثَہٗ: میں نے روٹی اس کا تیسرا حصہ کھایا۔

أَکَلْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر فاعل الرَّغِیْفَ مبدل منہ ثُلُثَ مضاف ہٗ مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ وَلِلّٰہِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْہِ سَبِیْلًا: (1) اور اللہ کے لیے لوگوں پر حج کرنا فرض ہے جو اس راہ پر جانے کے طاقت رکھتے ہوں۔

واوٗ عاطفہ لام جارہ لفظ اللہ اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق خبر مقدم محذوف وَاجِبٌ کے۔ عَلٰی جارہ النّاس مبدل منہ حِجُّ مصدر مضاف الْبَیْتِ مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ مبتدا موخر۔ مَنْ اسم موصول اِسْتَطَاعَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ھُوَ ضمیر مستتر ذوالحال اِلٰی جارہ ہٗ مجرور۔ جار مجرور متعلق شبہ فعل محذوف وَاصِلًا کے وَاصِلًا شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل ومتعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذوالحال وحال مل کر

1۔کوئی آدمی کسی جگہ سے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خدمت آیا اور اس نے اپنی اونٹنی کی بدحالی کے بارے میں بتایا اور نئی سواری طلب کی تو آپ کو حقیقت حال کا علم نہ تھا تو آپ نے یہ فرمایا۔ کہ تیری سواری کو کچھ نہیں ہوا تو اس شخص نے پھر یہ شعر کہا کہ اگر ان سے اس بارے میں غلطی ہوگئی ہے تو اللہ آپ کو معاف فرمائے۔

Marfat.com

استطاع(1) کا فاعل سَبِيلًا مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر مَنْ کا صلہ موصول صلہ مل کر بدل۔ مبدل منہ اور بدل مل کر عَلٰی کا مجرور۔ جار مجرور متعلق خبر مقدم محذوف واجب کے۔ واجب شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و متعلقین سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم۔ خبر مقدم و مبتدا موخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔ (شرح ابن عقیل الدرة المضیة)

۵۔ اَعْجَبَنِي الرَّجُلُ عِلْمُهٗ: مجھے اس آدمی کے علم نے تعجب میں ڈالا۔

اَعْجَبَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ن وقایہ ی ضمیر متکلم مفعول بہ الرَّجُلُ مبدل منہ عِلْمُهٗ مضاف با مضاف الیہ بدل۔ مبدل منہ و بدل مل کر فاعل فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۶۔ تَصَدَّقْتُ بِدِرْهَمٍ دِيْنَارٍ: میں نے درہم بلکہ دینار صدقہ کیا۔

تَصَدَّقْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل ب جارہ دِرْهَمٍ مبدل منہ دِيْنَارٍ بدل۔ مبدل منہ و بدل مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۷۔ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ ۝ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ: ہم ضرور (اُسے) گھسیٹیں گے اس کی پیشانی کے بالوں سے وہ پیشانی جو جھوٹی (اور) خطا کار ہے۔

لَنَسْفَعَنْ فعل مضارع معروف جمع متکلم مؤکد بلام ونون خفیفہ اس میں نَحْنُ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل ب جارہ النَّاصِيَة مبدل منہ نَاصِيَةٍ موصوف كَاذِبَةٍ شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت اول خاطئة صفت ثانی، موصوف اپنی دونوں صفات مل کر بدل۔ مبدل منہ اور بدل مل کر ب کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۸۔ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ۝ حَدَآئِقَ: بلا شبہ پرہیز گاروں کے لیے کامیابی (ہی کامیابی) ہے (ان کے لیے) باغات۔

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ل جارہ الْمُتَّقِيْنَ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثابتةٌ شبہ فعل کے

1۔ تقدیر کلام ہے استطاع منھم، جار مجرور متعلق فعل کے۔

Marfat.com

ہو کر خبر مقدم مَفَازًا مبدل منہ حدائق بدل مبدل منہ اور بدل مل کر اِنَّ کا اسم موخر۔ ان اپنی خبر مقدم و اسم موخر سے مل جملہ اسمیہ خبریہ۔

۹۔ زُرِالْاُسْتَاذَ خَالِدًا: استاد خالد سے ملاقات کر۔

زُرْ فعل امر معروف واحد مذکر مخاطب انتَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل الاستاذَ مبدل منہ خَالِدًا بدل۔ مبدل منہ و بدل مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۰۔ اِجْتَنِبْ مِنَ الرَّجُلِ اللَّئِيْمِ: کمینے مرد سے اجتناب کر۔

اِجْتَنِبْ فعل امر حاضر واحد مذکر مخاطب انت ضمیر مستتر فاعل من جارہ الرَّجُلِ موصوف اللَّئِيْمِ۔ صفت مشبہ اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف صفت مل کر من کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۱۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ: سب تعریفیں اللہ کے لیے جو مرتبہ کمال تک پہنچانے والا ہے سارے جہانوں کا۔

اَلْحَمْدُ مبتدا لام جارہ لفظ اللہ اسم جلالت موصوف رَبِّ الْعَالِمِيْنَ مضاف با مضاف الیہ صفت۔ موصوف صفت مل کر لام کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق مُسْتَحَقٌّ شبہ فعل اسم مفعول کے۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر نائب الفاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۲۔ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ: (میرے لیے) اب صبر ہی زیبا ہے۔

(i) فَأَمْرِی صَبْرٌ جَمِيْلٌ۔ ف فصیحیہ اَمْرِی مضاف با مضاف الیہ مل کر مبتدا۔ صَبْرٌ موصوف جَمِيْلٌ صفت مشبہ اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف صفت مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

(ii) صَبْرٌ جَمِيْلٌ اَجْمَلُ: صَبْرٌ جَمِيْلٌ: موصوف صفت مل کر مبتدا اَجْمَلُ شبہ فعل اسم تفضیل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

(iii) فصبری صبر جمیل: ف فصیحیہ صَبْرٌ شبہ فعل مضاف ی مضاف الیہ۔ مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ فاعل سے مل کر مبتدا صَبْرٌ جَمِیْلٌ خبر مبتدا خبر مل کر۔ جملہ اسمیہ خبریہ۔

ف فصیحیہ صَبْرٌ موصوف جَمِیْلٌ شبہ فعل اپنے ھُوَ فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر خبر جس کا مبتدا محذوف ہے۔ اَمْرِی مضاف با مضاف الیہ مبتدا۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۳۔ اَعْجَبَنِیْ عُمَرُ الْعَادِلُ: مجھے عدل کرنے والے عمر نے خوش کیا/ متعجب کیا۔

اَعْجَبَنِیْ بترکیب معلوم عُمَرُ موصوف الْعَادِلُ شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

(ii) العَادِلُ ھُوَ کی خبر ہو کر جملہ اسمیہ ہو کر صفت بھی ہو سکتا ہے۔

۱۴۔ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ: بے شک اللہ ہی روزی دینے والا قوت والا زور والا ہے۔

اَنَّ حرف مشبہ بالفعل لفظ اللہ اسم جلالت اس کا اسم ھُوَ ضمیر فصل لامحل لھا فی الاعراب الرزاق خبر اول ذو مضاف الْقُوَّةِ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ موصوف الْمَتِیْنُ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر خبر ثانی۔ اِنَّ اپنے اسم و خبر اول اور ثانی سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ (معجم اعراب الفاظ القرآن الکریم)۔

هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ:

ھُوَ مبتدا الرزاق موصوف ذو القُوَّةِ المتینُ موصوف صفت مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۵۔ اَلْھَوَاءُ الْمُعْتَدِلُ مُفِیْدٌ لِلْاَجْسَامِ: معتدل ہوا جسموں کے لیے مفید ہے۔

اَلْھَوَاءُ موصوف اَلْمُعْتَدِلُ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر مبتدا۔ مُفِیْدٌ شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل لام

Marfat.com

جارہ اَلْاَجْسَامِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

١٦۔ اَلْمَاءُ الْكَدِرُ مُضِرٌّ شُرْبُهٗ: گدلا پانی اس کا پینا نقصان دہ ہے۔

اَلْمَاءُ موصوف اَلْكَدِرُ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف صفت مل کر مبتدا مُضِرٌّ شبہ فعل اسم فاعل شُرْبُهٗ مضاف با مضاف الیہ فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

١٧۔ اَلْحِذَاءُ الضَّيِّقُ مُضِرٌّ لِلْاَقْدَامِ: تنگ جوتا پاؤں کے لیے نقصان دہ ہے۔

اَلْحِذَاءُ موصوف الضَّيِّقُ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف صفت مل کر مبتدا مُضِرٌّ شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ل جارہ اَلْاَقْدَامِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

١٨۔ قَابَلْتُ وَلَدًا صَالِحًا: میرا ایک بچے سے سامنے ہوا۔ میں نیک بچے سے ملا۔

قَابَلْتُ فعل با فاعل وَلَدًا موصوف صَالِحًا شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

١٩۔ سافَرْتُ فِي قِطَارٍ سَرِيْعٍ سَيْرُهٗ: میں نے تیز رفتار ریل گاڑی میں سفر کیا۔

سَافَرْتُ فعل با فاعل فی جارہ قِطَارٍ موصوف سَرِيْعٍ شبہ فعل صفت مشبہ سَيْرُهٗ مضاف با مضاف الیہ فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف لغو فعل اپنے فاعل و ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

٢٠۔ اَلْأَمَامُ الْعَادِلُ كَالْاَبِ الْمُشْفِقِ عَلٰى اَوْلَادِهِ الصِّغَارِ: امام عادل ایسے باپ کی مثل ہے جو اپنی چھوٹی اولاد پر مہربان ہوتا ہے۔

الْأَمَامُ الْعَادِلُ موصوف صفت مل کر مبتدا کاف جارہ اَلْاَب موصوف الْمُشْفِقِ شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل علی جارہ او لادہ مضاف با مضاف الیہ موصوف

Marfat.com

الصغار۔ صفت موصوف باصفت عَلٰی کا مجرور۔ جار مجرور متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر ک جارہ کا مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابت شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۱۔ اِشْتَرَيْتُ بُرْتُقَالَةً لَذِيْذًا طَعْمُهَا: میں نے ایسا مالٹا خریدا جس کا ذائقہ لذیذ تھا۔

اِشْتَرَيْتُ فعل بافاعل بُرْ تقالَةً موصوف لَذِيْذًا شبہ فعل صفت مشبہ واحد مذکر طَعْمُهَا مضاف بامضاف الیہ فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف باصفت مفعول بہ، فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۲۔ اَرْسَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی رَسُوْلَهٗ بِالْحَقِّ الْوَاضِحِ وَالنُّوْرِ السَّاطِعِ: اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو واضح حق اور چھا جانے والے نور کے ساتھ بھیجا۔

اَرْسَلَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب لفظ اللّٰہ اسم جلالت ذوالحال تعالٰی فعل ماضی معروف اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال، ذوالحال و حال مل کر فاعل۔ رَسُوْلَهٗ مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ ب جارہ الحق الواضح موصوف صفت مل کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ النور الساطع موصوف صفت مل کر معطوف۔ معطوف علیہ بامعطوف مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل مفعول اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۳۔ صَلُّوْا عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اجمعين: درود پڑھو محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے تمام صحابہ پر۔

صَلُّوْا فعل امر معروف جمع مذکر مخاطب واؤ جمع مرفوع متصل فاعل علی جارہ لفظ محمد معطوف علیہ واؤ عاطفہ آلِهٖ مضاف بامضاف الیہ معطوف واؤ عاطفہ اصحابه مضاف بامضاف الیہ مؤکد اجمعین تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوفین سے مل کر علٰی کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

Marfat.com

۲۴۔ یَخَافُ الْأَطْفَالُ الْمُسْلِمُوْنُ ثُمَّ الْبَنَاتُ الْمُسْلِمَاتُ مِنَ اللّٰہِ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی: مسلمان بچے پھر مسلمان بچیاں اللہ تبارک وتعالیٰ سے ڈرتے ہیں۔

یَخَافُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اَلْاَطْفَالُ الْمُسْلِمُون موصوف صفت مل کر معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ اَلْبَنَاتُ الْمُسْلِمَاتُ موصوف صفت مل کر معطوف معطوف علیہ با معطوف فاعل مِنْ جارہ اسم جلالت لفظ اللّٰہ ذوالحال تَبَارَکَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ واوٗ عاطفہ تَعَالٰی فعل ماضی معروف اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف ذوالحال کا حال۔ ذوالحال وحال مل کر مِنْ کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۵۔ أَتُفَّاحَيْنِ أَكَلْتَ اَمْ عِنَبًا: کیا تو نے دو سیب کھائے یا انگور۔

أ حرف استفہام لامحل لھا من الاعراب تُفَّاحَيْنِ معطوف علیہ اَمْ عاطفہ عِنَبًا معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ مقدم اَكَلْتَ فعل با فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۶۔ مَا قَابَلْتُهُ بَلْ قَابَلْتُ وَكِيْلَهُ: میں اس کے سامنے نہیں ہوا بلکہ اس کے وکیل کے سامنے ہوا۔ میں اس سے نہیں ملا بلکہ اس کے وکیل سے ملا۔

ما نافیہ قَابَلْتُ فعل با فاعل ہٗ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ بَلْ اضرابیہ قَابَلْتُ فعل با فاعل وَكِيْلَهُ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۷۔ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿۳۱﴾ حَدَآئِقَ وَ اَعْنَابًا ﴿۳۲﴾ وَّ كَوَاعِبَ اَتْرَابًا: بلاشبہ پرہیزگاروں کے لیے کامیابی (ہی کامیابی) ہے ان کے لیے باغات اور انگوروں کی بیلیں ہیں اور جواں سال ہم عمر لڑکیاں۔

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل لِ جارہ برائے اختصاص اَلْمُتَّقِيْنَ مجرور۔ جار مجرور متعلق شبہ فعل اسم فاعل ثَابِتَةٌ کے۔ شبہ فعل اپنے ھِیَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم

Marfat.com

مَفَازًا مبدل منہ حَدَائِقَ بدل۔ مبدل منہ و بدل مل کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَعْنَابًا معطوف واؤ عاطفہ کَوَاعِبَ موصوف اَتْرَابًا صفت موصوف صفت مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوفین سے مل کر اِنَّ کا اسم مؤخر۔ اِنَّ اپنی خبر مقدم و اسم مؤخر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۸۔ كَانَتْ اُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا حُجَّةً فِي رِوَايَةِ الْحَدِيْثِ:
اُم المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت حدیث میں حجت تھیں۔

كَانَتْ فعل ناقص ماضی معروف واحد مونث غائب اُمُّ الْمومنين مضاف با مضاف الیہ متبوع مبین / مبدل منہ عائشة بدل عطف بیان۔ مبدل منہ متبوع مبین و عطف بیان بدل مل کر فعل ناقص کا اسم۔ رَضِيَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب لفظ اللّٰہ اسم جلالت فاعل عن جارہ ھا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ معترضہ۔ حُجَّةً موصوف فی جارہ روایة مضاف۔ الحديث مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر فی کا مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابتةً شبہ فعل شبہ فعل اپنے ھِيَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف صفت مل کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۹۔ كَانَ اَبُوْحَامِدِ الْغَزَالِي مِنْ اَكْبَرِ رِجَالِ الدِّيْنِ فِي الْقَرْنِ الْخَامِسِ مِنَ الْهِجرةِ: امام ابوحامد غزالی علیہ الرحمۃ پانچویں صدی ہجری کے اکابر رجال دین میں سے تھے۔

كان فعل ماضی معروف ناقص واحد مذکر غائب اَبُوْ حَامِدِ مضاف با مضاف الیہ موصوف الغزالی صفت، موصوف صفت مل کر کان کا اسم۔ من جارہ اَكْبَرِ شبہ فعل اسم تفضیل مضاف رِجَالِ مضاف الیہ مضاف الدین مضاف الیہ۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر اَكْبَرِ افعل تفضیل کا مضاف الیہ فی جارہ القرن الخامسِ موصوف صفت مل کر پھر موصوف مِنَ الْهِجْرَةِ جار مجرور متعلق الثابتِ شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر فی کا مجرور۔ جار مجرور متعلق شبہ فعل کے (شبہ فعل اَكْبَرِ میں ھو ضمیر مستتر فاعل) شبہ فعل اپنے فاعل و مضاف الیہ و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مِنْ کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثابتًا شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق

Marfat.com

سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۰۔ تَهَدَّمَ التِمْثَالُ اَبُو الْهَوْلِ اَنْفُهٗ: مجسمہ ابوالہول اس کی ناک گر گئی۔

تَهَدَّمَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب التِّمْثَالُ مبدل منہ یا متبوع مبین اَبُو الْهَوْلِ مضاف بامضاف الیہ بدل یا عطف بیان مبدل منہ وبدل مل کر مبدل منہ اَنْفُهٗ مضاف بامضاف الیہ بدل۔ مبدل منہ وبدل مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۱۔ تَمزّقَ الْكِتَابُ غِلَافُهٗ: کتاب اس کا غلاف پھٹ گیا۔

تَمزّقَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الکتاب مبدل منہ غِلَافُهٗ مضاف بامضاف الیہ بدل۔ مبدل منہ وبدل مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۲۔ قَطَعْنَا الْكِرَمَ عِنَبَهٗ وَاَغْلَقْنَا الْبُسْتَانَ بَابَهٗ: ہم نے انگور کی بیل اس کا انگور توڑا، کاٹا اور ہم نے باغ اس کا دروازہ بند کیا۔

قَطَعْنَا فعل ماضی معروف جمع متکلم نَا ضمیر مرفوع متصل فاعل الکِرَمَ مبدل منہ عِنَبَهٗ مضاف بامضاف الیہ بدل۔ مبدل منہ وبدل مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ۔ واوَ عاطفہ اَغْلَقْنَا فعل ماضی جمع متکلم نَا ضمیر فاعل الْبُسْتَانَ مبدل منہ بَابَهٗ مضاف بامضاف الیہ بدل۔ مبدل منہ وبدل مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ۔

۳۳۔ حَذَارِ حَذَارِ مِنَ الْاِهْمَالِ: بچ بچ سستی سے۔

حَذَارِ اسم فعل بمعنی امر معروف اِتَّقِ واحد مذکر مخاطب حَذَارِ اپنے انت ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر مؤکد حَذَارِ اسم فعل بمعنی اِتَّقِ فعل امر معروف حذار میں اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل مِنَ الاهمال جار مجرور متعلق فعل کے اسم فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ اسمیہ ہو کر تاکید۔

Marfat.com

# مشق نمبر 37 کی تراکیب

۱۔ اِنَّ الْمُعَلِّمَ وَالْمُتَعَلِّمَ کِلَیْهِمَا مُجْتَهِدَانِ: بے شک استاد وشاگرد دونوں محنتی ہیں۔
اِنَّ حرف مشبہ بالفعل الْمُعَلِّمَ وَالْمُتَعَلِّمَ معطوف علیہ و معطوف مل کر مؤکد کِلَیْهِمَا (حالت نصبی کِلَا کی) مضاف بامضاف الیہ تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر اِنَّ کا اسم۔ مُجْتَهِدَانِ شبہ فعل اسم فاعل اپنے هُمَا ضمیر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۔ وَاسَیْتُهُ اَنَا اَکْثَرَ مِمَّا وَاسَاهُ اَخَوَاهُ اَنْفُسُهُمَا: میں نے بذات خود اس کی زیادہ غم گساری کی بنسبت اس کے جو اس کے دونوں بھائیوں نے اس کی غم گساری کی۔
وَاسَیْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل مؤکد اَنَا ضمیر مرفوع منفصل تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر فاعل ہٗ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ۔ اَکْثَرَ شبہ فعل اسم تفضیل اس میں هُوَ ضمیر مستتر فاعل مِنْ جارہ مَا موصولہ وَاسٰی فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ہٗ ضمیر مفعول بہ اَخَوَاهُ مضاف بامضاف الیہ مؤکد اَنْفُسُهُمَا مضاف بامضاف الیہ تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر مِنْ کا مجرور۔ جار مجرور متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر نائب مفعول مطلق۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ نائب مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ اِفْتَحْ اَنْتَ نَفْسُکَ النَّافِذَةَ: تو ہی بذات خود کھڑکی کھول۔
اِفْتَحْ فعل امر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں اَنْتَ ضمیر وجوبا مستتر مؤکد اَنْتَ ضمیر مرفوع منفصل تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر پھر مؤکد نَفْسُکَ مضاف بامضاف الیہ تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور النَّافِذَةَ مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ

Marfat.com

انشائیہ۔

۴۔ اَعْجَبَتْنَا الْمَدِيْنَةُ اَبْنِيَتُهَا وَسَرَّتْنَا الشَّوَارِعُ نَظَافَتُهَا: ہمیں شہر اس کی عمارتوں نے تعجب میں ڈالا اور ہمیں سڑکوں ان کی صفائی نے خوش کیا۔

اَعْجَبَتْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب نَا ضمیر منصوب متصل مفعول بہ الْمَدِيْنَةُ مبدل منہ اَبْنِيَتُهَا مضاف با مضاف الیہ بدل۔ مبدل منہ و بدل مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واوٗ عاطفہ سَرَّتْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب نَا ضمیر منصوب متصل مفعول بہ الشَّوَارِعُ مبدل منہ نَظَافَتُهَا مضاف با مضاف الیہ بدل۔ مبدل منہ و بدل مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 38 کی تراکیب

۱۔ هذا تاجِرٌ: یہ تاجر ہے۔

هذا میں ھا برائے تنبیہ ذا اسم اشارہ مبتدا تاجر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

نوٹ: بقیہ تمام مثالوں میں اس طرح اسم اشارہ مبتدا ہے اور مشار الیہ خبر ہے۔

۲۔ هذه المسطرة ثمِينَةٌ:

هذه اسم اشارہ مبدل منہ المسطرةُ بدل۔ مبدل منہ و بدل مل کر مبتدا ثمِينَةٌ شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَیْبَ ۛ فِیْهِ:

ذالک اسم اشارہ مبدل منہ الکتاب بدل۔ مبدل منہ و بدل مل کر مبتدا لا نفی جنس ریب اس کا اسم فیہ جار مجرور مل کر متعلق ثابت شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر لا نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔ (بحوالہ معجم لاعراب الفاظ القرآن)۔

۳۔ هُوَ صَادِقٌ: وہ سچا ہے۔

هُوَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا صَادِقٌ شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

نوٹ: اس طرح بقیہ مثالوں میں ضمیر مبتدا ہے اور آگے اس کی خبر ہے۔

Marfat.com

# سبق نمبر 39 کی تراکیب

۲۔ اَعۡطَاهُمَا: اس نے ان دو کو عطا کیا۔

اَعۡطٰی فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ھو ضمیر جوازاً مستتر فاعل ھُمَا ضمیر منصوب متصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

نوٹ: اس طرح بقیہ مثالوں ضمائر منصوبہ متصلہ مفعول بہ بنیں گی۔

۳۔ اُولٰٓئِکَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ:

اُولٰٓئِکَ اسم اشارہ بعید مبتدا ھُمۡ ضمیر فصل لا محل لها من الاعراب المُفۡلِحُوۡن شبہ فعل اپنے ھم ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۴۔ رَسُوۡلُنَا هُوَ اَفۡضَلُ الۡاَنۡبِيَاءِ: ہمارے رسول (تمام) نبیوں سے افضل ہیں۔

رَسُوۡلُنَا مضاف با مضاف الیہ مبتدا۔ ھُوَ ضمیر فصل لامحل لها من الاعراب اَفۡضَلُ شبہ فعل اسم تفضیل مضاف اَلۡاَنۡبِيَاءِ مضاف الیہ۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و مضاف الیہ سے مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۵۔ قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ: آپ فرما دیجیے وہ اللہ یکتا ہے۔

قُلۡ فعل امر معروف واحد مذکر مخاطب اَنۡتَ ضمیر وجوباً مستتر فاعل۔ ھُوَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا لفظ اللہ اسم جلالت پھر مبتدا اَحَدٌ خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ فعل اپنے فاعل و مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۶۔ هُوَ الَّذِيۡۤ اَرۡسَلَ رَسُوۡلَهٗ بِالۡهُدٰى: وہ جس نے اپنے رسول کو ہدایت کے ساتھ بھیجا۔

ھُوَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا اَلَّذِیۡ اسم موصول اَرۡسَلَ فعل ماضی واحد مذکر غائب ھو

Marfat.com

ضمیر مستتر فاعل رَسُوْلَهٗ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ بِالْهُدٰى۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۷۔ كَأَنَّهَا فَاطِمَةُ فَلْذَةُ كَبِدِ خَيْرِ الْاَنْبِيَاءِ: گویا کہ فاطمہ خیر الانبیا ﷺ کے جگر کا ٹکڑا ہیں۔

كَأَنَّ حرف مشبہ بالفعل هَا ضمیر اس کا اسم فَاطِمَةُ مبتدا فَلْذَةُ مضاف كَبِدِ مضاف الیہ مضاف خَيْرِ مضاف الیہ مضاف الانبیا مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ کبد کا مضاف الیہ۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر كَأَنَّ کی خبر۔ كَأَنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۸۔ هِيَ الْبِنْتُ مُجْتَهِدَةٌ: وہ لڑکی محنتی ہے۔

هِيَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا الْبِنْتُ پھر مبتدا مُجْتَهِدَةٌ شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر هِيَ کی خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 40 کی تراکیب

۱۔ غَلَبْتُ الَّذِی غَلَبَنِیْ: میں اس پر غالب آگیا جو مجھ پر غالب آیا تھا۔

غَلَبْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل الّذی اسم موصول غَلَبَ فعل ماضی واحد مذکر غائب ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ن وقایہ ي ضمیر منصوب متصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ اَللّٰہُ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ: اللہ تعالیٰ جس کے لیے چاہتا رزق وسیع کر دیتا ہے۔

لفظ اللہ اسم جلالت مبتدا یَبْسُطُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب ھُوَ ضمیر مستتر فاعل الرِّزْقَ مفعول بہ لِ جارہ مَنْ موصولہ یَشَاءُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر لفظ اللہ مبتدا کی خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ۔

۳۔ حَفِظَ التِّلْمِیْذُ مَا عَلَّمَہُ الْمُعَلِّمُ: طالب علم نے وہ یاد کیا جو معلم نے اُسے سکھایا۔

حَفِظَ فعل ماضی معروف التِّلْمِیْذُ فاعل مَا اسم موصول عَلَّمَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ہٗ ضمیر مفعول بہ الْمُعَلِّمُ فاعل۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 40 کی تراکیب

۴۔ جَاءَ اَیُّھُمْ ھُوَ اَفْضَلُ: وہ آیا جو ان میں سے افضل ہے۔

جَاءَ فعل ماضی معروف اَیُّ مضاف اسم موصول ھُمْ ضمیر مضاف الیہ۔ ھُوَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا اَفْضَلُ شبہ فعل اسم تفضیل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ و مضاف الیہ سے مل کر جَاءَ کا فاعل۔ فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۵۔ جَاءَ نِیْ الْعَالِمُ(1): میرے پاس وہ آیا جو عالم ہے۔

جَاءَ فعل ماضی معروف ن وقایہ ی ضمیر مفعول بہ۔ العالِمُ فاعل فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۶۔ رَجَعَ الْجُنْدُ المنصُوْرُ: وہ لشکر لوٹا جس کی مدد کی گئی۔ اصل میں رجع الجُنْد الذی ھُوَ منصورٌ

رَجَعَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اَلْجُنْدُ موصوف ال بمعنی اَلّذی اسم موصول ھُو ضمیر مرفوع منفصل محذوف مبتدا۔ مَنْصُوْرٌ شبہ فعل اسم مفعول اپنے ھُوَ ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر صفت۔ موصوف با صفت فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ (ii) اَلْجُنْدُ الْمَنْصُوْرُ: موصوف صفت مل کر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۷۔ سَافَرَ الّذی اَقَامَ فی مَنْزِلِیْ: اس نے سفر کیا جو میرے گھر میں ٹھہرا۔

سَافَرَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الّذی اسم موصول اَقَامَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ھُو ضمیر مستتر فاعل فی جارہ مَنْزِلِیْ مضاف مضاف الیہ مجرور۔ جار مجرور

---

1۔ العالِم۔ اس میں بھی ال بمعنی الذی ہو سکتا ہے۔

Marfat.com

متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۸۔ حَضَرَ التِّلْمِیْذُ الذی ھُوَ مُجْتَھِدٌ: وہ طالب علم آیا جو محنتی ہے۔

حَضَرَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب التِّلْمِیْذُ موصوف الذی اسم موصول ھُوَ مبتدا مُجْتَھِدٌ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ موصول صلہ مل کر صفت۔ موصوف صفت مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۹۔ اَخَذْتُ الْقَلَمَ الَّذی فَوْقَ کُرْسِیٍّ: میں نے وہ قلم لیا جو کرسی پر تھا۔

اَخَذْتُ فعل بافاعل الْقَلَمَ موصوف الَّذی اسم موصول فَوْقَ مضاف کُرْسِیٍّ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ ظرف ثَبَتَ فعل۔ ثَبَتَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و ظرف سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ موصول صلہ مل کر صفت۔ موصوف صفت مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۰۔ قَطَفْتُ الْاَزْھَارَ الَّتِیْ فِی الْحَدِیْقَةِ: میں نے وہ کلیاں توڑیں جو باغیچہ میں تھیں۔

قَطَفْتُ فعل بافاعل الْاَزْھَارَ موصوف الّتی اسم موصول فی الحدیقة جار مجرور مل کر متعلق ثَبَتَتْ فعل کے۔ فعل اپنے ھِیَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر صفت۔ موصوف صفت مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۱۔ لَاتَقُلْ مَالَا تَعْلَمُ: اصل لا تعلمه تھا۔ تو وہ نہ کہہ جو تو نہیں جانتا۔

لا نہی تَقُلْ فعل مضارع مجزوم مَا اسم موصول لا نافیہ تَعْلَمُ فعل مضارع معروف واحد مذکر اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل ہٗ مفعول بہ محذوف فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۲۔ اِقْتَرِبْ مِمَّا یَقْتَرِبُ الْعُقَلَاءُ: اصل میں اِقْتَرِبْ مِمَّا یَقْتَرِبُ مِنْهُ الْعُقَلَاءُ تو

Marfat.com

اس کے قریب ہو جس کے قریب عقل مند ہوتے ہیں۔

اِقْتَرِبْ فعل امر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں انت ضمیر وجوبًا مستتر فاعل من جارہ مَا موصولہ یَقْتَرِبُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب مِنْ حرف جارہ ضمیر محذوف مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے العُقَلاءُ فاعل۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مِنْ کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۳۔ اُبْذُلْ مااَنْتَ بَاذِلٌ فِي وُجُوْهِ الْخَيْرِ: اصل میں مااَنْتَ بَاذِلُهٗ جو کچھ تو خرچ کرنے والا ہے اُسے خیر کے کاموں میں خرچ کر۔

اُبْذُلْ فعل امر حاضر واحد مذکر مخاطب اس میں اَنْتَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل ما موصولہ اَنْتَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا بَاذِلُ (1) شبہ فعل مضاف ہٗ ضمیر محذوف اس کا مضاف الیہ فی جارہ وُجُوْهِ الْخَيْرِ۔ مضاف با مضاف الیہ فی کا مجرور۔ جار مجرور متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و اپنے مضاف الیہ و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۴۔ اِقْرَءْ اَيًّا نَافِعٌ: اصل میں عبارت یوں تھی اِقْرَءْ اَيًّا هو نَافِعٌ۔ تو وہ پڑھ جو نفع مند ہے۔

اِقْرَءْ فعل امر حاضر واحد مذکر اس میں اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل اَيًّا اسم موصول مضاف تنوین عوض مضاف الیہ نافع خبر ہے۔ مبتدا محذوف کی جو کہ ھُوَ ہے۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے عوض مضاف الیہ و صلہ سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۵۔ سَافَرَ اللَّذَانِ اَقَامَا فِي مَنْزِلِيْ: ان دو نے سفر کیا جو میرے گھر میں مقیم تھے۔

---

1۔ یا اس کی ترکیب یوں ہوگی: باذلٌ شبہ فعل اسم فاعل، اس میں ھو ضمیر مستتر اس کا فاعل ہٗ ضمیر محذوف اس مفعول بہ اور فی وجوہ الخیر متعلق شبہ فعل کے ہو کر خبر۔

Marfat.com

سَافَرَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اللّذان اسم موصول اَقَامَا فعل ماضی معروف تثنیہ مذکر غائب الف تثنیہ فاعل فی جارہ مَنْزِلی مضاف بامضاف الیہ مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۶۔ سَافَرْتُ مَعَ اللَّذَيْنِ بَاتَا فی مَنْزِلِیُ: میں نے سفر کیا ان دو کے ساتھ جنہوں نے میرے گھر میں رات گزاری۔

سَافَرْتُ فعل بافاعل مَعَ مضاف اللّذین اسم موصول بَاتَا فعل ماضی معروف تثنیہ مذکر غائب فی جارہ مَنْزِلی مضاف بامضاف الیہ فی کا مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 41 کی تراکیب

۱۔ هَيهَاتَ زَيْدٌ: زید دور ہوا۔

هَيهَاتَ اسم فعل بمعنی بَعُدَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب، زیدٌ فاعل۔ اسم فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ شَتَّانَ زَيْدٌ وَعَمْرٌو: زید اور عمرو جدا ہوئے۔

شَتَّانَ اسم فعل بمعنی اِفْتَرَقَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب زَيْدٌ معطوف علیہ واوٌ عاطفہ عمرٌو معطوف۔ معطوف علیہ اور معطوف مل کر فاعل اسم فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ سَرْعَانَ القطارُ: گاڑی تیز ہوئی۔

سَرْعَانَ اسم فعل بمعنی اَسْرَعَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب القطار اسم فعل کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۴۔ شَكَّانَ القطارُ: گاڑی تیز ہوئی۔

شَكَّانَ اسم فعل بمعنی سَرُعَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب القطارُ فاعل اسم فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۵۔ بُطْآنَ الْجَمَلُ: اونٹ آہستہ چلا۔

بُطْآنَ اسم فعل بمعنی بَطُؤَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب۔ الجمل فاعل اسم فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۶۔ قَدْ:

قد اسم فعل بمعنی یکفی فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اسم فعل میں هُوَ ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ۔

Marfat.com

۷۔ قَطْ: وہ ضرور کافی ہوگا۔

قط اسم فعل بمعنی یکفی فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبر۔

۸۔ زِهْ:

زِهْ اسم فعل بمعنی اَسْتَحْسِنُ فعل مضارع واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۹۔ بَخْ:

بَخْ اسم فعل بمعنی اَرْضٰی فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۱۰۔ وَا، واھا، وَی:

اسم فعل بمعنی اَتَعَجَّبُ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۱۱۔ دُوْنَکَ:

دُوْنَکَ اسم فعل بمعنی خُذْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۱۲۔ بَلْهَ:

بَلْهَ اسم فعل بمعنی دَعْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں اَنْتَ ضمیر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۱۳۔ عَلَیْکَ:

عَلَیْکَ اسم فعل بمعنی اِلْزَمْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں اَنْتَ ضمیر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۱۴۔ حَیَّهَلْ:

حَیَّهَلْ اسم فعل بمعنی اِیْتِ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب معروف اس میں

Marfat.com

اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۱۵۔ ھَا:

ھَا اسم فعل بمعنی خُذْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں انت ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۱۶۔ رُوَیْدَ:

رُوَیْدَ اسم فعل بمعنی اَمْهِلْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۱۷۔ اَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا:

اَمْهِلْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل۔ ھم ضمیر مفعول بہ۔ رُوَیْدًا غائب مفعول مطلق۔ فعل اپنے مفعول بہ اور غائب مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۱۸۔ دُوْنَکَ الکتابَ: کتاب پکڑ۔

دُوْنَکَ اسم فعل بمعنی خُذْ صیغہ امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل۔ الکتاب مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۱۹۔ بَلْهَ البُلْحَ: کچی کھجور چھوڑ دو۔

بَلْهَ اسم فعل بمعنی دَعْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں انت ضمیر مستتر فاعل۔ البلح مفعول بہ۔ فعل اپنے انت ضمیر مستتر فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۲۰۔ عَلَیْکَ الرِّفْقَ: نرمی اختیار کر۔

عَلَیْکَ اسم فعل بمعنی اِلْزَمْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل۔ الرفق مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۲۱۔ حَیَّهَلِ التُّفَاحَ: سیب لاؤ۔

حَیَّهَلْ اسم فعل بمعنی ایتِ صیغہ امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل۔ التفاح مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ۔

Marfat.com

۲۲۔ هَا الْقَلَمَ: قلم پکڑ۔

هَا اسم فعل بمعنی خُذْ صیغہ امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل اَلْقَلَمَ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۲۳۔ رُوَيْدَ اللِّصَّ: چور کو مہلت دو۔

روید اسم فعل بمعنی اَمْهِلْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل اللِصَّ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل سے اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ مل کر جملہ فعلیہ۔

۲۴۔ مَهْ بمعنی اُكْفُفْ رک جا۔

مَهْ اسم فعل بمعنی امر حاضر معروف اُكْفُفْ۔ اسم فعل میں انت ضمیر مستتر فاعل۔ اسم فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۵۔ صَهْ: خاموش ہو۔

صَهْ اسم فعل بمعنی امر حاضر معروف اُسْكُتْ۔ اسم فعل میں انت ضمیر مستتر فاعل۔ اسم فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۶۔ فَقَطْ بمعنی اِنْتَهِ: ختم کر۔

قَطْ اسم فعل بمعنی اِنْتَهِ امر حاضر معروف اسم فعل میں اَنْتَ ضمیر مستتر فاعل۔ اسم فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۷۔ هَيْتَ لَكَ: جلدی کر۔

هَيْتَ لَكَ اسم فعل بمعنی امر حاضر معروف اَسْرِعْ۔ اسم فعل میں انت ضمیر مستتر فاعل۔ لَكَ جار مجرور مل کر متعلق اسم فعل کے۔ اسم فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۸۔ عَلَيَّ بِهٖ: اسے لاؤ۔

عَلَيَّ بِهٖ اسم فعل بمعنی امر حاضر معروف جِئ بہ۔ اسم فعل میں انت ضمیر مستتر فاعل۔ بہ جار مجرور مل کر متعلق اسم فعل کے۔ اسم فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

Marfat.com

۲۹۔ ھَاتِ: تو عطا کر۔

ھَاتِ اسم فعل فعل بمعنی امر حاضر معروف اَعْطِ۔ اسم فعل میں اَنت ضمیر مستتر فاعل۔ اسم فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۰۔ أمَامَکَ: تو آگے بڑھ۔

أمَامَکَ اسم فعل بمعنی امر حاضر تَقَدَّمْ۔ اسم فعل میں انتَ ضمیر مستتر فاعل۔ اسم فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۱۔ ھَلُمَّ: لاؤ۔

ھَلُمَّ اسم فعل بمعنی امر حاضر معروف تَعَالُ۔ اسم فعل اپنے انت ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعل انشائیہ۔

۳۲۔ قَطُ: بے شک کافی ہے۔

قَطُ اسم فعل مبتدا بمعنی فعل مضارع یَکفِی، یَحسِبُ اسم فعل میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل قائم مقام خبر۔ اسم فعل مبتدا اپنی قائم مقام خبر سے مل کر اسمیہ خبر یہ ہوا۔

Marfat.com

# سبق نمبر 41 کی تراکیب

۱۔ تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ:

تلک موصوف الرسل صفت موصوف اور صفت مل کر مبتدا۔ فَضَّلْنَا فعل ماضی معروف جمع متکلم نا ضمیر مرفوع متصل فاعل بَعْضَ مضاف هُمْ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول به عَلٰى بَعْضٍ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۔ اِیَّاکَ والتهاوُنَ فی امرِ اسنانکَ: اصل میں ایاک باعِدْ واحذر التهاون الخ...... اپنے دانتوں کے معاملہ میں سستی سے بچ۔

اِیَّاکَ مفعول بہ مقدم فعل محذوف امر حاضر معروف اِتَّقِ کا فعل امر میں انت ضمیر وجوبا مستتر فاعل فعل اپنے فاعل ومفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ التَّهَاوُنَ شبہ فعل فی حرف جار اَمْرِ مضاف۔ اسنانک مضاف ومضاف الیہ مل کر اَمْرِ کا مضاف الیہ۔ مضاف ومضاف الیہ مل کر فی کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر مفعول بہ۔ اِحْذَرْ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معطوف۔

فَاِنَّ ذالک مَدْعَاةٌ الیٰ فَسَادِهَا: کیونکہ یہ دانتوں کی خرابی لے جانے والی ہے۔

فا مستانفہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ذالِکَ اسم اشارہ برائے بعید اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کا اسم مَدْعَاةٌ شبہ فعل اِلٰی حرف جار فَسَادِهَا مضاف با مضاف الیہ مجرور، جار مجرور متعلق شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر اِنَّ کی خبر، ان اپنے اسم اور خبر سے مل

---

1۔ تِلْكَ الرُّسُلُ۔ مبدل منہ و بدل۔ متبوع مبین وتابع عطف بیان بھی ہو سکتا ہے۔ الدار المصون، صفحہ 610، جلد 1

Marfat.com

کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

وَمَنْ فَسَدَتْ اَسْنَانُهٗ تَعَرَّضَ لِكَثِيْرٍ مِنَ الْاٰلَامِ وَالْاَوْجَعِ الَّتِى لَاطَاقَةَ لَهٗ بِاحْتِمَالِهَا: اور جس کے دانت خراب ہو جائیں وہ ایسی بہت سے مصیبتوں اور تکلیفوں کا سامنا کرتا ہے جن کو برداشت کرنے کی اس میں طاقت نہیں ہوتی۔

مَنْ شرطیہ مبتدا فَسَدَتْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب اَسْنَانُهٗ مضاف با مضاف الیہ فَسَدَتْ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط تَعَرَّضَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر مستتر فاعل۔ لام حرف جار كَثِيْرٍ موصوف من حرف جار آلَآم معطوف علیہ واؤ عاطفہ الاوجع معطوف معطوف و معطوف علیہ مل کر موصوف التی اسم موصول لا نفی جنس طَاقَةَ اس کا اسم لَهٗ جار مجرور مل کر متعلق ثابت شبہ فعل مقدر کے ب جارہ اِحْتِمَالِهَا مضاف با مضاف الیہ ب کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و متعلقین سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لا نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر صفت۔ موصوف صفت مل کر من کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثابت شبہ فعل مقدر کے۔ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف با صفت ل کا مجرور جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے ھو ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا۔ شرط و جزا مل کر جملہ شرطیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۔ يشربُ المريض دواءً لَيْلَ نَهارَ: مریض رات دن دوائی پیتا ہے۔

يشربُ فعل مضارع معروف المريضُ فاعل دواءً مفعول بہ لَيْلَ نَهارَ ظرف مرکب فعل اپنے فاعل مفعول بہ ظرف مرکب سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ فى الحجرةِ تِسْعَةَ عَشَرَ تلميذًا: کمرہ میں انیس طالب علم ہیں۔

فى الحجرة جار مجرور مل کر متعلق ثابتون شبہ فعل مقدر کے۔ شبہ فعل اپنے هُم ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم تسعة عشر اسم عدد ممیز تلميذًا تمیز۔ ممیز تمیز مل کر مبتدا موخر، خبر مقدم و مبتدا موخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

۵۔ حذار ان تقصر في واجبک: اپنی ڈیوٹی میں کوتاہی کرنے سے اجتناب کر۔

حذار اسم فعل بمعنی امر حاضر معروف اتق۔ اسم فعل میں انت ضمیر مستتر فاعل۔ ان ناصبہ موصول حرفی تقصر فعل مضارع معروف اس میں انت ضمیر وجوبا مستتر فاعل فی جارہ واجبک مضاف بامضاف الیہ فی کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبر ہوکر صلہ۔ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہوکر مفعول بہ۔ اسم فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ اسمیہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 42 کی تراکیب

۱۔ کم مَصْنَعًا بمصر: مصر میں کتنے کارخانے ہیں؟

کم استفہامیہ ممیز مصنعًا تمیز۔ ممیز تمیز مل کر مبتدا۔ بمصر جار مجرور مل کر ثابت شبہ فعل مقدر کے۔ شبہ فعل میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

۲۔ بکم درهم اشتَرَیْتَ هٰذَا الثَّوبَ: یہ کپڑا تو نے کتنے درھم میں خریدا ہے؟

ب جارہ کم ممیز درھم تمیز مجرور۔ ممیز تمیز مل کر ب کا مجرور۔ جار مجرور متعلق مابعد فعل کے۔ اِشتریْتَ فعل ماضی معروف واحد مذکر مخاطب تَ ضمیر مرفوع متصل فاعل ھذا الثوب مبدل منہ و بدل مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۔ کم کتاب عندک: تیرے پاس بہت کتابیں ہیں۔

کم خبریہ ممیز مضاف کتاب تمیز مضاف الیہ ممیز مضاف و تمیز مضاف الیہ مل کر مبتدا عِنْدَکَ مضاف و مضاف الیہ مل کر ظرف ثابت شبہ فعل کی۔ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و ظرف سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۴۔ کم عُلُوْمٍ دَرَسْتَهَا: تو نے بہت سے علوم پڑھے۔

کم خبریہ ممیز مضاف عُلُوْمٍ تمیز مضاف الیہ ممیز مضاف و تمیز مضاف الیہ مل کر مبتدا۔ دَرَسْتَ فعل ماضی معروف تَ ضمیر فاعل ھَا ضمیر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۵۔ کم من عُلُوْمٍ دَرَسْتَها: تو نے بہت سے علوم پڑھے۔

کم خبریہ ممیز من حرف جار زائدہ علومٍ تمیز۔ ممیز تمیز مل کر مبتدا۔ دَرَسْتَ فعل

Marfat.com

ماضی معروف واحد مذکر مخاطب تَ ضمیر مرفوع متصل فاعل ھا ضمیر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ۔

٦۔ کَمْ مَالُکَ اصل میں کَمْ دِرْھَمٍ مَالُکَ تھا۔ بہت سے درہم تیرا مال ہیں۔

کَمْ ممیز درھم تمیز، ممیز تمیز مل کر مبتدا مَالُکَ مضاف با مضاف الیہ خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

٧۔ کَأَیِّنْ مِنْ غَنِیٍّ لَا یقنعُ: بہت سے ایسے غنی ہیں جو قناعت نہیں کرتے۔

کَأَیِّنْ اسم کنایہ بمعنی کم خبریہ ممیز من جارہ زائدہ غَنِیٍّ لفظاً مجرور محلاً منصوب تمیز ممیز تمیز مل کر مبتدا لا یقنعُ فعل مضارع معروف اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

٨۔ دَرَسْتُ کذا علمًا یا عُلُوْمًا: میں نے اتنے علوم پڑھے۔

دَرَسْتُ فعل با فاعل کذا ممیز علمًا یا عُلُوْمًا تمیز ممیز تمیز مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

٩۔ غرسْتُ کذا و کذا شجرةً: میں نے اتنے اتنے درخت لگائے۔

غرسْتُ فعل با فاعل کذا معطوف علیہ واوَ عاطفہ کذا معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف ممیز شجرةً تمیز۔ ممیز تمیز مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

١٠۔ أَقُلْتَ ذَیْتَ و ذَیْتَ؟ کیا تو نے ایسا ایسا کہا؟

أ حرف استفہام لا محل لہا فی الاعراب قُلْتَ ماضی معروف واحد مذکر حاضر تَ ضمیر مرفوع متصل فاعل ذَیْتَ و ذَیْتَ معطوف و معطوف علیہ مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

١١۔ أَسَمِعْتَ کَیْتَ وَ کَیْتَ؟ کیا تو نے ایسا ایسا سنا ہے؟

أ حرف استفہام لا محل لہا فی الاعراب سَمِعْتَ فعل ماضی معروف واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر مرفوع متصل فاعل کَیْتَ معطوف علیہ واوَ عاطفہ کَیْتَ معطوف۔

Marfat.com

معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۲۔ کَمْ یَوْمًا صُمْتَ: تو نے کتنے دن روزہ رکھا؟

کَمْ ممیز یَوْمًا تمیز ممیز تمیز مل کر مفعول فیہ مقدم صُمْتَ فعل با فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۳۔ کَمْ یومٍ سِرْتَ: تو بہت دن چلا۔

کَمْ خبریہ ممیز یَوْمٍ تمیز۔ ممیز تمیز مل کر مفعول فیہ مقدم سِرْتَ فعل با فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۴۔ کَمْ جَوْلَةً جُلْتَ: تو نے کتنے چکر لگائے؟

کَمْ استفہامیہ ممیز جَوْلَةً تمیز۔ ممیز تمیز مل کر مفعول مطلق جُلْتَ فعل با فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۵۔ کَمْ نُصْرَةٍ نُصِرْتَ: تیری بہت مدد کی گئی۔

کم خبریہ ممیز مضاف نصرۃٍ تمیز مضاف الیہ۔ ممیز با تمیز مفعول مطلق مقدم نُصِرْتَ فعل ماضی مجہول تَ ضمیر نائب الفاعل۔ فعل اپنے نائب الفاعل و مفعول مطلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۶۔ کَمْ کتابٍ اشتریْتَ: تو نے بہت کتابیں خریدیں۔

کَمْ خبریہ ممیز مضاف کتابٍ تمیز مضاف الیہ۔ ممیز مضاف اپنی مضاف الیہ تمیز مل کر مفعول بہ مقدم اشتریْتَ فعل با فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۷۔ کَمْ درْسًا حفظتَ: تو نے کتنے سبق یاد کیے؟

کَمْ استفہامیہ ممیز دَرْسًا تمیز ممیز تمیز مل کر مفعول بہ مقدم حَفِظْتَ فعل با فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۸۔ بِکَمْ درْهمٍ اشتریْتَ هٰذا الثوبَ: تو نے یہ کپڑا کتنے درہم میں خریدا۔

ب جارہ کَمْ استفہامیہ ممیز درھم تمیز ممیز تمیز مل کر ب کا مجرور۔ جار مجرور متعلق

Marfat.com

مابعد فعل کے۔ اشتریتَ فعل اپنے فاعل مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۹۔ عَلٰی کَمْ رَجُلٍ حَکَمْتَ: تونے کتنے مردوں کے خلاف فیصلہ کیا؟

علی جارہ کَمْ رَجُلٍ ممیز تمییز مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق مابعد فعل کے۔ فعل اپنے تَ ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۰۔ مَالَ کَمْ رَجُلٍ سَلَبْتَ: تونے کتنے آدمیوں کا مال چھینا؟

مَالَ مضاف کم رجلٍ ممیز تمییز مل کر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ مقدم سَلَبْتَ فعل بافاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۱۔ کَمْ یَوْمٍ قیامُک عندنَا: بہت دن آپ کا قیام ہمارے ہاں ہوگا۔

کَمْ خبریہ ممیز یَوْمٍ تمیز ممیز تمییز مل کر خبر مقدم قیام مصدر مضاف ک ضمیر مضاف الیہ فاعل عندنا مضاف بامضاف الیہ ظرف قیام مصدر مضاف کی۔ مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ فاعل و ظرف سے مل کر مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم و مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۲۔ کَمْ کِتابًا عندک: آپ کے پاس کتنی کتابیں ہیں؟

کم استفہامیہ ممیز کتابًا تمیز۔ ممیز تمییز مل کر مبتدا عندک مضاف بامضاف الیہ ظرف ثابتٌ شبہ فعل کی۔ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و ظرف سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

۲۳۔ کَمْ عُلُوْمٍ دَرَسْتَھَا: ترکیب گذر چکی ہے۔

Marfat.com

# سبق نمبر 42 کی تراکیب

۱۔ عَلِیٌّ جَارِیْ بَیْتَ بَیْتَ:

عَلِیٌّ مبتدا جاری مضاف بامضاف الیہ ذوالحال۔ بیت بیت حال مرکب۔ ذوالحال اپنے حال مرکب سے مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۔ کَانَ ابْنُ اَحْمَدَ بنِ طُوْلُوْنَ یُدعٰی خَمَارَوَیْهِ: ابن احمد بن طولون کو خماروَیہ کہا جاتا تھا۔

کان فعل از افعال ناقصہ ابنُ مضاف اَحْمد موصوف ابن مضاف طُوْلُوْنَ مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ صفت۔ موصوف باصفت ابن کا مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ کانَ کا اسم یُدْعٰی فعل مضارع مجہول مذکر غائب ھو ضمیر نائب الفاعل خِمَارَوَیه مفعول ثانی۔ فعل اپنے نائب الفاعل ومفعول ثانی سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ کَانَ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ کَاین من کتابٍ لا یُساوِی المدادَ الّذی کُتِبَ بہٖ: بہت سی کتابیں ایسی ہیں جو اس روشنائی کے برابر بھی نہیں جس کے ساتھ وہ لکھی گئیں ہیں۔

کاین اسم کنایہ بمعنی کم خبریہ ممیّز من جارہ زائدہ کتاب لفظاً مجرور محلاً منصوب تمیز۔ ممیز تمیز مل کر مبتدا لا نافیہ یُساوی فعل مضارع معروف اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل اَلْمِدَادَ موصوف الذی اسم موصول کتب فعل ماضی مجہول بہ جار مجرور مل کر نائب الفاعل۔ فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر صفت۔ موصوف صفت مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۴۔ کَانَ السُّلْطَانُ صَلَاحُ الدّین الْاَیُوْبِیْ ذَا عَزْمٍ وَرَجَاحةٍ. کم جَیْشٍ نَظَّمَ

Marfat.com

وکم ثُغُوْرٍ حَصَنَھَا: سلطان صلاح الدین ایوبی صاحب ہمت وامید تھا۔ اس نے بہت سے لشکر منظم کیے اور بہت سی سرحدوں کو مضبوط کیا۔

کَانَ فعل ناقص السُّلْطَانُ مبدل منہ صلاح الدین مضاف بامضاف الیہ بدل۔ مبدل منہ وبدل مل کر موصوف ایوبی صفت۔ موصوف اپنے صفت سے مل کر کان کا اسم ذا مضاف عَزْمٍ ورَجَاجۃٍ معطوف علیہ بامعطوف مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

کم خبریہ ممیّز مضاف جیشٍ تمیز مضاف الیہ۔ ممیّز تمیز مل کر مفعول بہ مقدم نَظَمَ فعل ماضی معروف ھُوضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

کم خبریہ ممیّز مضاف ثُغُوْرٍ تمیز مضاف الیہ۔ ممیّز تمیز مل کر مبتدا حَصَنَ فعل ماضی معروف واحد مذکر ھو ضمیر مستتر فاعل ھا ضمیر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

أحرف استفہام حَسَنٌ شبہ فعل مبتدا وجهُهٗ مرکب اضافی اس کا فاعل قائم مقام خبر۔ مبتدا اپنی قائم مقام خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

١٤۔ السُلَحفَاةُ بَطِيئٌ سَيْرُهَا۔ کچھوا سست رفتار ہے۔

السلحفاة مبتدا بطيئ صفت مشبہ واحد مذکر سيرها مضاف با مضاف الیہ فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

١٥۔ اَوْقَدْتُ الْمِصْبَاحَ القَوِيَّ نورُهٗ۔ میں نے وہ چراغ جلایا جس کی روشنی طاقتور ہے۔

اوقدت ماضی معروف واحد متکلم ت ضمیر متصل فاعل المصباح موصوف القوی صفت مشبہ نور مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ صفت مشبہ کا فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

١٦۔ أُحِبُّ كَرِيْمَ الطِّبَاعِ اَمَّا القَبِيْحُ اَخلَاقًا فَإِنِّيْ أُكْرِهُهٗ۔ میں کریم الطبع شخص سے محبت کرتا ہوں رہا وہ جو از روئے اخلاق کے برا ہے اسے میں ناپسند کرتا ہوں۔

احب مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل كريم صفت مشبہ مضاف الطباع مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ اما حرف شرط قائم مقام مهما يكن من شيء، مهما اسم شرط مبتدا يكن فعل تام اس میں هو ضمیر مستتر فاعل (جو مهما کی طرف لوٹ رہی ہے)

Marfat.com

من حرف جار شیء مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف لغو۔ فعل اپنے فاعل وظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط القبیح مبتدا اخلاقا تمیز از نسبت تامہ ف حرف رابط لجواب شرط اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ی ضمیر متکلم اس کا اسم اکرہ مضارع حرف واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل ہ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر جزا، شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ ہو کر خبر۔ مھما مبتدا کی، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ۔

۱۷۔ مَاحَسَنٌ وَجْھُہٗ۔ اس کا چہرہ خوبصورت نہیں ہے۔

مَا نافیہ حَسَنٌ مبتدا وَجْھُہٗ مرکب اضافی صفت مشبہ کا فاعل قائم مقام خبر۔ مبتدا اپنی قائم مقام خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۸۔ لَیْسَ الْعِلْمُ بِھَیِّنٍ نَیْلُہٗ۔ علم کا پالینا آسان نہیں ہے۔

لیس فعل ناقص العلم اس کا اسم ب حرف جار زائدہ ھَیِّنٌ صفت مشبہ لفظاً مجرور محلا منصوب نَیْلُہٗ مضاف با مضاف الیہ فاعل۔ صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر فعلیہ خبریہ۔

۱۹۔ الکثیر ھمًّا ھُوَ العظیم ھمۃً۔ زیادہ غم والا بڑے حوصلے والا ہوتا ہے۔

الکثیر شبہ فعل اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل ھَمًّا تمیز از نسبت شبہ فعل اپنے ھو ضمیر فاعل وتمیز سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مبتدا ھو ضمیر مرفوع منفصل مبتدا العظیم شبہ فعل اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل ھمۃ تمیز عن النسبت شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل وتمیز سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ۔

۲۰۔ قلیل الکلام قلیل الندم۔ کم گو کم شرمندگی اٹھانے والا ہوتا ہے۔

قلیل صفت مشبہ مضاف الکلام مضاف الیہ شبہ مفعول بہ۔ شبہ فعل مضاف اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل اور شبہ مفعول بہ، مضاف الیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مبتدا۔ قلیل شبہ فعل مضاف الندم مضاف الیہ شبہ مفعول بہ شبہ فعل مضاف اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل اور شبہ مفعول بہ مضاف الیہ سے مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔

Marfat.com

۲۱۔ علی قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم قبة اخضر لونها۔ نبی کریم ﷺ کی قبر مبارک پر سبز رنگ کا گنبد ہے۔

علی حرف جار قبر النبی مضاف مضاف الیہ مل کر علی جار کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثابتة شبہ فعل، شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم صلی اللہ علیہ وسلم جملہ فعلیہ معترضہ قبة موصوف اخضر شبہ فعل صفت مشبہہ لونھا مضاف مضاف الیہ مل کر شبہ فعل کا فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم مبتدا مؤخر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۲۔ السعید من وعظ بغیرہ والشَّقِیُّ من وعظ بنفسہ۔ خوش بخت ہے وہ جو اور سے نصیحت حاصل کرے اور بد بخت ہے وہ جو خود سے نصیحت حاصل کرے۔

السعید مبتدا من اسم موصول وعظ ماضی مجہول واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر نائب الفاعل ب جارہ غیرہ مرکب اضافی مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے نائب الفاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر خبر، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ اَلشَّقِیُّ مبتدا من اسم موصول وعظ ماضی مجہول اس میں ھو ضمیر مستتر نائب الفاعل ب جارہ نفسہ۔ مضاف ومضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے نائب الفاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 56 کی تراکیب

۱۔العالم افضل من الجاهل۔عالم جاہل سے زیادہ فاضل ہے۔

العالم مبتدا افضل شبہ فعل اسم تفضیل اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل ۔من الجاهل جار مجرور متعلق شبہ فعل کے۔شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۔الاسد اَشْجَعُ من النمر۔شیر چیتے سے زیادہ بہادر ہے۔

الاسد مبتدا اشجع شبہ فعل اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل مِنْ جارہ النمر مجرور۔ جار مجرور متعلق شبہ فعل کے،شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۔مامن ارض اجود فیها القطن منه فی ارض مصر۔

کوئی زمین ایسی نہیں ہے جس میں روئی زیادہ عمدہ ہو اس سے جو مصر کی سرزمین میں ہے۔

ما نافیہ من حرف جار زائدہ ارض لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا اجود شبہ فعل فیها جار مجرور متعلق شبہ فعل کے القطن فاعل من جارہ ہ ضمیر ذوالحال فی جارہ ارض مصر۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابتاً شبہ فعل کے،شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر مجرور جار مجرور متعلق شبہ فعل کے،شبہ فعل اپنے فاعل و متعلقین سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر،مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۴۔البنت اجمل من اختها۔لڑکی اپنی بہن سے زیادہ خوبصورت ہے۔

اَلْبِنْتُ مبتدا اجمل شبہ فعل اس میں ھو (1) ضمیر مستتر فاعل من جارہ اختها مضاف و مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ

1۔ تسہیل النحو میں صیغہ اسم تفضیل میں فاعل مبتدا کے مطابق ذکر کیا گیا ہے۔

Marfat.com

جملہ ہو کر صفت موصوف مقدر شَیٌٔ کی۔ موصوف صفت مل کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۵۔الاولاد اجمل من النساء۔ بچے عورتوں سے زیادہ خوبصورت ہیں۔

الاولاد مبتدا اجمل شبہ فعل اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل من جارہ النساء مجرور جار مجرور متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف مقدر شَیٌٔ کی، موصوف صفت مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۶۔الولد الاکبر ذکی۔ بڑا لڑکا ذہین ہے۔

الولد موصوف الاکبر شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف صفت مل کر مبتدا ذکی اسم منسوب اپنے ھو ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۷۔الولدان الاکبران ذکیان۔ دو بڑے لڑکے ذہین ہیں۔

الولدان موصوف الاکبران شبہ فعل اپنے ھما ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف صفت مل کر مبتدا ذکیان اسم منسوب اپنے ھما مستتر ضمیر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۸۔البقرۃ الکبریٰ جمیلۃ۔ بڑی گائے خوبصورت ہے۔

البقرۃ موصوف الکبریٰ شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر مبتدا۔ جمیلۃ شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۹۔الکتاب انفع سمیر۔ خاص کتاب قصہ گو سے زیادہ نفع مند ہے۔

الکتاب مبتدا انفع شبہ فعل اسم تفضیل مضاف واحد مذکر اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل سمیر مضاف الیہ۔ اسم تفضیل مضاف اپنے فاعل اور مضاف الیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۰۔العلماءُ انفع رجال۔ علماء کئی مردوں سے زیادہ نفع مند ہیں۔

العلماء مبتدا انفع شبہ فعل مضاف اس مین ھو ضمیر مستتر فاعل رجال مضاف الیہ۔

Marfat.com

شبہ فعل اسم تفضیل مضاف اپنے فاعل و مضاف الیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر شَیْءٌ موصوف مقدر کی صفت، موصوف و صفت مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۱۔ عائشة افضل النساء۔ عائشہ عورتوں میں فاضل تر ہیں۔

عائشة مبتدا افضل شبہ فعل مضاف اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل النساء مضاف الیہ شبہ فعل مضاف اپنے فاعل و مضاف الیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت شَیْءٌ موصوف مقدر کی موصوف صفت مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

العلماء العاملون افضل الناس او افاضلهم عائشة فضلى النساء۔

باعمل علماء لوگوں سے زیادہ فاضل ہیں۔ عائشہ عورتوں میں سے سب سے فاضل ہیں۔

العلماء موصوف العاملون شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھم ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت، موصوف باصفت مبتدا افضل شبہ فعل مضاف اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل الناس مضاف الیہ۔ شبہ فعل مضاف اپنے فاعل و مضاف الیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر شَیْءٌ موصوف مقدر کی صفت موصوف و صفت مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔ افاضل شبہ فعل جمع مذکر اسم تفضیل مضاف اس میں ھم ضمیر مستتر فاعل ھم ضمیر مضاف الیہ۔ شبہ فعل مضاف اپنے فاعل و مضاف الیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔ عائشة مبتدا فضلى شبہ فعل اسم تفضیل مضاف واحد مونث اس میں ھی ضمیر مستتر فاعل النساء مضاف الیہ۔ شبہ فعل مضاف اپنے فاعل و مضاف الیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۳۔ الله اکبر من کل شیء۔ اللہ ہر چیز سے بڑا ہے۔

لفظ الله اسم جلالت مبتدا اکبر شبہ فعل میں ھو ضمیر مستتر فاعل من جار کل شیء مضاف و مضاف الیہ سے مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۴۔ خیر الغنیٰ القنوع و شر الفقر الخضوع۔ بہترین غنا قناعت اور بدترین فقر ذلت ہے۔

Marfat.com

خیر مضاف الغنیٰ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مبتدا یا خبر مقدم القنوع خبر یا مبتدا موخر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ شر الفقر مضاف ومضاف الیہ مل کر مبتدا یا خبر مقدم الخضوع خبر یا مبتدا موخر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ۔

۱۵۔ ما النار فی الْفَتِیْلَةِ باحرق من التعادی فی القبیلة۔ ڈیوٹ میں لگنے والی آگ قبیلہ میں باہم سرکشی سے زیادہ جلانے والی نہیں۔

ما مشابہ بلیس النار ذوالحال فی جارہ الفتیلة مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثابتة شبہ فعل کے، شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر ما مشابہ بلیس کا اسم، ب جارہ زائدہ احرق شبہ فعل اسم تفضیل اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل من جارہ التعادی شبہ فعل فی جارہ القبیلة مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل التعادی کے، شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر من مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل اسم تفضیل کے، شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ ما مشابہ بلیس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۶۔ افضل الخلال حفظ اللسان۔ افضل خلال زبان کی حفاظت ہے۔

افضل شبہ فعل مضاف الخلال مضاف الیہ۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر مبتدا حفظ مصدر مضاف اللسان مضاف الیہ، مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ و فاعل سے مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۷۔ ما من حدیقة اَجْمَلُ فِیْهَا الزهر منه فی حدیقتکم۔ کوئی باغیچہ ایسا نہیں ہے جس میں پھول زیادہ خوبصورت ہو اس (پھول) سے جو تمہارے باغیچہ میں ہے۔

ما نافیہ من حرف جار زائدہ حدیقة لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا اجمل شبہ فعل اسم تفضیل فی جارہ ھا ضمیر مجرور الزھو شبہ فعل کا فاعل من جارہ ہ ضمیر ذوالحال فی جارہ حدیقة مضاف کم ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ فی کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثابتاً شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

۱۸۔ الید العلیا خیر من الید السفلیٰ۔ اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔

الید موصوف العلیا شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف صفت مل کر مبتدا خیر شبہ فعل اسم تفضیل اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل من جارہ الید موصوف السفلیٰ شبہ فعل اسم تفضیل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف صفت مل کر من کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل کے، شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۹۔ لم ار رجلا اشد فی قلبه العَطْفُ منه فی قلب اخیک۔ میں نے کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا جس کے دل میں مہربانی تیرے بھائی کے دل میں مہربانی سے زیادہ ہو۔

لم ار فعل مضارع مجزوم بلم واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل رجلا موصوف اشد شبہ فعل اسم تفضیل فی جارہ قلب مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ فی کا مجرور۔ جار مجرور متعلق شبہ فعل کے، العطف شبہ فعل کا فاعل من جارہ ہ ضمیر ذوالحال فی جارہ قلب مضاف اخ مضاف الیہ مضاف ک ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر قلب کا مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ فی کا مجرور جار مجرور مل کر متعلق ثابتاً شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر من کا مجرور، جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے فاعل و متعلقین سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۰۔ اجرء الناس علی الاسد اکثرھم له رؤیۃ۔ لوگوں میں شیر کے مقابل بہادر ترین وہ ہے جو اس کو ان میں سے زیادہ دیکھنے والا ہے۔

اجرء شبہ فعل اسم تفضیل مضاف الناس مضاف الیہ علی الاسد جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل مضاف اپنے مضاف الیہ اور ھو ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مبتدا اکثر شبہ فعل اسم تفضیل مضاف ھم ضمیر مضاف الیہ۔ شبہ فعل مضاف اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و مضاف الیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لام جارہ ہ ضمیر مجرور، جار

Marfat.com

مجرور مل کر متعلق رؤیۃ شبہ فعل کے، شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق اور رُؤیَۃَ تمیز عن النسبۃ سے مل کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۱۔ وعد الکریم اکرم من دین الغریم۔ سخی کا وعدہ قرض خواہ کے قرض سے زیادہ قابل تکریم ہے۔

وعد مصدر مضاف الکریم مضاف الیہ۔ مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا اکرم شبہ فعل اسم تفضیل اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل من جارہ دین مضاف الغریم مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر من کا مجرور جار مجرور متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اسم تفضیل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۲۔ لم الق انسانا اسرع فی یدہ القلم منہ فی یدعلی۔ میں کسی ایسے انسان سے نہیں ملا جس کے ہاتھ میں قلم زیادہ تیز ہو علی کے ہاتھ میں قلم سے۔

لم الق فعل مضارع مجزوم بلم واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل انسانا موصوف اسرع شبہ فعل اسم تفضیل فی جارہ ید مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ فی کا مجرور۔ جار مجرور متعلق شبہ فعل کے۔ القلم شبہ فعل کا فاعل، من جارہ ہ ضمیر ذوالحال فی جارہ ید مضاف علی مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ فی کا مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابتاً شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر من کا مجرور جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے فاعل و متعلقین سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 57 کی تراکیب

۱۔یفسد الفراغ العقول۔فراغت عقلوں کو بگاڑ دیتی ہے۔

یفسد مضارع معروف واحد مذکر غائب الفراغ اس کا فاعل العقول مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ان الریح شدیدۃ۔بے شک ہوا سخت ہے۔

ان حرف مشبہ بالفعل الریح اس کا اسم شدیدۃ شبہ فعل صفت مشبہ اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ان اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۔کان القصر جبل شامخ۔گویا کہ محل مضبوط و بلند پہاڑ ہے۔

کان حرف مشبہ بالفعل القصر اس کا اسم جبل موصوف شامخ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔موصوف صفت مل کر خبر۔ان اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۴۔ھل یسرک نجاحی۔کیا میرا کامیاب ہونا تجھے خوش کرتا ہے۔

ھل حرف استفہام لا محل لھا فی الاعراب یسر مضارع معروف واحد مذکر غائب ک ضمیر منصوب متصل مفعول بہ نجاح مصدر مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ فاعل۔مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ فاعل سے مل کر فاعل۔فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۵۔ھلا نطقت بالحق۔تو نے حق بات کیوں نہ کی۔

ھلا حرف تحضیض نطقت ماضی معروف واحد مذکر حاضر اس میں ت ضمیر مرفوع متصل فاعل ب جارہ الحق مجرور۔جار مجرور مل کر متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

Marfat.com

۶۔ الفاکهة اِشتَرَیتُ۔ میں نے پھل خریدا۔

الفاکهة مفعول بہ مقدم اِشتَرَیتُ ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر متصل فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۷۔ فوق رُؤُسِنَا سماء۔ ہمارے سروں پر آسمان ہے۔

فوق مضاف رُؤُسِ مضاف نَا ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ ظرف ثابتة شبہ فعل کی۔ شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل و مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم سماء نکرہ مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم و مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ظرفیہ۔

۸۔ فی الماء سمک۔ پانی میں مچھلی ہے۔

فی جارہ الماء مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابت شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم سمک مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم و مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ظرفیہ۔

۹۔ ان تجهتد تفز۔ اگر تو کوشش کرے گا تو کامیاب ہوگا۔

ان شرطیہ لامحل لها فی الاعراب تَجتَهِدُ فعل مضارع معروف واحد مذکر حاضر اس میں انت ضمیر وجوبًا مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط۔ تفز مضارع معروف واحد مذکر حاضر اپنے انت ضمیر وجوبًا مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

۱۰۔ اِن تجتهد فالفوز حلیفک۔ اگر تو کوشش کرے گا تو کامیابی تیری ساتھی ہوگی۔

ان تَجتَهِدُ بترکیب معلوم شرط ف حرف رابط لجواب الشرط الفوز مبتدا حلیف مضاف ک ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر جزا۔ شرط و جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

۱۱۔ البستان مثمرٌ۔ باغ پھلدار ہے۔

البستان مبتدا مثمر شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

۱۲۔ اثمر البستان۔ باغ پھلدار ہوا۔

اثمر ماضی معروف واحد مذکر غائب البستان اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۳۔ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ۔ تو نماز قائم کر۔

اقم امر حاضر معروف واحد مذکر اس میں انت ضمیر وجوبا مستتر فاعل الصلوۃ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۴۔ اُعْبُدُوا اللّٰہ۔ تم اللہ کی عبادت کرو۔

اعبدوا امر حاضر معروف جمع مذکر اس میں واوَ جمع مرفوع متصل فاعل لفظ اللہ اسم جلالت مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۵۔ لا تعبدوا الشیطن۔ تم شیطان کی پوجا نہ کرو۔

لا تعبدوا فعل نہی معروف جمع مذکر حاضر اس میں واو جمع ضمیر متصل فاعل الشیطن مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۶۔ ءَ اَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا۔ کیا تم نے یہ کیا ہے۔

أ حرف استفہام لا محل لها فی الاعراب انت ضمیر مرفوع منفصل مبتدا فعلت ماضی معروف واحد مذکر حاضر ت ضمیر مرفوع متصل فاعل ها حرف تنبیہ لا محل لها فی الاعراب ذا اسم اشارہ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۷۔ لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا۔ کاش میں فلاں کو دوست نہ بناتا۔

لیت حرف مشبہ بالفعل نون وقایہ ی ضمیر متکلم اسم لیت کا لم اتخذ فعل مضارع مجزوم واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل فلانا مفعول بہ اول خلیلاً مفعول بہ ثانی۔ فعل اپنے فاعل ومفعولین سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ لیت اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

۱۸۔ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا۔ کہ اللہ تعالیٰ اسکے بعد کوئی اور صورت پیدا کر دے۔

لعل حرف مشبہ بالفعل لفظ اللہ اسم جلالت اس کا اسم یحدث مضارع معروف

Marfat.com

واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر جوازاً مستتر فاعل بعد مضاف ذالک اسم اشارہ مضاف الیہ۔ مضاف ومضاف الیہ مفعول فیہ امرا مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ ومفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر خبر۔ لعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

**بعتک الکتاب**۔ میں نے تجھے خاص کتاب بیچ دی۔

بعت ماضی معروف واحد متکلم ت ضمیر مرفوع متصل فاعل ک ضمیر منصوب متصل مفعول بہ اول الکتاب مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل ومفعولین سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

**نکحتک ھذہ الفتاۃ**۔ میں نے تجھے یہ دوشیزہ نکاح کر دی۔

نکحت ماضی معروف واحد متکلم ت ضمیر مرفوع متصل فاعل ک ضمیر مفعول بہ اول ھا برائے تنبیہ ذہ اسم اشارہ مبدل منہ الفتاۃ بدل، مبدل منہ بدل مل کر مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور مفعولین سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

**واللہ لاخلعن رداء الکسل**۔ خدا کی قسم میں سستی کی چادر ضرور اتار دوں گا۔

واؤ جارہ للقسم لفظ اللہ اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق اقسم فعل مقدر کے اقسم فعل اپنے انا ضمیر وجوباً مستتر فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر قسم لاخلعن مضارع معروف مؤکد بلام تاکید ونون ثقیلہ واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوباً مستتر فاعل رداء مضاف الکسل مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول بہ۔ فعل فاعل مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جواب قسم۔

**ما اجملک**۔ آپ کتنے خوبصورت ہیں۔

ما تعجبیہ مبتدا اجمل فعل ماضی معروف اس میں ھو ضمیر وجوباً علی خلاف اصل مستتر فاعل ک ضمیر مفعول بہ، فعل فاعل مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ ہوکر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

**یا اللہ اغفر لنا**۔ اے اللہ ہماری مغفرت فرما۔

یا اللہ بترکیب معلوم جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر ندا اغفر امر حاضر معروف واحد مذکر اس میں انت ضمیر وجوباً مستتر فاعل لِ لام جارہ نا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے

Marfat.com

فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ کر جواب ندا۔

ما احسن المصطاف وما اطیب الربا۔ موسم گرما گزارنے کی جگہ کتنی خوبصورت ہے اور ٹیلے کتنے عمدہ ہیں۔

ما تعجبیہ مبتدا احسن ماضی معروف اس میں ھو ضمیر وجوبا مستتر فاعل المصطاف مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ۔ واؤ عاطفہ ما تعجبیہ مبتدا اطیب ماضی معروف جامد اس میں ھو ضمیر وجوبا مستتر فاعل الربا مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ معطوف۔

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً أُخْرَىٰ ﴿٣٧﴾ إِذْ أَوْحَيْنَا إِلَىٰ أُمِّكَ مَا يُوحَىٰ ﴿٣٨﴾ أَنِ اقْذِفِيهِ فِي التَّابُوتِ فَاقْذِفِيهِ فِي الْيَمِّ۔ ''ہم نے احسان فرمایا تھا تم پر ایک بار پہلے بھی جب ہم نے وہ بات الہام کی تھی تمہاری ماں کو جو الہام ہی کیے جانے کے قابل تھی یہ کہ رکھ دو اس معصوم بچے کو صندوق میں پھر ڈال دو اس صندوق کو دریا میں''

واؤ عاطفہ لام موطہ للقسم قد حرف تحقیق مَنَنَّا ماضی معروف جمع متکلم نا ضمیر مرفوع متصل فاعل علی جارہ ک ضمیر مجرور جار مجرور متعلق فعل کے، مرة موصوف اخری شبہ فعل اسم تفضیل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف صفت مل کر نائب مفعول مطلق اذ ظرفیہ مضاف اوحینا ماضی معروف جمع متکلم نا ضمیر مرفوع متصل فاعل الی جارہ ام مضاف ک ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ الی کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے ما اسم موصول یوحی مضارع مجہول واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر نائب الفاعل، فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ، موصول صلہ مل کر مفسر ان حرف تفسیر اقذفی امر حاضر معروف واحد مونث اس میں ی مخاطبہ ضمیر مرفوع متصل فاعل ہ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ فی التابوت جار مجرور مل کر متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ۔ ف عاطفہ اقذفی امر حاضر معروف واحد مونث ی مخاطبہ ضمیر مرفوع متصل فاعل ہ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ فی الیم جار مجرور

Marfat.com

مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ معطوف و معطوف علیہ مل کر مفسر۔ مفسر و مفسر مل کر اوحینا کا مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر اذ کا مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل مفعول مطلق و مفعول فیہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

(ii) یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ان مصدریہ ہو اس صورت میں ان سے پہلے حرف جر مقدر ہو گا مصدریہ ہونے کی صورت میں یہ مَا سے بدل ہو گا یعنی موصول صلہ مل کر مبدل منہ اور ان ناصبہ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بدل ہو گا۔ (حاشیہ شہاب ۶/۱۳۴۵)۔

ان محل نصب میں مَا سے بدل ہے۔ (مشکل اعراب القرآن ۲/۶۷)

جار مجرور القیت کے متعلق بھی ہو سکتا ہے۔

فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَأْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّي وَعَدُوٌّ لَّهُ۔ دریا پھینک دے گا اسے ساحل پر پھر پکڑے گا اسے وہ شخص جو میرا بھی دشمن ہے اور اس بچے کا بھی دشمن ہے۔

ف عاطفہ لِیُلْقِ امر معروف واحد مذکر غائب ہ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ الیم فاعل ب جارہ الساحل مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ (1) خبریہ یا جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر امر۔ یاخذ مضارع معروف مجزوم بجواب امر ہ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ عَدُوٌّ موصوف لام جارہ ی ضمیر متکلم مجرور جار مجرور مل کر متعلق ثابت شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف صفت مل کر معطوف واؤ عاطفہ عَدُوٌّ موصوف لَهٗ جار مجرور متعلق ثابت شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف صفت مل کر معطوف۔ معطوف علیہ و معطوف مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب امر۔

---

1۔ امر کا صیغہ ماقبل کی مناسبت سے ہے معنیٰ خبر ہے عطف لفظی مناسبت کے اعتبار سے ہے اور بعض علماء کرام کے نزدیک اپنے معنیٰ پر ہے۔ دریا کو حکم ہو رہا ہے اور یہ اس امر پر معطوف ہے جو موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کے لیے استعمال ہوا ہے۔ اگر یہ اپنے معنیٰ پر ہو تو پھر اس کا عطف فاقذفیہ الیم پر بھی جائز ہے اور بعض کے نزدیک قلنا کی تقدیر کے ساتھ اس کا عطف اوحینا پر ہے۔ تفسیر مظہری مترجم ص 182۔

Marfat.com

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ(1)۔ اور (اے موسیٰ) میں نے پرتو ڈالا تجھ پر محبت کا اپنی جناب سے (تاکہ جو دیکھے فریفتہ ہو جائے)۔

واؤ عاطفہ القیت ماضی معروف واحد متکلم ت ضمیر مرفوع متصل فاعل علی جارہ ک ضمیر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے ہ محبۃ موصوف من جارہ ی ضمیر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثابتۃ شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ۔ (i) دوسرا متعلق مابعد کلام ہے۔ (ii) اذ تمشی اس کا مفعول فیہ ہے)

وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ۔

(اور اس تدبیر کا منشا یہ تھا) کہ آپ کی پرورش کی جائے میری چشم کرم کے سامنے۔

واؤ عاطفہ لام جارہ برائے تعلیل جس کے بعد ان ناصبہ جوازاً مقدر ہے ان ناصبہ موصول حرفی تصنع مضارع مجہول منصوب علی جارہ عین مضاف ی ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مجرور۔ جار مجرور مل کر نائب الفاعل۔

(ii) تُصْنَعَ مضارع مجہول اس میں انت ضمیر مستتر ذو الحال علی جارہ عینی مضاف با مضاف الیہ علی کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثابتًا شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذو الحال حال مل کر نائب الفاعل۔ فعل اپنے نائب الفاعل و مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر ان ناصبہ موصول حرفی کا صلہ۔ موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر ل کا مجرور۔ جار مجرور مل کر معطوف ہے ایک علت مضمرہ پر جو "لیتعطف بِکَ" لام جارہ برائے تعلیل جس کے بعد اَن ناصبہ موصول حرفی جوازاً مقدر ہے۔

لِیَتَعَطَّفَ مضارع مجہول ب جارہ ک ضمیر مجرور جار مجرور مل کر نائب الفاعل۔ فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر ان ناصبہ موصول حرفی کا صلہ۔ موصول صلہ مل کر ل کا مجرور۔ جار مجرور مل کر معطوف علیہ۔ معطوف علیہ با معطوف متعلق القیت فعل کے۔

(iii) لتصنع کا مفعول فیہ اذ تمشی اختک ہے۔

1۔ جار مجرور القیت کے متعلق بھی ہو سکتا ہے۔

Marfat.com

اِذْ(1) تَمْشِیْٓ اُخْتُكَ۔ یاد کرو جب چلتے چلتے آئی آپ کی بہن۔

اذ ظرفیہ مضاف تَمْشِیْٓ مضارع معروف واحد مونث غائب اختک مضاف یا مضاف الیہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ بتاویل مفرد ہو کر اذ کا مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف مفعول فیہ القیت فعل کا یا لتصنع فعل کا۔

(ii) یا لتصنع فعل معلل کے اضمار کے ساتھ (القیت) یعنی سابقہ جملہ پر معطوف ہے اس صورت میں تقدیر کلام یہ ہوگی فعلت ذالک لتصنع۔ اس صورت اَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ معطوف علیہ واؤ عاطفہ فعلت ماضی معروف واحد متکلم ت ضمیر متصل فاعل ذالک اسم اشارہ مفعول بہ۔ لتصنع بترکیب سابق جملہ فعلیہ ہو کر ان ناصبہ موصول حرفی مقدر کا صلہ۔ موصول صلہ مل کر لام کا مجرور جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ معطوفہ۔

فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ یَّكْفُلُهٗ ؕ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰۤى اُمِّكَ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَ لَا تَحْزَنَ۔ اور کہنے لگی (فرعون کے اہل خانہ سے) کیا میں بتاؤں تمہیں وہ شخصیت جو اس کی پرورش کر سکے۔ پس یوں ہم نے آپ کو لوٹا دیا آپ کی ماں کی طرف تا کہ (آپ کو دیکھ کر) اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور غمناک نہ ہو۔

ف عاطفہ تَقُوْلُ مضارع معروف واحد مونث غائب اس میں ھی ضمیر مستتر فاعل۔ ھل استفہامیہ لا محل لھا فی الاعراب اَدُلُّ مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر مستتر فاعل کم ضمیر منصوب متصل مفعول بہ علی جارہ من موصولہ یکفل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل ہ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ موصول صلہ بتاویل مفرد ہو کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ محلا منصوب مفعول بہ (مقولہ)۔

تقول فعل اپنے فاعل و مفعول بہ مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ۔

فَرَجَعْنٰكَ اِلٰۤى اُمِّكَ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَ لَا تَحْزَنَ۔ پس یوں ہم نے آپ کو لوٹا دیا آپ

1۔ اِذْ اذکر کا مفعول بہ ہے۔ کیونکہ مراد اس وقت کو یاد کرنا ہے نہ کہ اس وقت میں۔

Marfat.com

کی ماں کی طرف تا کہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور غمناک نہ ہو۔

ف عاطفہ رجعنا ماضی معروف جمع متکلم نا ضمیر مرفوع متصل فاعل ک ضمیر منصوب متصل مفعول بہ الی جارہ ام مضاف ک ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ الی کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے کی ناصبہ موصول حرفی تقر مضارع معروف واحد مونث غائب عین مضاف ھا ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ لاتحزن فعل مضارع معروف منصوب واحد مونث غائب اس میں ھی ضمیر مستتر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ معطوف و معطوف علیہ مل کر صلہ۔ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر لام جارہ مقدر کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ و متعلقین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا۔ (تمہیں یاد ہے جب) اور تم نے مار ڈالا تھا ایک شخص کو پس ہم نے نجات دی تھی آپ کو غم واندوہ سے اور ہم نے تمہیں اچھی طرح جانچ لیا تھا۔

واؤ مستانفہ قتلت ماضی معروف واحد مذکر مخاطب ت ضمیر مرفوع متصل فاعل نفسا مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ۔ ف عاطفہ نجینا ماضی معروف جمع متکلم نا ضمیر مرفوع متصل فاعل ک ضمیر مفعول بہ من الغم جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملیہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف۔ واؤ عاطفہ فتنا ماضی معروف جمع متکلم نا ضمیر مرفوع متصل فاعل ک ضمیر منصوب متصل مفعول بہ فتونا مفعول مطلق۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ و مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوفین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْۤ اَهْلِ مَدْيَنَ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى۔ پھر تم ٹھہرے کئی سال اہل مدین میں پھر تم آ گئے ایک مقرر وعدے پر اے موسیٰ۔

ف مستانفہ لبثت ماضی معروف واحد مذکر حاضر ت ضمیر مرفوع متصل فاعل سنین مفعول فیہ فی جارہ اَهْلِ مضاف مدین مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ فی کا مجرور جار

Marfat.com

مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل ومفعول فیہ ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ ثم عاطفہ جئت ماضی معروف واحد مذکر مخاطب ت ضمیر مرفوع متصل فاعل علی جارہ قدر مجرور جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف جواب ندا مقدم۔ یا حرف ندا قائم ادعو مضارع معروف متکلم اس میں انا ضمیر مستتر فاعل موسی منادی مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومنادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا۔

وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ﴿٤١﴾ اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ۔ اور میں نے مخصوص کرلیا ہے تمہیں اپنی ذات کے لیے اب آپ جایئے اور آپ کا بھائی میری نشانیاں لے کر اور سستی نہ کرنا میری یاد میں۔

واؤ عاطفہ اصطنعتک میں اصطنعت ماضی معروف واحد متکلم ت ضمیر مرفوع متصل فاعل ک ضمیر منصوب متصل مفعول بہ لام جارہ نفسی مضاف ومضاف الیہ مل کر لام کا مجرور جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ اذھب امر حاضر معروف واحد مذکر اس میں انت ضمیر مستتر مؤکد انت ضمیر مرفوع منفصل تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ اخوک مضاف و مضاف الیہ مل کر معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف اذھب کا فاعل ب جارہ ایات مضاف ی ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ ب کا مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف لغو۔ فعل اپنے فاعل وظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ لاتنیا فعل نہی معروف تثنیہ مذکر مخاطب اس میں الف تثنیہ ضمیر مرفوع متصل فاعل فی جارہ ذکر مضاف ی ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف جملہ فعلیہ انشائیہ۔

(ii) پہلا معطوف علیہ دوسرا جملہ فعلیہ انشائیہ معطوفہ۔

---

1۔ اذ۔ یہ القیت اور لتصنع کا مفعول فیہ بھی ہو سکتا ہے اور اذ او حینا کے اذ سے بدل بھی ہو سکتا ہے۔ حاشیہ شہاب 234/6۔ تفسیر مظہری مترجم 185/6۔

Marfat.com

# سبق نمبر 58 کی تراکیب

۱۔ علمت زیدا یقوم۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ زید کھڑا ہے یا کھڑا ہو گا۔

علمت فعل ماضی معروف ت ضمیر متصل فاعل زیدا مفعول بہ اول یَقُوْمُ مضارع معروف واحد مذکر غائب اپنے ہو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ محلا منصوب مفعول بہ ثانی۔ فعل اپنے فاعل ومفعولین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ لنا دار سقفها جمیل۔ ہمارا گھر ایسا ہے جس کی چھت خوبصورت ہے۔

لام جارہ نا ضمیر مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابتة شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مقدم دار موصوف سقف مضاف ھا ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مبتدا۔ جمیل شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صفت، موصوف صفت مل کر مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم و مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۔ قدم الطیار و هو مستبشر۔ پائلٹ آیا حالانکہ وہ خوش تھا۔

قدم ماضی معروف واحد مذکر غائب الطیار ذوالحال واؤ حالیہ ھو ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مستبشر شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر جملہ اسمیہ ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

الطفل یلهو و یلعب۔ بچہ لہو ولعب کرتا ہے۔

الطفل مبتدا یلھو مضارع معروف واحد مذکر غائب اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ یلعب مضارع معروف واحد مذکر غائب اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کو آہستہ آہستہ مرتبہ کمال تک پہنچانے والا ہے۔

الحمد مبتدا لام جارہ لفظ اللہ اسم جلالت موصوف رب العلمین مضاف ومضاف الیہ مل کر صفت۔ موصوف صفت مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق مستحق شبہ فعل اسم مفعول کے شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

جاء الذی یستحق العطف۔ وہ آیا جو مہربانی کا مستحق ہے۔

جاء ماضی معروف واحد مذکر غائب الذی اسم موصول یستحق مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل العطف مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

نَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰۤاِبْرٰهِيْمُ۔ اور ہم نے آواز دی اے ابراہیم (علیہ السلام)

نادینا ماضی معروف جمع متکلم نا ضمیر مرفوع متصل فاعل ہ ضمیر مفعول بہ بلفظ مفسر مقدر ب جارہ لفظ مفسر ان تفسیریہ یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے اس میں انا ضمیر مستتر فاعل ابراھیم منادی مفعول بہ مبنی بر ضمہ محلا منصوب۔ فعل اپنے فاعل ومنادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر مفسر۔ مفسر ومفسر مل کر ب کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل ومفعول ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ۔

الرجل باذل ای ھو کریم۔ خاص مرد خرچ کرنے والا ہے یعنی وہ سخی ہے۔

الرجل مبتدا باذل شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر مفسر۔ ای حرف تفسیر ھو ضمیر مبتدا کریم شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مفسر۔

ھلا نفسک ھذبتھا۔ تو نے اپنے نفس کو مہذب کیوں نہ کیا۔

Marfat.com

اس کی ترکیب گزر چکی ہے۔

القناعة وفقک الله غنی۔ قناعت (اللہ تعالیٰ تجھے توفیق بخشے) غنیمت ہے۔

القناعة مبتدا وفقک میں وَفَّقَ ماضی معروف واحد مذکر غائب ک ضمیر منصوب متصل مفعول بہ لفظ اللہ اسم جلالت فاعل۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معترضہ۔ غنی خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

ان تجتهد وابیک تنجح۔ اگر تو محنت کرے گا تیرے باپ کی قسم تو کامیاب ہوگا۔

ان شرطیہ لا محل لها فی الاعراب۔ تَجتَهِدْ مضارع معروف مجزوم واحد مذکر مخاطب اس میں انت ضمیر وجوبا مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط واوَ جارہ ابیک مضاف ومضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق اقسم فعل مقدر کے اقسم فعل مضارع معروف اپنے انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر قسم۔ جواب قسم محذوف ہے جو لتنجحن ہے۔ لتنجحن مضارع معروف مؤکد بلام تاکید ونون ثقیلہ اس میں انت ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب قسم۔ تنجح مضارع معروف مجزوم بجواب شرط اس میں انت ضمیر وجوبا مستتر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

واللہ لَأَجْتَهِدَنَّ فی حفظ دروسی۔ اللہ کی قسم میں اپنے اسباق یاد کرنے کی کوشش کروں گا۔

واوَ جارہ للقسم لفظ اللہ اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور متعلق اقسم فعل مقدر کے اقسم فعل اپنے انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر قسم۔ لَأَجْتَهِدَنَّ مضارع معروف مؤکد بلام تاکید ونون ثقیلہ واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل فی جارہ حفظ مصدر مضاف دُرُوس مضاف ی ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ حفظ کا مضاف الیہ۔ مضاف ومضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب قسم۔

نالت ابا الطیب المتنبی علة و هو بمصر۔ ابو الطیب المتنبی کو کسی بیماری نے

Marfat.com

آلیا جبکہ وہ مصر میں تھا۔

نالت ماضی معروف واحد مونث غائب ابا مضاف الطیب مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ (مبدل منہ) متبوع مبین المتنبی (بدل) تابع عطف بیان۔ متبوع مبین و تابع مل کر ذوالحال علة فاعل۔ واؤ حالیہ ھو ضمیر مرفوع منفصل مبتداب جارہ مصر مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابت شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فکان بعض اخوانه یکثر الالمام به۔ اس کا کوئی بھائی بکثرت اس کے پاس آتا تھا۔

ف مستانفہ کان ناقصہ بعض مضاف اخوانه مرکب اضافی بعض کا مضاف الیہ۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر کان کا اسم یکثر مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل الالمام شبہ فعل به جار مجرور متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فلما ابل قطعه۔ جب وہ صحت یاب ہوا تو اس (بھائی) نے اس کے پاس آنا ختم کر دیا۔

مستانفہ لما ظرفیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم اَبَلَ ماضی معروف واحد مذکر اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط قطع ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر جوازاً مستتر فاعل ہ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

فکتب الیه یقول و صلتنی اعزک الله معتلا و قطعتنی مبلا۔

پس متنبی نے اس کی طرف یہ کہتے ہوئے لکھا تو نے مجھ سے (اللہ تعالیٰ تجھے عزت بخشے) بیماری کی حالت میں تعلق جوڑے رکھا اور صحت کی حالت میں تو نے مجھ سے قطع تعلق کر لیا۔

کتب ماضی معروف واحد مذکر غائب اس مین ھو ضمیر مستتر ذوالحال الیه جار مجرور مل کر

Marfat.com

متعلق فعل کے یقول مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل وصلت ماضی معروف واحد مذکر حاضر ت ضمیر مرفوع متصل فاعل نون وقایہ ی ضمیر متکلم ذوالحال اعز ماضی معروف واحد مذکر غائب ک ضمیر منصوب متصل مفعول بہ لفظ اللہ فاعل۔ فعل فاعل مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ معترضہ۔ معتلاً شبہ فعل اسم مفعول اپنے ھو ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال۔ ذوالحال و حال مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ قطعتَ ماضی معروف واحد مذکر حاضر ت مرفوع متصل فاعل نون وقایہ ی ضمیر ذوالحال مبلاً شبہ فعل اسم مفعول اپنے ھو ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ معطوف ومعطوف علیہ مل کر محلا منصوب مفعول بہ۔ یقول اپنے فاعل ومفعول بہ (مقولا) سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فان رأیت الا تکدر الصحة علی و تحبب العلة الی فعلت۔ اگر تو یہ خیال کرتا ہے کہ تو صحت کو مجھ پر مکدر نہ کرے اور میرے لیے بیماری کو پسند نہ کرے تو تُو نے صحیح کیا۔

ف مستانفہ ان شرطیہ رأیت ماضی معروف ت ضمیر مرفوع متصل فاعل ان ناصبہ موصول حرفی لاتکدر مضارع معروف منفی واحد مذکر حاضر اس میں انت ضمیر مستتر فاعل الصحة مفعول بہ عَلَیَّ جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل ومفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ تحبب (1) مضارع معروف اس میں انت ضمیر وجوبا مستتر فاعل العلة مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ اور (اِلَیَّ جار مجرور متعلق فعل کے) متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ و معطوف مل کر ان ناصبہ موصول حرفی

---

1۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ تکدر فعل اپنے فاعل ومفعول و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر ان کا صلہ موصول صلہ مل کر معطوف علیہ اور تحبب سے پہلے ان ناصبہ مقدر نکالیں اور اس کا مابعد جملہ فعلیہ ہو کر اس کا صلہ موصول صلہ مل کر معطوف

Marfat.com

کا صلہ۔ موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط فعلت ماضی معروف واحد مذکر حاضر ت ضمیر متصل فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

قال الاصمعی سمعت اعرابیا یعظ رجلا وھو یقول ان فلانا و ان ضحک الیک فانہ یضحک منہ۔

اصمعی نے کہا کہ میں نے ایک اعرابی کو سنا وہ ایک آدمی کو یہ کہتے ہوئے نصیحت کر رہا تھا بیشک فلاں اگر تجھ پر ہنسا ہے تو اس پر بھی ہنسا جائے گا۔

قال ماضی معروف واحد مذکر غائب الاصمعی فاعل۔ سمعت ماضی معروف واحد متکلم ت ضمیر مرفوع متصل فاعل اعرابیا ذوالحال یعظ فعل مضارع معروف واحد مذکر اس میں ھو ضمیر مستتر ذوالحال رجلاً مفعول بہ واوٗ حالیہ ھو ضمیر مرفوع منفصل مبتدا یقول مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل ان حرف مشبہ بالفعل فلانا ذوالحال واوٗ حالیہ ان وصلیہ ضحک ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل الیک جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر ان کا اسم۔ ف زائدہ یا سببیہ ان حرف مشبہ بالفعل ہ ضمیر اس کا اسم یضحک مضارع مجہول منہ جار مجرور مل کر نائب الفاعل فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر۔ ان کی خبر انَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ۔ جملہ اسمیہ پہلے انَّ کی خبر (مقولہ)۔ یقول فعل اپنے فاعل و مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ محلا منصوب مفعول بہ (مقولہ)۔ قال فعل اپنے فاعل و مفعول بہ (مقولہ) سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

ولئن اظھر الشفقۃ علیک اِنَّ عقاربہ لتسری الیک۔

اور اگر وہ تجھ پر شفقت ظاہر کرے گا تو اس کے بچھو تیری جانب چلیں گے۔

واوٗ مستانفہ لام موطئۃ للقسم ان شرطیہ اَظْھَرَ ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو

Marfat.com

ضمیر مستتر فاعل الشفقة مفعول بہ علیک جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط جس کی جزا ''فإنَّ عقاربه لتسری الیک'' محذوف ہے ان حرف مشبہ بالفعل عقاربہ مضاف و مضاف الیہ مل کر ان کا اسم لام برائے تاکید تسری مضارع معروف واحد مونث غائب اس میں ھی ضمیر مستتر فاعل الیک جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ ان اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جواب قسم جس کی قسم واللہ محذوف ہے۔ واؤ جارہ برائے قسم لفظ اللہ اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور متعلق اقسم فعل مقدر کے۔ فعل اپنے انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر قسم۔

۲۔ فان لم تتخذه عدوا فی علانیتک فلا تجعله صدیقا فی سریرتک۔

اگر تو نے اسے علانیہ دشمن نہیں بنایا تو اسے اپنے راز میں دوست بھی نہ بنا۔

ف مستانفہ ان شرطیہ لم تتخذ مضارع مجزوم بلم واحد مذکر مخاطب اس میں انت ضمیر وجوبًا مستتر فاعل ہ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ اول عدوا مفعول بہ ثانی فی جارہ علانیتک مضاف و مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے (یا عَدُوًّا موصوف فی علانیتک مضاف با مضاف الیہ صفت) فعل اپنے فاعل و مفعولین و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط۔ ف جزائیہ لا تجعل نہی معروف واحد مذکر مخاطب اس میں انت ضمیر وجوبًا مستتر فاعل ہ ضمیر مفعول بہ اول صدیقاً مفعول بہ ثانی فی جارہ سریرتک مضاف با مضاف الیہ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل و مفعولین و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ۔ (صدیقاً موصوف فی سریرتک صفت)

۳۔ فی التانی اداءمک الله سلامة۔ آہستگی میں ''اللہ تجھے دوام بخشے'' سلامتی ہے۔

فی جارہ التانی مجرور جار مجرور متعلق ثابتة شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم اداء م اداء م ماضی معروف واحد مذکر غائب ک ضمیر منصوب متصل مفعول بہ لفظ اللہ اسم جلالت فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر

Marfat.com

جملہ فعلیہ انشائیہ معترضہ۔ سلامة مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم و مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۴۔ ان عملا عملته فاتقنه۔

اگر تو کوئی کام کرے تو اس کو پختہ کر۔ اصل میں ان عملت عملا ہے۔

ان شرطیہ عملت ماضی معروف واحد مذکر حاضر ت ضمیر مرفوع متصل فاعل عملا مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر مفسر عملته۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر مفسر۔ مفسر و مفسر مل کر شرط۔

ف جزائیہ أتقن امر حاضر معروف اس میں انت ضمیر مستتر فاعل ہ ضمیر مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا۔ شرط و جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

۵۔ هذا زمن يفيض النيل۔ یہ زمانہ ہے کہ نیل جاری ہے۔

هذا اسم اشارہ مبتدا زَمَنُ اسم زمان مبہم يُفِيضُ فعل مضارع معروف النِّيلُ اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ محلا مجرور مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

# سبق نمبر 59 کی تراکیب

۱۔أقسم بان الله واحد۔میں قسم اٹھاتا ہوں کہ اللہ ایک ہے۔

اقسم مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل ب جارہ ان حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی لفظ اللہ اسم جلالت اس کا اسم واحد شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ان کا اسم اپنی خبر سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر صلہ۔ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر مجرور۔جار مجرور متعلق فعل کے۔فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۔والله ان الصلوٰة واجبة۔اللہ کی قسم نماز فرض ہے۔

واؤ جارہ برائے قسم لفظ اللہ اسم جلالت مجرور۔جار مجرور متعلق اقسم فعل مقدر کے اقسم فعل اپنے انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر قسم ان حرف مشبہ بالفعل الصلوٰة اس کا اسم واجبة شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ ان اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر جواب قسم۔

۳۔وحقک ان مُحَمَّدًا رسول الله۔

تیرے حق کی قسم بے شک محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔

واؤ جارہ للقسم حق مضاف ک ضمیر مضاف الیہ۔مضاف ومضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق اقسم فعل مقدر کے۔اقسم مضارع معروف واحد متکلم اپنے انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر قسم ان حرف مشبہ بالفعل لفظ مُحَمَّدًا اس کا اسم رسول اللہ مضاف ومضاف الیہ مل کر خبر۔ان اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

واللہ لعلی صادق۔اللہ کی قسم علی سچا ہے۔

واؤ جارہ للقسم لفظ اللہ اسم جلالت مجرور۔جار مجرور متعلق اقسم فعل مقدر کے۔فعل

Marfat.com

اپنے انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر قسم۔ لام مفتوح واقع فی جواب قسم علیٰ مبتدا اصادق شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر جواب قسم۔

واللہ ما علی مُسَافِرًا۔ اللہ کی قسم علی مسافر نہیں ہے۔

واللہ بترکیب سابق جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم مامشابہ بلیس علی اس کا اسم مُسَافِرًا شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مامشابہ بلیس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر جواب قسم۔

وحقک لقد اجتهد التِّلْمِيذُ فی حفظ دروسه۔

تیرے حق کی قسم تحقیق شاگرد نے اپنے اسباق یاد کرنے میں کوشش کی۔

وحقک بترکیب سابق جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم۔ لام مفتوح واقع فی جواب قسم قد حرف تحقیق اِجْتَهَدَ ماضی معروف واحد مذکر غائب التلمیذ اس کا فاعل فی جارہ حفظ مصدر مضاف دروس مضاف الیہ ہ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف ومضاف الیہ مل کر حفظ کا مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم۔

واللہ لنعم خلقا الصدق۔ خدا کی قسم بہتر عادت سچائی ہے۔

واللہ بترکیب سابق جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم لام مفتوح واقع فی جواب قسم نعم فعل مدح اس میں ھو ضمیر مستتر ممیز خلقا تمیز۔ ممیز تمیز مل کر فاعل۔ فعل مدح اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر مقدم الصدق مبتدا موخر۔ خبر مقدم ومبتدا موخر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر جواب قسم۔

واللہ لاساعدن الفقیر۔ قسم بخدا میں ضرور فقیر کی مدد کروں گا۔

واللہ بترکیب سابق جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم لاساعدن مضارع معروف موکد بلام تاکید ونون ثقیلہ واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل الفقیر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب قسم۔

Marfat.com

واللہ ماساعدت الظالم

واللہ بترکیب سابق جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر قسم ماسَاعَدْتُ ماضی معروف منفی واحد متکلم ت ضمیر مرفوع متصل فاعل الظالم مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جواب قسم۔

واللہ لا اساعد الظالم۔ قسم بخدا میں ظالم کی مدد نہیں کرتا۔

واللہ بترکیب سابق جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر قسم لا اساعد مضارع معروف منفی اس میں انا ضمیر وجوباً مستتر فاعل الظالم مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے جملہ فعلیہ ہوکر جواب قسم۔

لن اساعدہ۔ میں ہرگز اس کی مدد نہیں کروں گا۔

لن ناصبہ اساعد مضارع معروف اپنے انا ضمیر وجوباً مستتر فاعل ہ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جواب قسم۔

اللہ واحد واللہ۔ اللہ کی قسم اللہ یکتا ہے۔

